لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان
www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com
جلد: 19 | ہفتہ 26 ستمبر 2026ء 1448ھ 13 ربیع الثانی 12 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 244

بسم اللہ الرحمن الرحیم

206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے ○ (سورۃ البقرہ)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا صوبہ بھر میں بہترین کام کرنے والے ہر ماہ دو ہسپتال آف دی منتھ اعزاز دینے کا اعلان

پنجاب میں 300 مریم نواز ہاسپٹل (رورل ہیلتھ سنٹر) کو مکمل ہسپتالوں میں بدلیں گے، 911 کلینک آن ویل میں 3 کروڑ مریض مستفید، کلینک آن ویل کے لئے پہلی مرتبہ ڈیجیٹل میڈیکل باکس متعارف کرانے کا فیصلہ

ای سی جی، سی بی سی، الٹرا ساؤنڈ، بلڈ شوگر ایک ہی مشین سے ہوگی، ہسپتالوں میں 40 ہزار سے زائد ڈاکٹرز اور الائیڈ ہیلتھ سٹاف کی بھرتی 2524 ڈاکٹرز 2482 ویمن میڈیکل آفیسر 408 کنسلٹنٹ، 32 کارڈیالوجسٹ آ گئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے کلینک آن ویل پراجیکٹ نے تاریخ رقم کردی۔ مختصر مدت میں صرف 911 کلینک آن ویل میں 3 کروڑ مریض مستفید ہوئے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے زیر صدارت ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں پنجاب میں 300 مریم نواز ہاسپٹل (رورل ہیلتھ سنٹر) کو مکمل ہسپتالوں میں بدلنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں پنجاب میں پہلی مرتبہ کلینک آن ویل کے لئے ڈیجیٹل میڈیکل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

اقوام متحدہ کا عالمی امن کیلئے پاکستان کی خدمات اور قربانیوں کا اعتراف

شہباز شریف انتونیو گوتریس ملاقات، سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کا دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عالمی امن کے لیے پاکستان کی خدمات اور قربانیوں کو خراج تحسین

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیراعظم نے کثیر الجہتی نظام کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے عالمی امن و ترقی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

پاکستان کو مضبوط اور مستحکم بنانے کے لیے نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہے، مصطفیٰ کمال

موجودہ انتظامی ڈھانچے کے باعث اختیارات اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کا مسئلہ برقرار ہے، ملک میں نئے انتظامی یونٹس اور صوبوں کے قیام پر سنجیدہ بحث ہونی چاہیے

کراچی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان کو مضبوط اور مستحکم بنانے کے لیے نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہے، موجودہ انتظامی ڈھانچے کے باعث اختیارات اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کا مسئلہ برقرار ہے۔ ایک بیان میں مصطفیٰ کمال نے کہا کہ وفاق این ایف سی ایوارڈ کے تحت صوبوں کو رقوم فراہم کرتا ہے، موجودہ بجٹ میں 8 ہزار 884 ارب روپے صوبوں کو منتقل کیے گئے ہیں، تاہم اس کے باوجود عوام کو بنیادی سہولیات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

نیویارک: نیویارک میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی ملاقات کرتے ہوئے

پاکستان امریکا بزنس کونسل اور بزنس کونسل فار انٹرنیشنل انڈر اسٹینڈنگ اسلام آباد و واشنگٹن کے درمیان بہترین پل ہیں، پاکستان امریکا تعلقات گزشتہ ایک سال کے دوران بہت بہتر ہوئے ہیں

خلیج کا بحران ہمارے لئے مشکل مرحلہ ہے، وزیراعظم

دوست اور برادر ممالک کے تعاون سے خطے میں طویل مدتی امن حاصل کرنے کی امید ہے، خطے میں طویل مدتی امن، کاروبار اور سرمایہ کاری کیلئے انتہائی اہم ہے، پاکستان میں بڑے پیمانے پر ساختی اور پالیسی سطح کی اصلاحات کی جا رہی ہیں

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، خلیج کا بحران ہمارے لیے مشکل مرحلہ ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے نیویارک میں امریکا کی بزنس کونسل فار انٹرنیشنل انڈر اسٹینڈنگ اور امریکا پاکستان بزنس کونسل کے وفد نے ملاقات کی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، فائنانس، مشروبات، مینوفیکچرنگ، ادویات، آرگینک پراڈکٹس اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی کاروباری شخصیات وفد میں شریک تھیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کی کاروبار و سرمایہ کاری دوست پالیسیوں اور حکومت کے مختلف شعبوں کی ترقی کیلئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

اہم خبریں

نائب وزیراعظم کی بحرین کے وزیر خارجہ سے ملاقات، دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

نیویارک (اے ایف پی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر بحرین کے وزیر خارجہ معالی ڈا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

کینیڈا میں پاکستانی ہائی کمشنر کی پاکستان کی یونیورسٹیوں برائے انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے سابق طلباء سے نشست، ٹیکنالوجی کے شعبوں بارے گفتگو

اوٹاوا (مانیٹرنگ ڈیسک) کینیڈا میں پاکستان کے ہائی کمشنر محمد سلیم نے گزشتہ روز اوٹاوا میں مقیم انجینئرنگ کے پیشہ ور افراد اور پاکستان کی یونیورسٹیوں برائے انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

#COP31 BRIDGE
نیویارک: وزیرخزانہ محمد اورنگزیب کلائمیٹ امپلیمنٹیشن برج سے متعلق تقریب سے خطاب

پی ٹی آئی کا لانگ مارچ 5 اکتوبر تک ملتوی کرنے کا فیصلہ، شوکت یوسف زئی کی تردید

پی ٹی آئی مارچ کیلئے مکمل تیار ہے، لانگ مارچ پرامن ہوگا اور اس میں سرکاری وسائل استعمال نہیں کیے جائیں گے، شوکت یوسفزئی

اسلام آباد / پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف نے لانگ مارچ 5 اکتوبر تک مؤخر کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ پشاور میں پی ٹی آئی کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی امور کا اجلاس؛ اہم قانونی و ریگولیٹری ترامیم کی منظوری

کمیٹی نے ڈرگز (ریسرچ) رولز 1978 میں مجوزہ ترمیم کی بھی منظوری دے دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی امور کے اجلاس میں اہم قانونی و ریگولیٹری ترامیم کی منظوری دے دی گئی۔ وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

وزیر خزانہ: موسمیاتی اہداف کے موثر نفاذ کیلئے مضبوط پالیسی فریم ورک ضروری ہے

موسمیاتی اہداف کے موثر نفاذ کے لیے مضبوط پالیسی فریم ورک ضروری ہے، موسمیاتی منصوبوں کے لیے مالی وسائل تک رسائی اور ملکی استعداد بھی ضروری ہے، محمد اورنگزیب

2022 کے سیلاب کے بعد بعض عالمی مالی وسائل منصوبوں کی کمی سے استعمال نہ ہو سکے، موسمیاتی وعدوں کو عوام اور کمیونٹیز کیلئے ٹھوس نتائج میں تبدیل کرنا ہوگا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ 2022 کے سیلاب کے بعد بعض عالمی مالی وسائل منصوبوں کی کمی سے استعمال نہ ہو سکے۔ وزیر خزانہ نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

چمن سیکٹر پر افغان جارحیت اور دراندازی کی کوشش ناکام، متعدد طالبان ہلاک

پاکستان میں مارے گئے 260 افغان دہشتگردوں کی نام، پتے اور خاندانی تفصیلات کے ساتھ شناخت ہو چکی ہے جبکہ غیر شناخت شدہ اور فعال دہشتگرد اس اعداد و شمار میں شامل نہیں ہیں

افغان طالبان نے چھوڑا گیا امریکی و نیٹو اسلحہ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کو فراہم کیا، امریکی ساختہ M-4 رائفلیں، Remington سنائپر رائفلیں اور نائٹ وژن ڈیوائسز اب دہشتگردوں کے زیر استعمال ہیں، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) افغانستان کی طالبان رجیم تمام شواہد کے باوجود دہشت گردوں کی سرپرستی سے مسلسل انکار کر رہی ہے جس کے باعث دہشت گرد گروہ پاکستان میں مسلسل در (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

ملک بھر میں 25 تا 30 ستمبر بارشوں کا الرٹ

شہری علاقوں میں اربن فلڈنگ، پہاڑی ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر (این ای او سی) نے 25 سے 30 ستمبر کے دوران ملک کے بالائی و وسطی علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارشوں اور ممکنہ سیلابی خطرات کے پیش نظر ہائی الرٹ جاری کر دیا ہے۔ این ای او سی کے مطابق مغربی ہواؤں کا نیا موسمیاتی سلسلہ بالائی علاقوں میں داخل ہو چکا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

باکو: وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سے آذربائیجان کے وزیر ملاقات کرتے ہوئے

ایف آئی اے اسلام آباد میں بیضابطگیوں پر 9 ملازمین برخاست، 8 کی تنزلی، ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون نے بہتر کارکردگی پر 3 افسران کو تعریفی سرٹیفکیٹ دیئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) اسلام آباد میں بیضابطگیوں پر 75 ملازمین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد احتجاج، پنجاب حکومت نے وفاق کو 19 ہزار نفری دینے سے معذرت کرلی، ساڑھے بارہ ہزار نفری ملے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد احتجاج کے معاملے پر پنجاب حکومت نے وفاق کو 19 ہزار نفری دینے سے معذرت کرلی، تاہم ساڑھے 12 ہزار نفری دینے کی حامی بھرلی ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

نیویارک: وزیراعظم شہباز شریف سے پرنس رحیم آغا خان ملاقات کرتے ہوئے

وزیراعظم کی پرنس رحیم آغا خان سے ملاقات، ترقی کے مشترکہ مقاصد کیلئے قریبی تعاون جاری رکھنے پر سراہا، پرنس رحیم آغا خان کا پاکستان اور اے کے ڈی این کے درمیان دیرینہ شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کا عزم کا اظہار

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے پرنس رحیم آغا خان سے ملاقات کی جس میں ترقی کے مشترکہ مقاصد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

شہباز شریف انتونیو گوتریس ملاقات، افغان سرزمین سے ہونیوالی دہشتگردی میں اضافے پر تبادلہ خیال

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

آئی ایف سی اور عالمی بینک کا پاکستان کے اہم ترقیاتی شعبوں میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

حکومت لوگوں کو اپنے گھر تعمیر کرنے اور رہائشی سہولیات تک بہتر رسائی فراہم کرنے کے لیے کام کر رہی ہے، وفاقی وزیر احد چیمہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی) کے ڈویژن ڈائریکٹر سائمن اینڈریوز نے عالمی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر بولورما امگابازار کے ہمراہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے اقتصادی احد چیمہ سے ورلڈ کے ڈائریکٹر ملاقات کرتے ہوئے

تمام شواہد کے باوجود طالبان رجیم کا دہشت گردوں کی سرپرستی سے مسلسل انکار

پاکستان میں مارے گئے 260 افغان دہشتگردوں کی نام، پتے و خاندانی تفصیلات کیساتھ شناخت ہو چکی

پشاور (بیورو رپورٹ) افغان طالبان رجیم تمام شواہد کے باوجود دہشت گردوں کی سرپرستی سے مسلسل انکار کر رہی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق پاکستان میں مارے گئے 260 افغان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

آسان ٹیکس سکیم دکانداروں کے لیے منفرد سکیم ہے جو کسی اور کاروباری طبقے کو میسر نہیں، وزیر مملکت

بلال اظہر کیانی کی آسان ٹیکس سکیم پر عملدرآمد سے متعلق دکانداروں اور وکلا کے تکنیکی اعتراضات فوری دور کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے آسان ٹیکس سکیم پر عملدرآمد سے متعلق دکانداروں اور وکلا کے ٹیکنیکل اعتراضات فوری طور پر دور کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ آسان ٹیکس سکیم دکانداروں کے لیے منفرد سکیم ہے جو کسی اور کاروباری طبقے کو میسر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے میں مزید اسلامی ممالک کی شمولیت کا امکان موجود، خواجہ آصف

متعدد اسلامی ممالک مکہ معاہدے کا حصہ بننے میں دلچسپی رکھتے ہیں تاہم کسی ملک کی رکنیت کے بارے میں فیصلہ تینوں موجودہ رکن ممالک باہمی مشاورت سے کریں گے

پی ٹی آئی والے اسلام آباد کو سومنات سے تشبیہ دے رہے ہیں، کیا ان کے بھی عزائم وہی ہیں؟، وزیر دفاع کا انٹرویو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے میں مزید اسلامی ممالک کی شمولیت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

حوثی حملے، سعودیہ، ترکیہ اور پاکستان کے عسکری حکام کا ہنگامی اجلاس طلب

تینوں وزرائے خارجہ کی مکہ مکرمہ اور سعودی عرب کی شہری و اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی بھی شدید مذمت

تینوں ممالک کے اعلی فوجی حکام مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کی مدد کے طریقوں پر تبادلہ خیال کریں گے، سعودی وزارت خارجہ

ریاض / نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب پر حوثی حملوں کے بعد مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کی مدد کا طریقہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

وزیراعظم پٹرول ریلیف سکیم، 47 لاکھ مستحق افراد کو رعایتی پٹرول کی فراہمی، 58 لاکھ سے زائد رجسٹریشن

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے وزیراعظم پٹرول ریلیف سکیم کے تازہ ترین اعداد و شمار جاری کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اب تک ملک بھر میں 58 لاکھ سے زائد افراد کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

کلائمیٹ امپلیمنٹیشن برج میں وزیر خزانہ کا موسمیاتی اہداف کو عوام کے لیے عملی نتائج میں ڈھالنے پر زور

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے نیویارک میں کلائمیٹ امپلیمنٹیشن برج کے حوالے سے منعقدہ اعلیٰ سطحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

پی ٹی آئی کی لانگ مارچ ملتوی کرنے کی تجویز، اچکزئی کا صاف انکار

27 ستمبر کا مارچ مؤخر نہیں ہوگا اپنے موقف پر قائم ہیں، اچکزئی، پی ٹی آئی قیادت کی اچکزئی کو منانے کی کوششیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی قیادت نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کو لانگ مارچ اکتوبر تک ملتوی کرنے کی تجویز پیش کردی تاہم اچکزئی نے اسے ملتوی کرنے سے انکار کردیا اور کہا ہے کہ وہ موقف پر قائم ہیں مارچ ملتوی نہیں ہوگا۔ پی ٹی آئی قیادت نے قومی اسمبلی کے قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی سے رابطہ کیا اور پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں پیش کی گئی تجاویز سے انہیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

اسحاق ڈار کا سعودی و ترک وزرائے خارجہ سے دفاعی معاہدے پر پیشرفت کا جائزہ

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

ڈیجیٹل میڈیا کے اس دور میں بھی اخبارات افادیت مسلمہ ہے، سپیکر قومی اسمبلی

مستند خبروں، جامع تجزیوں اور سنجیدہ معلومات کے لیے اخبارات ہی مستند ذریعہ ہیں

اخبارات اپنی ادارتی ذمہ داری اور تصدیق شدہ معلومات کے ذریعے عوام کو مستند خبریں فراہم کرتے ہیں

اسلام آباد (عباس ملک سے) اخبار بینی کے عالمی دن پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا پیغام۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل میڈیا کے اس دور میں بھی اخبارات افادیت مسلمہ ہے۔ مستند خبروں، جامع تجزیوں اور سنجیدہ معلومات کے لیے اخبارات ہی مستند ذریعہ ہیں۔ اخبارات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

اسحاق ڈار کی جنرل اسمبلی کے صدر ڈاکٹر خلیل الرحمن سے ملاقات، منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

وفاقی وزیر اسحاق ڈار کی سنگاپور کے وزیر خارجہ سے ملاقات

علاقائی چیلنجز سے نمٹنے کے لئے سفارت کاری کو فروغ دینے کی پاکستان کی کوششوں کو سراہا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالا کرشنان سے ملاقات کی۔ جمعہ کو ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق دونوں فریقین نے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور باہمی مفاد کے متنوع شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

وزیراعظم شہباز شریف سے لبنانی وزیراعظم کی ملاقات

مشرق وسطی اور خطے کی مجموعی صورتحال میں ہونے والی پیش رفت پر گفتگو

وزیراعظم کا لبنان کی خودمختاری، سیاسی آزادی، اتحاد اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی مستقل حمایت کا اعادہ

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے لبنان کی خودمختاری، سیاسی آزادی، اتحاد اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی مستقل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے فوری طور پر مخاصمت کے خاتمے، جنگ بندی کے انتظامات کی سختی سے پاسداری، مقبوضہ لبنانی علاقوں سے اسرائیلی افواج کے مکمل انخلا اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر مکمل عملدرآمد پر زور دیا ہے۔ وزیراعظم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

اسحاق ڈار کی انٹیگوا اینڈ باربوڈا کے وزیر خارجہ سے ملاقات، دوطرفہ روابط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے انٹیگوا اینڈ باربوڈا کے وزیر خارجہ ای پی چیٹ گرین سے ملاقات کی جس دوران دوطرفہ روابط کو مزید مضبوط بنانے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

پی ٹی آئی والے بزدل لوگ ہیں اسی لیے دھرنا دینے سے بھاگ گئے، وزیر اطلاعات

ان کی لانگ مارچ کی کوئی تیاری ہی نہیں تھی، سہیل آفریدی وزیراعلی کم اور ٹی ٹی پی کے کمانڈر زیادہ لگتے ہیں

تحریک انصاف نے کبھی سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار نہیں کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والے بزدل لوگ ہیں اسی لیے دھرنا دینے سے بھاگ گئے ان کی کوئی تیاری نہیں۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال سب کے سامنے ہے، صوبائی حکومت نہ صرف حالات سے لاعلم ہے بلکہ امن وامان کو برقرار رکھنے کے حوالے سے اقدامات لینے سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

وزیر مواصلات کی باکو میں منعقدہ آذربائیجان انٹرنیشنل انویسٹمنٹ فورم کے اعلیٰ سطحی پینل ڈسکشن میں شرکت

باکو (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے باکو میں منعقدہ آذربائیجان انٹرنیشنل انویسٹمنٹ فورم کے ایک اعلیٰ سطحی پینل ڈسکشن میں شرکت کی اور علاقائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

تحریک انصاف کے لانگ مارچ سے پہلے اسلام آباد کنٹینرز سے سیل کر دیا گیا

راولپنڈی کے اضلاع اٹک، جہلم، چکوال اور میانوالی میں رینجرز تعینات کر دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی دارالحکومت کے داخلی راستوں پر ٹریفک کے مسائل شروع ہو گئے، موٹروے ایم ون ٹول پلازا پر کنٹینر لگا دیے گئے، ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند کر دیا گیا ہے۔ ٹریفک کو جی ٹی روڈ کی طرف منتقل کر دیا گیا، ایم ون کے ریسٹ ایریاز بھی بند کر دیے گئے، چھبیس نمبر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

جنید انوار چوہدری کی خوردنی تیل صنعت کو پورٹ قاسم میں صنعتی سٹی قائم کرنے کی پیشکش

حکومت مجوزہ صنعتی زون کے قیام میں صنعت کو ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی، محمد جنید انوار

پورٹ قاسم پر ضروری بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائیگی، وفاقی وزیر بحری امور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے خوردنی تیل کے صنعتکاروں کو پورٹ قاسم اتھارٹی کے اشتراک سے بندرگاہ پر خوردنی تیل کا صنعتی سٹی قائم کرنے کی پیشکش کی ہے۔ پاکستان وناسپتی مینوفیکچرنگ ایسوسی ایشن (پی وی ایم اے) ہاؤس کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

نیویارک: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے نیویارک میں امریکا کی بزنس کونسل فار انٹرنیشنل انڈر اسٹینڈنگ اور امریکا پاکستان بزنس کونسل کے وفود ملاقات کرتے ہوئے

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کی زیرصدارت زیرتعمیر سبزی وفروٹ منڈی میں بجلی کی فراہمی اور دیگر ضروری انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد

زیرتعمیر سبزی وفروٹ منڈی میں بجلی کی فراہمی کے لیے تمام ضروری اقدامات بروقت مکمل کیے جائیں۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیرصدارت زیرتعمیر سبزی و فروٹ منڈی میں بجلی کی فراہمی اور دیگر ضروری انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد خالد، ڈسٹرکٹ پلاننگ آفیسر جاوید انور گوندل، ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو احمد نواز، ایکسین آپریشن میپکو ناصر محمود، ڈپٹی پلاننگ آفیسر محمد ریحان عادل اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں زیرتعمیر سبزی و فروٹ منڈی کو بجلی کی فراہمی کے لیے الیکٹریکل پلان اور جاری کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے مختلف آپریشن سرکلوں میں بجلی چوری اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری

ملتان (سی ایم لنکس) ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے مختلف آپریشن سرکلوں میں بجلی چوری اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ سپرینٹنڈنگ انجینئر آپریشن رحیم یار خان سرکل انجینئر عبدالحفیظ بھٹی کی ہدایت پر جمال دین والی سب ڈویژن صادق آباد میں زرعی نادہندہ ٹیوب ویل صارفین کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے لاکھوں روپے کے واجبات کی عدم ادائیگی پر متعدد کنکشنز منقطع کرکے زرعی ٹرانسفارمرز اتار لئے گئے۔ جمال دین والی سب ڈویژن صادق آباد کی ٹیم نے زرعی نادہندگان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 12لاکھ 44ہزار روپے کے واجبات کی عدم ادائیگی پر 4نادہندہ کاشتکاروں کی بجلی منقطع کرکے زرعی ٹرانسفارمرز، میٹرز اور تاریں اُتار لیں۔ ایگزیکٹو انجینئر آپریشن میپکو ماڈل ٹاؤن ڈویژن عامر رشید بابر کی سربراہی میں سرکل سرویلنس ٹیم بہاولپور نے خانقاہ سب (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

اوکاڑہ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیرنگرانی نجی رائس مل میں آگاہی ٹریننگ ورکشاپ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ+ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیرنگرانی نجی رائس مل میں آگاہی ٹریننگ ورکشاپ، اس دوران رائس مل کے 20 سے زائد ملازمین اور اسٹاف ممبران کو ممکنہ ہنگامی صورتحال، آتشزدگی سے بچاؤ، حفاظتی تدابیر اور آگ بجھانے والے آلات کے صحیح استعمال کے حوالے سے تفصیل سے آگاہ کیا گیا اور عملی مشقیں کروائی گئیں۔ اس موقع پر سول ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم نے فیکٹری و مل ملازمین کو ہنگامی اخراج، ابتدائی طبی امداد اور آگ کے ابتدائی درجے پر قابو پانے کے تکنیکی طریقے سکھائے۔ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر نے کہا کہ صنعتی یونٹوں اور رائس ملز میں آگ لگنے کے واقعات کے پیش نظر ملازمین کی بروقت تربیت انتہائی ضروری ہے۔ محکمہ سول ڈیفنس کا بنیادی مقصد ہنگامی حالات میں قیمتی انسانی جانوں اور مالی اثاثوں کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ نجی رائس مل میں 20 ملازمین کی تربیت اسی سلسلہ عمل کی ایک اہم کڑی ہے تاکہ کسی بھی ناگہانی آفت کی صورت میں فیکٹری کا اپنا عملہ ابتدائی ردِعمل کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 10)

الحمدللہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کامیاب سفارتکاری کے ثمرات ملنا شروع ہوگئے، لالہ احسان اللہ انصاری

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما لالہ احسان اللہ انصاری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ الحمدللہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کامیاب سفارتکاری کے ثمرات ملنا شروع ہوگئے، داخلی وخارجی انتشار کسی صورت بھی قبول نہیں کیا جائے گا عسکری قیادت کے خلاف ہرزہ سرائی کرنیوالوں کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی پنجاب میں دال نہیں گلے گی تحریک انصاف کے 27 ستمبر مارچ ڈرامے کو قوم نے مسترد کردیا، کرپٹ عناصر، بدمعاشوں وقبضہ مافیا کی اب صفائی ہوگی، قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کسی بھی قربانی سے دریغ نہ کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ پوری قوم سپہ سالار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور اداروں کیساتھ ساتھ ڈٹ کر کھڑی ہے جب بھی آواز دیں گے یک زبان لبیک کہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں انارکی، بدمعاشی انتشار پھیلانے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 27)

پی ٹی آئی انتشاری سیاست کو پنجاب کی عوام نے مسترد کردیا، ناکام احتجاجی کال اس کا واضح ثبوت ہے: میاں ذیشان رفیق

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے ایک بار پھر احتجاج اور انتشار کی سیاست کو ہوا دینے کی کوشش کی، تاہم لاہور، سیالکوٹ اور وزیرآباد میں ہونے والے ناکام احتجاجی مظاہروں نے واضح کردیا ہے کہ عوام نے اس طرزِ سیاست کو مسترد کردیا ہے۔ خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ کی جانب سے دی جانے والی احتجاجی کال پر عوام کی عدم پذیرائی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام اب انتشار کے بجائے ترقی، استحکام اور خدمت کی سیاست کو ترجیح دیتے ہیں ڈسکہ میں میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر بلدیات نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ جب عوام کسی سیاسی قیادت کے ساتھ کھڑے ہوں تو بڑے سے بڑا چیلنج بھی راستہ نہیں روک سکتا۔ انہوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

ڈاکٹر سبین جاوید ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ، سافٹ ویئر انجینئرنگ کی زیرنگرانی "سافٹ ویئر انجینئرنگ ٹیک فیسٹ 2026" کا انعقاد کیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) یونیورسٹی آف سیالکوٹ میں شعبہ سافٹ ویئر انجینئرنگ کے زیراہتمام اور ڈاکٹر سبین جاوید ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ، سافٹ ویئر انجینئرنگ کی زیرنگرانی "سافٹ ویئر انجینئرنگ ٹیک فیسٹ 2026" کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ڈاکٹر لیاقت اللہ ایئر وائس مارشل بانی چیف پروجیکٹ ڈائریکٹر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر نیشنل ایرواسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک، مس آمنہ جاوید ایگزیکٹو ڈائریکٹر، سائبر کوزہ انٹرنیشنل، اور نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک، علی نواب مینیجنگ کنسلٹنٹ، سیلز فورس، سسٹمز لمیٹڈ، قاسم اعوان سینئر کنسلٹنٹ، سسٹمز لمیٹڈ کے ساتھ ساتھ فیکلٹی ممبران اور طلبا وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد خلیق الرحمٰن وائس چانسلر یونیورسٹی آف سیالکوٹ کی جانب سے آنے والی تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا گیا۔ ڈاکٹر لیاقت اللہ کا کہنا تھا کہ آج سافٹ ویئر انجینئرنگ ٹیک فیسٹ 2026 میں آپ کے درمیان موجود ہوکر مجھے بے حد خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ یہ تقریب نہ صرف علم وٹیکنالوجی کے فروغ کی علامت ہے بلکہ پاکستان کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے کا ایک شاندار (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری مستقبل میں پاکستان کے وزیراعظم بنیں گے، بیرسٹر میاں نسیم محمود ہوتیانہ ایڈووکیٹ

پاکپتن (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری وقومی اسمبلی کے ٹکٹ ہولڈر بیرسٹر میاں نسیم محمود ہوتیانہ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری مستقبل میں پاکستان کے وزیراعظم بنیں گے ملک کے مسائل کے حل کی چابی بلاول بھٹوزرداری کے پاس ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی وفاق کی علامت ہے آج بھی پیپلز پارٹی پاکستان کے تمام صوبوں اور وفاق میں مضبوط ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہیدوں کی جماعت ہے پوری پیپلز پارٹی ملک وقوم پر قربان ہوگئی انشاء اللہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

چوری کی مختلف وارداتوں میں شہری مال وزر سے محروم

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) چوری کی مختلف وارداتوں میں شہری مال وزر سے محروم ہوگئے۔ گذشتہ رات ڈیرہ امیر افضل میں حامد یار کی دُکان سے نامعلوم چور چالیس ہزار روپے، بیٹری، پنکھا و دیگر سامان چوری کرکے لے گئے۔ جبکہ اقبال غلہ منڈی سے شاہد فاروق کا قیمتی سامان چوری کرلیا گیا۔ پولیس نے مقدمات درج کرلیے ہیں۔

تین مسلح ڈاکوؤں نے میڈیکل اسٹور مالک کو لوٹ لیا

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) تین مسلح ڈاکوؤں نے میڈیکل اسٹور مالک کو لوٹ لیا۔ گذشتہ رات ڈیرہ امیر افضل کا مبشر وارث اپنا میڈیکل اسٹور بند کرکے گھر جارہا تھا کہ راستے میں موٹر سائیکل تین ڈاکو اُس سے تیس ہزار روپے اور موبائل (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

ستھرا پنجاب اور واسا کی ناقص حکمت عملی، سیوریج سسٹم بند

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ستھرا پنجاب اور واسا کی ناقص حکمت عملی، سیوریج سسٹم بند ہونے سے مسلم بازار، باڑہ مارکیٹ میں سیوریج کا گندا پانی گلی اور بازار میں کھڑا، خواتین اور بچوں کو گزرنے میں مشکلات کا سامنا، مسلم بازار باڑہ مارکیٹ کے ساتھ ڈار مارکیٹ کے باہر نالیوں کا گندہ پانی روزانہ گزرنے والی عورتوں بچوں بزرگوں کے لیئے وبال (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

جائیداد کے تنازعہ پر دو بھائیوں میں جھگڑا، بھائی کہ بیٹوں نے اینٹیں مار کر چچی کو قتل اور چچا کو شدید زخمی کردیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ تھانہ صدر کی حدود میں جائیداد کے تنازعہ پر دو بھائیوں میں جھگڑا۔ جھگڑے میں بھتیجے کود پڑے، بڑے بھائی کہ بیٹوں نے اینٹیں مار کر چچی کو قتل اور چچا کو شدید زخمی کردیا۔ اوکاڑہ ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ اوکاڑہ قتل ہونے والی خاتون کی شناخت میوش بی بی جبکہ زخمی کی شناخت احمد کمال کے نام سے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 8)

لیبیا میں نوجوان اغوا کاروں کے تشدد سے جاں بحق

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) لیبیا میں نوجوان اغوا کاروں کے تشدد سے جاں بحق۔ سمبڑیال کے نوجوان کا اٹلی پہنچنے کا خواب نوجوان کو موت کے منہ میں لے گیا 22 سالہ نوجوان لیبیا میں اغوا کاروں کے تشدد سے جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق سمبڑیال کے نواحی گاؤں ساہیانوالہ کا 22 سالہ نوجوان ارسلان آنکھوں میں مستقبل کے سنہرے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 9)

ڈسکہ وگردونواح میں پٹرول پمپ پر سستا پٹرول ملنا محال، سگنل پرابلم، عملہ غائب، پٹرول پمپ ملازمین کبھی صبح، کبھی شام آنے کا کہہ کر شہریوں کو خوار کرنے لگے

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ وگردونواح میں پٹرول پمپ پر سستا پٹرول ملنا محال، سگنل پرابلم، عملہ غائب، پٹرول پمپ ملازمین کبھی صبح، کبھی شام آنے کا کہہ کر شہریوں کو خوار کرنے لگے، اعلی حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ، روزانہ کی بنیاد پر پٹرولیم مصنوعات میں اضافہ اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے حوالے سے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی جانب سے شہریوں کو 100 روپے فی لٹر سبسڈی دی گئی تھی مگر ڈسکہ میں قائم پٹرول پمپ مالکان نے حکومتی احکامات ہوا میں اڑاتے ہوئے شہریوں کیلئے سستا پٹرول کا حصول خواب بنادیا جس پر شہری سراپا احتجاج ہیں۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ سستے پٹرول کے نام پر شہریوں کو ذلیل وخوار کیا جارہا ہے پٹرول پمپ ملازمین کبھی سگنل نہ آنے اور کبھی متعلقہ افراد کی غیر موجودگی اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

یوتھ اتحاد گروپ رائیونڈ کی سیاسی سرگرمیوں میں تیزی، اہم شخصیات اور دھڑوں کی حمایت حاصل کرنے میں کامیابی

رائیونڈ (نمائندہ خصوصی) ٹیم ملک احسن افضل کھوکھر یوتھ اتحاد گروپ کی سیاسی سرگرمیوں میں تیزی آگئی، سابق چیئرمین میاں شیخ عبدالغفار اور ان کے صاحبزادوں نے ملک احسن افضل کھوکھر یوتھ اتحاد گروپ کی مکمل حمایت کا باقاعدہ اعلان کردیا، تفصیلات کے مطابق ایم این اے ملک محمد افضل کھوکھر کے صاحبزادے ملک احسن افضل کھوکھر نے سابق چیئرمین میاں شیخ عبدالغفار کی رہائش گاہ پر پہنچ کر ان سے ملاقات کی۔ ملک احسن افضل کھوکھر نے میاں شیخ عبدالغفار کی عیادت کی، ان کی خیریت دریافت کی اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے انہیں پھولوں کا گلدستہ بھی پیش کیا، ملاقات کے دوران علاقے کی سیاسی وسماجی صورتحال سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر سابق چیئرمین میاں شیخ عبدالغفار کے صاحبزادوں نے ٹیم ملک احسن افضل کھوکھر یوتھ اتحاد گروپ کی مکمل حمایت کا باقاعدہ اعلان کیا، اس موقع پر سرپرست یوتھ اتحاد گروپ محمد ثاقب بھٹی اور صدر یوتھ اتحاد گروپ وامیدوار برائے چیئرمین شیخ اعجاز مجید نے حمایت کے اعلان پر میاں شیخ عبدالغفار اور ان کے صاحبزادوں کا شکریہ ادا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

ملکی ترقی میں نوجوانوں کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے، پاسٹر نوبل سیموئیل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سوشل ہارمونی اینڈ ڈویلپمنٹ ارگنائزیشن یو کے تنظیم کے بانی پاسٹر نوبل سیموئیل نے کہا ہے کہ ملکی ترقی میں نوجوانوں کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے اگر نوجوان اپنی صلاحیتوں تعلیم، ہنر اور توانائی کو مثبت سمت میں استعمال کریں تو ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوشل ہارمونی اینڈ ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن یو کے کے زیراہتمام نیشن بلڈنگ اینڈ کرسچن ڈویلپمنٹ سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں مذہبی رہنماؤں سماجی شخصیات، مسیحی رہنماؤں اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی پاسٹر نوبل سیموئیل نے کہا کہ بالخصوص مسیحی نوجوانوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

دی ارقم سکول علی کیمپس نول پلاٹ کا راوی پریس کلب کے وفد کا دورہ، تعلیمی ودینی تربیت پر خصوصی توجہ

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) دی ارقم سکول علی کیمپس نول پلاٹ کا راوی پریس کلب کے وفد کا دورہ، تعلیمی ودینی تربیت پر خصوصی توجہ نول پلاٹ صدر راوی پریس کلب رائے خالد سرور ایڈووکیٹ نے ممبران راوی پریس کلب کے ہمراہ دی ارقم سکول علی کیمپس نول پلاٹ کا دورہ کیا اور ڈائریکٹر دی ارقم سکول رائے اسلم سلطان سے خصوصی ملاقات کی۔ اس موقع پر تعلیمی امور، طلبہ کی تربیت اور ادارے کی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی ڈائریکٹر دی ارقم سکول رائے اسلم سلطان نے راوی پریس کلب کے وفد کو ادارے کے تعلیمی نظام اور مختلف شعبہ جات کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ہمارا ادارہ سکول ایجوکیشن کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم پر بھی خصوصی توجہ دیتا ہے، تاکہ طلبہ جدید تعلیم کے حصول کے ساتھ ساتھ دینی اقدار سے بھی روشناس ہوں اور مستقبل میں باشعور اور ذمہ دار مسلمان بن سکیں رائے اسلم سلطان نے مزید کہا کہ دی ارقم سکول علی کیمپس نول پلاٹ بہتر سے بہترین کی طرف گامزن ہے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 11)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹر وے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو سی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی/بلڈ بینک	35417440

کمشنر ساہیوال سے وائس چانسلر گنج شکر یونیورسٹی پاکپتن کی ملاقات، افتتاحی تقریب میں شرکت کی دعوت

کمشنر ساہیوال سے وائس چانسلر گنج شکر یونیورسٹی پاکپتن کی ملاقات، افتتاحی تقریب میں شرکت کی دعوت

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل سے وائس چانسلر گنج شکر یونیورسٹی پاکپتن پروفیسر ڈاکٹر اعجاز احمد قریشی نے ملاقات کی۔ پروفیسر محمد ایوب آفریدی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور اعلیٰ تعلیم کے فروغ سے متعلق مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اعجاز احمد قریشی نے کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کو یونیورسٹی آف لاہور کے تعاون سے قائم کی گئی گنج شکر یونیورسٹی پاکپتن کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی خصوصی دعوت دی۔ اس موقع پر وائس چانسلر نے یونیورسٹی کے قیام، تعلیمی سرگرمیوں اور مستقبل کے منصوبوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

پنجابی ادب کے امام شیکسپیئر سید وارث شاہ بلند پایہ شاعر تھے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میاں نذیر احمد

پاکپتن (نامہ نگار) پنجابی ادب کے امام شیکسپیئر سید وارث شاہ بلند پایہ شاعر تھے، جنہوں نے اپنی لاثانی تصنیف ہیر رانجھا میں ملکہ ہانس کا انتخاب کر کے پنجابی ادب سے مٹی کو زرخیز کیا، ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میاں نذیر احمد نے سالانہ 228ویں عرس جھنڈیالہ شیر خان کے موقع پر صدر انجمن وارث شاہ میاں ذاکر حسین ہانس اور مشتاق خان ڈھڈی چیئرمین کے ہمراہ وفد سے ملاقات کے دوران کیا، انہوں نے کہا کہ سیکرٹری اوقاف محمد احسان بھٹہ کی نگرانی اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر عرس پر سخت سیکیورٹی انتظامات اور زائرین کے لیے لنگر کا وسیع انتظام کیا گیا ہے، اس دوران ملکہ ہانس ادبی تنظیم کے وفد نے اوقاف ضلع شیخوپورہ کے زیرانتظام سالانہ ہیر گائیکی مقابلہ میں شرکت کی، اور دربار سید وارث شاہ پر چادر پوشی کی اور خصوصی دعا بھی کی گئی۔

صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال کا نوشہرہ ورکاں تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال کا دورہ مختلف شعبوں کا معائنہ اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال نے تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال نوشہرہ ورکاں کا دورہ کیا اور اسپتال کے مختلف شعبہ جات میں طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، ڈاکٹرز و طبی عملہ کی حاضری اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے علاج معالجہ کے لیے موجود شہریوں سے ملاقات کی اور زیر علاج مریضوں کی عیادت کرتے ہوئے انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں استفسار کیا۔ انہوں نے ڈاکٹرز اور طبی عملہ کی ڈیوٹی روسٹر کے مطابق دستیابی کا بھی جائزہ لیا اسسٹنٹ کمشنر نے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے انتظامات، فائر سیفٹی آلات کی تنصیب اور آپریشنل حالت، ہنگامی انخلاء کے راستوں سمیت دیگر حفاظتی اقدامات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے اسپتال میں حکومتی پالیسی کے تحت مفت ادویات کی دستیابی اور ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 14)

شعبہ حادثات
HOSPITAL NOWSHERA VIR
EMERGENCY ENTRY
O.P.D BL... ENT...

اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل کا تبادلہ کردیا گیا، نئے اسسٹنٹ کمشنر نے چارج سنبھال لیا

سانگلہ ہل (رپورٹر عمر حیات کانواں) اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل اسامہ امانت کا تبادلہ سانگلہ ہل سے دیپالپور کردیا گیا جبکہ ان کی جگہ نئے اسسٹنٹ کمشنر حارث حمید خان نے بطور اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل چارج سنبھال لیا گذشتہ روز معززین شہر، صحافیوں، تاجروں، سیاسی رہنماؤں، سرکاری ملازمین اور سول سوسائٹی کے کے لوگوں نے تبدیل ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت کو پرجوش انداز میں پھولوں کے گلدستے پیش کئے اور سانگلہ ہل میں ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا جبکہ اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت نے اہلیان سانگلہ ہل کی جانب سے ان کی خدمات کے اعتراف میں کئے جانے والے اظہار خیال پر ان کا شکریہ ادا کیا اور شہریوں نے جو دوران ڈیوٹی ان کے ساتھ مشفقانہ رویہ اختیار کئے رکھا اس کی تعریف بھی کی بعدازاں اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت نے شہریوں اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 15)

تھانہ ہیڈ مرالہ پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، 3 ملزمان گرفتار، اسلحہ ناجائز اور منشیات برآمد

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) تھانہ ہیڈ مرالہ پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، 3 ملزمان گرفتار، اسلحہ ناجائز اور منشیات برآمد، تھانہ ہیڈ مرالہ پولیس نے ملزمان محمد انور اور وقاص احمد کو گرفتار کرکے دونوں کے قبضے سے ایک، ایک ناجائز پسٹل 30 بور معہ گولیاں جبکہ پیر سبز کے قریب ملزم نوید امجد کو گرفتار کرکے 820 گرام چرس برآمد کرلی ہے۔ تینوں ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ شہریوں کے تحفظ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)

پھولنگر جمبر نیشنل ہائی وے پر ٹریفک حادثہ 38 سالہ موٹر سائیکل سوار جاں بحق

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) پھولنگر جمبر نیشنل ہائی وے پر سینچری پیپر مل کے قریب ایک افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا جہاں رانگ سائیڈ سے آنے والا موٹر سائیکل سوار نامعلوم گاڑی سے ٹکرا گیا موٹر سائیکل سوار 38 سالہ آصف شدید زخمی ہونے کے باعث موقع پر ہی دم توڑ گیا حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر ضروری کارروائی مکمل کرتے ہوئے جاں بحق موٹر سائیکل سوار کی ڈیڈ باڈی کو تحویل میں لیا اور ضروری قانونی وطبی کارروائی کے لیے ٹراما سنٹر پھولنگر منتقل کردیا حادثے کے بعد موقع پر لوگوں کی بڑی تعداد جمع ہوگئی جبکہ واقعے کے باعث نیشنل ہائی وے پر ٹریفک کی روانی بھی کچھ دیر کے لیے متاثر ہوئی نامعلوم گاڑی موقع سے فرار ہوگئی جس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کی جارہی ہیں پولیس کی جانب سے واقعے کی مزید تحقیقات شروع کردی گئی ہیں جبکہ حادثے کی وجوہات اور نامعلوم گاڑی کا سراغ لگانے کے لیے بھی کارروائی جاری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 18)

گورنمنٹ ہائی سکول نتھے خالصہ میں بائیولوجی کا عملی مظاہرہ طلباء نے مائیکروسکوپ کے ذریعے سائنسی تجربہ کیا

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) گورنمنٹ ہائی سکول نتھے خالصہ تحصیل پتوکی ضلع قصور میں ہیڈ ماسٹر چوہدری محمد حسین کی نگرانی میں سائنس ٹیچر اعجاز الحق خانزادہ نے دہم جماعت کے طلباء کو بائیولوجی کا عملی پریکٹیکل کروایا جمعہ کے روز ہونے والے اس عملی سرگرمی کے دوران طلباء کو لائٹ مائیکروسکوپ اور اس کے مختلف حصوں سے تفصیلی طور پر متعارف کروایا گیا جبکہ مائیکروسکوپ کی مدد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

An ounce of practical is better than a TON of THEORY

7 سالہ بچے سے مبینہ زیادتی کے افسوسناک واقعہ پر ڈی پی او اوکاڑہ کا نوٹس، پولیس کو ملزم کی فوری گرفتاری اور میرٹ پر تفتیش کے احکامات جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ+نامہ نگار) گوگیرہ خاص میں 7 سالہ بچے سے مبینہ زیادتی کے افسوسناک واقعہ پر ڈی پی او اوکاڑہ نے نوٹس لیتے ہوئے پولیس کو ملزم کی فوری گرفتاری اور میرٹ پر تفتیش کے احکامات جاری کر دیے۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ میں نامزد ملزم صائم کو گرفتار کرلیا، جبکہ واقعہ کی مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس کے مطابق بچے کے والد کی درخواست پر مقدمہ درج کرکے قانونی کارروائی کا آغاز کیا گیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق نامزد ملزم مبینہ طور پر گزشتہ دو ماہ سے کم عمر بچے کو زیادتی کا نشانہ بناتا رہا۔ ڈی پی او اوکاڑہ نے کہا کہ بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، ملزم کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ واقعہ کی تفتیش میرٹ اور قانون کے مطابق مکمل کی جائے گی اور متاثرہ بچے کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن ضلع اوکاڑہ شازیہ بانو کی اوکاڑہ تعیناتی کے موقع پر اپیکا ضلع اوکاڑہ کی جانب سے ان کے اعزاز میں پرتپاک استقبالیہ اور عشائیے کا اہتمام

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ+نامہ نگار) چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن ضلع اوکاڑہ شازیہ بانو کی اوکاڑہ تعیناتی کے موقع پر اپیکا ضلع اوکاڑہ کی جانب سے ان کے اعزاز میں پرتپاک استقبالیہ اور عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں محکمہ تعلیم کے افسران و ملازمین اور دیگر معززین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں رکن پنجاب اسمبلی میاں محمد منیر اور رائے ذوالفقار نے خصوصی شرکت کی اور نئی سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو کو عہدے کا چارج سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر محکمہ تعلیم کے افسران نے بھی شازیہ بانو کو خوش آمدید کہا اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ تقریب میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمن چوہدری ریاض قمر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ معین چوہدری، اسسٹنٹ ڈائریکٹر بجٹ اینڈ اکاؤنٹس راؤ مبشر خان، لیگیشن آفیسر ڈاکٹر رائے ذوالفقار ایڈووکیٹ سمیت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی خصوصی ہدایت پر محکمہ ماحولیات نے ضلع بھر میں انسدادِ سموگ مہم کے تحت گرینڈ کریک ڈاؤن تیز

سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے چیئرمین ملک عبدالغفور نے سیال بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 158ویں اجلاس کی صدارت کی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے چیئرمین ملک عبدالغفور نے سیال بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 158ویں اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کے معزز اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران تنظیمی پیش رفت، آپریشنل امور، سہ ماہی کارکردگی کے جائزے اور باہمی دلچسپی کے دیگر معاملات پر غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں وائس چیئرمین سید شاہد رضا، ریاض الدین شیخ، خواجہ مسعود اختر، فراز اکرم اعوان، سرفراز احمد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی خصوصی ہدایت پر محکمہ ماحولیات نے ضلع بھر میں انسدادِ سموگ مہم کے تحت گرینڈ کریک ڈاؤن تیز

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ+ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی خصوصی ہدایت پر محکمہ ماحولیات نے ضلع بھر میں انسدادِ سموگ مہم کے تحت گرینڈ کریک ڈاؤن تیز کردیا۔ ماحولیاتی آلودگی اور سموگ کا باعث بننے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلہ میں ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات محمد جہانتاب اختر کی زیرنگرانی ٹیموں نے مختلف علاقوں میں ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے پر 2 اینٹوں کے بھٹے سیل کردیے، جبکہ قانونی ضوابط کی سنگین خلاف ورزی پر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ اور پنجاب گروپ آف کالجز اوکاڑہ کے درمیان ایم او یو پر دستخط، معائدہ کے مطابق ضلع بھر کے صحافیوں کے بچوں کو فیس میں 30 فیصد کمی ہوگی

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ+نامہ نگار) ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ اور پنجاب گروپ آف کالجز اوکاڑہ کے درمیان ایم او یو پر دستخط، معائدہ کے مطابق ضلع بھر کے صحافیوں کے بچوں کو فیس میں 30 فیصد کمی ہوگی۔ صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ عباس علی جٹ اور ڈائریکٹر پنجاب گروپ آف کالجز اوکاڑہ عرفان الحق نے ایم او یو پر دستخط کردیئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ اور پنجاب گروپ آف کالجز اوکاڑہ کے درمیان ضلع بھر کے صحافیوں کے بچوں کی فیس میں کمی کا معاہدہ۔ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)

توجہ برائے نمائندگان' نیوز ایجنٹ

روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں

0331-4667648
0321-4618852

پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 کے تعاون سے ایک روزہ بیسک لائف سپورٹ اور ابتدائی طبی امداد کی خصوصی تربیت کا انعقاد

ملتان (سی ایم لنکس) ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) میں سیفٹی کلچر کے فروغ اور لائن سٹاف کو ہنگامی حالات میں فوری طبی امداد فراہم کرنے کے قابل بنانے کے لئے سرکل ٹریننگ سنٹر بہاولپور میں پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 کے تعاون سے ایک روزہ بیسک لائف سپورٹ اور ابتدائی طبی امداد کی خصوصی تربیت کا انعقاد کیا گیا۔ تربیتی پروگرام میں ٹی 300 پروموشن کلاس برائے لائن سٹاف کے شرکاء نے بھرپور دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور ریسکیو ماہرین سے مختلف ہنگامی صورتحال سے متعلق عملی رہنمائی حاصل کی۔ تربیتی سیشن کے دوران ریسکیو کے ماہرین نے لائن سٹاف کو حادثے کی صورت میں ابتدائی طبی امداد کی اہمیت، مریض کی زندگی کی علامات جانچنے، دل کی دھڑکن اور سانس کی بحالی کے لئے سی پی آر کے بنیادی اصولوں اور فوری اقدامات سے آگاہ کیا۔ ریسکیو اسٹاف نے لائن سٹاف کو بلیڈنگ کنٹرول، بیرونی واندرونی زخموں کی ابتدائی دیکھ بھال، جلنے کی صورت میں فوری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 19)

(ایم اینڈ ای) انجینئر امیر ضمیر خان نے ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا

ملتان (سی ایم لنکس) پلاننگ کمیشن آف پاکستان کے پراجیکٹ ڈائریکٹر (ایم اینڈ ای) انجینئر امیر ضمیر خان نے ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا اور ایشیائی ترقیاتی بینک اور ورلڈ بینک کے تعاون سے جاری مختلف منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اجلاس میں جاری منصوبوں کی پیش رفت، پروکیورمنٹ کے عمل، آلات ومیٹریل کی فراہمی، تنصیب، تکنیکی امور اور منصوبوں کی تکمیل میں حائل رکاوٹوں کا جائزہ لیا گیا۔ پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ میپکو کی جانب سے پلاننگ کمیشن کے پراجیکٹ ڈائریکٹر کو مختلف منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت اور درپیش مسائل کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر نے میپکو کی جانب سے پروکیورمنٹ کے عمل اور منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کو سراہتے ہوئے کہا کہ میپکو نے عالمی اداروں کی مالی معاونت سے جاری منصوبوں کے حوالے سے خریداری کے مراحل کو مؤثر انداز (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 21)

ماں تیرے بغیر زندگی بے رنگ ہے



خیالِ سماویہ

سماویہ اعظم

میں جب بھی گھر آتا ہوں تو مجھے یوں لگتا ہے جیسے اندر سے ابھی تم آواز دوگی۔

کون ہے؟

اور میں مسکرا کر کہوں گا ماں! میں آگیا ہوں، لیکن اب اس گھر میں ماں کی آواز نہیں آتی اور جواب دینے والا بھی کوئی موجود نہیں۔ اس گھر میں ہر طرف اداسی پھیلی ہوئی ہے جیسے اس گھر نے خوشی کو ہمیشہ کے لیے الوداع کہہ دیا ہو۔

ماں! میں آج بھی اس دروازے کو دیکھتا ہوں جہاں تم کھڑی ہوکر مجھے رخصت کرتی تھی۔ مجھے دعا دیتی تھی اور مسکرا کر کہتی تھی۔

جلدی آجانا، تمہارے بغیر میرا دل نہیں لگتا اور میں ہنستے ہوئے کہتا تھا، میری پیاری اماں جان! افسر بڑا سنگ دل بندہ ہے ورنہ میں تو جلدی گھر آجاؤں۔

پھر ایک دن تم واقعی مجھے چھوڑ کر چلی گئی۔ وہ دن میں کبھی نہیں بھول سکتا۔ تمہاری آواز، تمہاری ہنسی، تمہاری باتیں سب کچھ یک دم ختم ہوگیا۔ میں نے یقین نہیں کیا۔ میں نے دروازہ کھولا اور اونچی آواز میں پکارا

میری سوہنی ماں! مجھے چھوڑ کر کہاں چلی گئی؟

میں سمجھا شاید تم باورچی خانے میں ہوگی۔ میں وہاں گیا مگر تم نہیں تھی۔ اس دن مجھے پہلی بار احساس ہوا کہ جو بچھڑ جاتے ہیں وہ کبھی لوٹ کر نہیں آتے۔ وقت گزرتا گیا۔ لوگ کہتے رہے کہ صبر کرو، وقت سب ٹھیک کردیتا ہے مگر کسی نے یہ نہیں بتایا کہ ماں کے بغیر کچھ بھی پہلے جیسا نہیں رہتا۔ سب کچھ چلتا رہتا ہے مگر اندر سے انسان ٹوٹ جاتا ہے۔ میں آج بھی صبح اٹھ کر تمہارے کمرے میں جاتا ہوں۔ مجھے یوں لگتا ہے جیسے تم میرے آنے کا انتظار کررہی ہوگی مگر وہاں صرف خاموشی ہوتی ہے۔ تمہاری آواز کہیں سے نہیں آتی۔ کبھی کبھار ایسا محسوس ہوتا ہے کہ تم واقعی کہیں موجود ہو، بس نظر نہیں آرہی۔ ایک دن میں تمہارے کمرے میں بیٹھا تھا۔ وہی پرانی چارپائی، وہی تکیہ، وہی چادر، سب کچھ ویسا ہی تھا۔ میں نے آہستہ سے تکیہ اٹھایا۔ اس میں آج بھی تمہاری خوشبو محسوس ہوتی ہے۔

میں اکثر تمہاری تصویروں سے باتیں کرتا ہوں مگر تم جواب نہیں دیتی۔

ماں! زندگی تمہارے بغیر بے رنگ ہے۔ یہ رنگین دنیا مجھے اب زہر لگتی ہے کیوں کہ میرے پاس تم نہیں ہو۔ میں اکثر تمہارے کمرے میں بیٹھ کر روتا رہتا ہوں۔ مجھے یاد ہے جب میں بیمار ہوتا تھا تو تم ساری رات جاگتی تھی۔ تم میرے لیے بے چین رہتی تھی۔ میرے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر کہتی تھی۔ میرے بچے، تو جلدی ٹھیک ہو جائے گا اور واقعی میں اگلے دن ٹھیک ہوجاتا تھا کیوں کہ ماں کی دعا دوا سے زیادہ طاقت رکھتی تھی۔ اب جب میں بیمار ہوتا ہوں تو کوئی نہیں ہوتا جو ماتھا چھو کر کہے کہ تم ٹھیک ہوجاؤ گے۔ اب صرف دوائیں ہیں اور ایک ایسی تنہائی ہے جو بیماری سے بھی زیادہ تکلیف دیتی ہے۔

ایک دن میں نے خواب دیکھا۔ تم باورچی خانے میں کھڑی ہو۔ میں تمہیں دیکھ کر دوڑتا ہوا آیا اور کہا

ماں! تم واپس آگئی؟

تم نے مسکرا کر میری طرف دیکھا اور کہا

میرے بیٹے، میں تو کبھی تجھ سے دور گئی ہی نہیں، میں تو ہمیشہ تیرے پاس ہوں۔

ماں! اب میں دفتر سے جلدی گھر آجاتا ہوں کیوں کہ تیرے بغیر میری زندگی بے رنگ ہوگئی ہے۔

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

صحافی منیر ساجد ارائیں کو دھمکی آمیز کال جان سے مارنے مقدمات میں پھنسانے کی دھمکیاں

گزشتہ شام صحافی منیر ساجد ارائیں ساہیوال سے براستہ اولڈ ہڑپہ روڈ ہڑپہ اسٹیشن اپنے گھر جاتے ہوئے انہیں ایک نامعلوم نمبر سے ٹیلی فون کال موصول ہوئی، جس پر کالر نے مبینہ طور پر گالم گلوچ کرتے ہوئے نوید اسلم خان لودھی ایم پی اے کے خلاف سوشل میڈیا پر پوسٹ لگانے کا الزام عائد کیا

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر ساہیوال) صحافی منیر ساجد ارائیں کو مبینہ دھمکی آمیز کال، جان سے مارنے اور مقدمات میں پھنسانے کی دھمکیاں، تفصیل کے مطابق گزشتہ شام صحافی منیر ساجد ارائیں ساہیوال سے براستہ اولڈ ہڑپہ روڈ ہڑپہ اسٹیشن اپنے گھر جاتے ہوئے انہیں ایک نامعلوم نمبر سے ٹیلی فون کال موصول ہوئی، جس پر کالر نے مبینہ طور پر گالم گلوچ کرتے ہوئے نوید اسلم خان لودھی ایم پی اے کے خلاف سوشل میڈیا پر پوسٹ لگانے کا الزام عائد کیا اور انہیں مبینہ طور پر جان سے مارنے، اٹھوا لینے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

سیالکوٹ: پورن نگر میں بندر شہری کی دکان سے چپس اور پاپڑ لے کر بھاگ رہا ہے

مبشر مقصود اعوان ایڈووکیٹ کا نظر بندی کا غیر قانونی نوٹیفکیشن جاری کرنے پر جسٹس سردار اکبر ڈوگر ڈی سی پر برہم

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) مبشر مقصود اعوان ایڈووکیٹ کا نظر بندی کا غیر قانونی نوٹیفکیشن جاری کرنے پر جسٹس سردار اکبر ڈوگر ڈی سی پر برہم۔ ڈی سی نے غیر مشروط معافی مانگ کر نظر بندی کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا درخواست گزار کی جانب سے ابوذر سلمان خان نیازی ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے عدالتی حکم پر ڈی سی سیالکوٹ اویس مشتاق عدالت میں پیش ہوئے۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

اوکاڑہ: نواحی علاقے کینال ویو میں گھر کے واٹر پمپ کے تقریباً 30 فٹ گہرے بور میں بلی کا بچہ گر گیا۔

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ: نواحی علاقے کینال ویو میں گھر کے واٹر پمپ کے تقریباً 30 فٹ گہرے بور میں بلی کا بچہ گر گیا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 اوکاڑہ کی امدادی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور پیشہ ورانہ انداز میں ریسکیو آپریشن شروع کیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے Rope Rescue Technique کو بروئے کار لاتے ہوئے کامیاب کارروائی کی اور بلی کے بچے کو بحفاظت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

سیالکوٹ: ستھرا پنجاب اور واسا کی ناقص حکمت عملی، سیوریج سسٹم بند، مسلم بازار اور باڑہ مارکیٹ میں گندہ پانی کھڑا ہے

درجنوں مقدمات میں ملوث ملزمان نے کروڑوں روپے کی محکمہ ہندو اوقاف کی سرکاری آراضی فروخت کرنا شروع کردی

پاکپتن (وقار فرید جگنو سے) درجنوں مقدمات میں ملوث ملزمان نے کروڑوں روپے کی محکمہ ہندو اوقاف کی سرکاری آراضی فروخت کرنا شروع کردی، درجنوں افراد کا قبضہ مافیا کے خلاف شدید احتجاج محکمہ ہندو اوقاف کی سرکاری آراضی واہ گزار کروانے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق تھانہ کلیانہ کے علاقہ بکھا کلالی کی آبادی جھگیاں کے درجنوں رہائشیوں نے احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ علاقہ کے قبضہ گروپ اور درجنوں مقدمات میں ملوث فیاض جوئیہ وغیرہ نے پٹہ پر لی ہوئی محکمہ ہندو اوقاف کی کروڑوں روپے مالیت کی سرکاری آراضی فروخت کردی، مظاہرین نے احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ مبینہ قبضہ گروپ فیاض جوئیہ وغیرہ نے یہ آراضی کاشت کاری کیلئے حاصل کی، یہ آراضی پہلے عقیل احمد کے نام پر پٹہ لیا پھر نذر فرید ولف اللہ دتہ کے نام پر پٹہ لیا، ان تک یہ 5 کنال محکمہ ہندو اوقاف کی سرکاری آراضی فروخت کر چکے ہیں، محکمہ ہندو اوقاف سمیت متعدد اداروں کو تحریری و زبانی درخواستیں دیں مگر آج تک عملدرآمد نہ ہوسکا، کروڑوں روپے مالیت کی محکمہ ہندو اوقاف کی سرکاری آراضی کوڑیوں کے بھاؤ فروخت کی جارہی ہے، اہل علاقہ نے احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ قبضہ گروپ کا سرغنہ فیاض جوئیہ چوری، ڈکیتی، فراڈ قبضوں کے درجنوں مقدمات میں ملوث ہے، اہل علاقہ نے چیف جسٹس آف پاکستان، وزیراعظم پاکستان، چیف جسٹس آف لاہور ہائیکورٹ، وزیراعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، کمشنر ساہیوال، ڈی سی پاکپتن آصف رضا، محکمہ ہندو اوقاف کے ذمہ داران (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

جماعت اہلسنت ڈسکہ کے رہنما قاری شبیر حسین ایم اے کے بیٹے فیضان شبیر کی صحت یابی کیلئے دعا

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) جماعت اہلسنت ڈسکہ کے رہنما قاری شبیر حسین ایم اے کے بیٹے فیضان شبیر کی صحت یابی کیلئے سیاسی، سماجی، مذہبی، کاروباری شخصیات وکلاء صحافیوں، اساتذہ کرام و دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی عیادت و نیک خواہشات کا اظہار، جماعت اہلسنت ڈسکہ کے رہنما قاری شبیر حسین ایم اے کا بیٹا فیضان شبیر جو کہ علیل ہیں ان کی صحت یابی کیلئے تحریک صراط مستقیم پاکستان کے بانی ڈاکٹر مفتی اشرف آصف جلالی و تنظیمات اہلسنت کے رہنماؤں علامہ فضل عثمان سلطانی، علامہ فاضل صابری، قاری احسن رضا، قاری رضوان احمد مدنی، علامہ آصف خاں، علامہ طاہر محمود اویسی، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

عطائیوں نے بچے کے ختنے کر کے رگیں کاٹ کر بچے کو عمر بھر کے لیے نامرد بنادیا

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) عطائیوں نے بچے کے ختنے کر کے آلہ تناسل کی رگیں کاٹ کر بچے کو عمر بھر کے لیے نامرد بنادیا پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن نے انکوائری کے بعد گناہ گار قرار دیتے ہوئے تین لاکھ روپے جرمانہ عائد کردیا تھانہ سٹی رینالہ خورد پولیس نے تین عطائیوں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ نے پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کے خلاف سٹے آرڈر جاری کردیا ہے تفصیلات کے مطابق انوار شہید کالونی کی رہائشی نازیہ بی بی اپنے شوہر فضل کے ہمراہ اپنے بیٹے محمد سبحان کے ختنے کروانے کے لیے نور ہسپتال شوکت آباد موڑ گئی جہاں پر موجود مبینہ طور پر تین عطائی ڈاکٹر محمد ارشد فیاض اور امتیاز موجود تھے جنہوں نے خود کو ڈاکٹر ظاہر کیا اور نازیہ بی بی کے بیٹے کو آپریشن تھیٹر لیجا کر ختنے کردیے ختنے کرنے کے بعد کمسن محمد سبحان کی حالت خراب ہوگئی اور خون بہنا شروع ہوگیا بعد ازاں معائنہ کرنے کے بعد پتہ چلا کہ بچے کے آلہ تناسل کی رگیں کاٹ کر اسے زندگی بھر کے لیے نامرد بنادیا ہے پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن لاہور نے انکوائری کے دوران تینوں مذکورہ الزام علیہان کو گناہ قرار دیتے ہوئے تین لاکھ روپے جرمانہ عائد کرتے ہوئے قانونی کارروائی کی سفارش کردی ہے تھانہ سٹی رینالہ خورد پولیس نے نازیہ بی بی کی درخواست پر تینوں مذکورہ الزام علیہان کے خلاف مقدمہ نمبری 779/26 درج کرلیا ہے جبکہ ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ نے پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کی کارروائی کے خلاف آئندہ تاریخ تک سٹے آرڈر بھی جاری کردیا ہے۔

ڈسکہ شہر اور گردونواح میں سنوکر، کیرم اور پب جی گیم کے نام پر مبینہ جوئے کے اڈے قائم

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ شہر اور گردونواح میں سنوکر، کیرم اور پب جی گیم کے نام پر مبینہ جوئے کے اڈے قائم، نوجوان نسل تباہی کی جانب گامزن، اعلی حکام خاموش تماشائی، ڈسکہ شہر اور گردونواح کے دیہاتوں میں سنوکر کلب، کیرم بورڈ اور پب جی گیم کے نام پر مبینہ طور پر جوئے کے اڈے قائم ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جہاں نوجوان نسل تیزی سے جوئے کی لت میں مبتلا ہونے لگی ہے۔ ذرائع کے مطابق شہر اور گردونواح میں مختلف اقسام کے مبینہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

شجرکاری ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے، ماحول کو سرسبز و خوبصورت بنانے اور صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے انتہائی اہم ہے۔ سید محمد عباس شاہ

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) شجرکاری ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے، ماحول کو سرسبز و خوبصورت بنانے اور صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے انتہائی اہم ہے۔ سید محمد عباس شاہ۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے شہر کے اطراف نہر کے ساتھ سرکاری اراضی پر مختلف اقسام کے پودے لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اے ڈی سی جی ہیڈکوارٹر ارسلان بشیر اور اے ڈی سی جی انفورسمنٹ مہر غلام عباس اور اسسٹنٹ کمشنر، متعلقہ محکموں کے افسران، سکول کے طلبہ اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور شجرکاری مہم میں بھرپور حصہ لیتے ہوئے پودے لگائے۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے کہا کہ شجرکاری ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے، ماحول کو سرسبز و خوبصورت بنانے اور صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق زیادہ سے زیادہ پودے لگانے کے ساتھ ساتھ ان کی مناسب دیکھ بھال اور حفاظت بھی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے طلبہ اور شہریوں پر زور دیا کہ وہ شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے گھروں، تعلیمی اداروں اور عوامی مقامات پر پودے لگائیں۔ انہوں نے کہا کہ آج (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

سیرت رسول صلہ اللہ علیہ وآلہ وسلم اسلام کا حسن اور عشق رسول سرمایہ حیات ہے، صاحبزادہ عثمان علی جلالی

کاموکے (تحصیل رپورٹر) مرکزی چیئرمین جمعیت اہلسنت صاحبزادہ عثمان علی جلالی نے کہا ہے کہ سیرت رسول صلہ اللہ علیہ وآلہ وسلم اسلام کا حسن اور عشق رسول سرمایہ حیات ہے، محبت رسول کا تقاضا اطاعت اور تعظیم رسول ہے، حب رسول پرکشش کردار ہے جسے اپنانے والا نکھر اور ترک کرنیوالا بکھر جاتا ہے، عقیدہ ختم نبوت مسلمانوں کی وحدت کا مرکز اور دین اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ امت کے زوال کا سبب سیرت طیبہ سے روگردانی ہے اللہ کریم سے سچی محبت اور عشق رسول میں ڈوب جانا ہی اصل کامیابی ہے۔

25 سالہ نوجوان معیز کی لاش تین روز بعد ریسکیو 1122 نے برآمد کرلی

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) لنگوال پل کے قریب نہر میں ڈوبنے والے 25 سالہ نوجوان معیز کی لاش تین روز بعد ریسکیو 1122 نے برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق 25 سالہ نوجوان معیز نے تین روز قبل نہر میں چھلانگ لگائی تھی۔ ریسکیو ٹیموں نے اطلاع ملتے ہی سرچ آپریشن شروع کیا اور مسلسل تین روز کی تلاش کے بعد لاش (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

حقیقی بہن نے ساتھیوں کے ہمراہ بھائی کے آٹھ تولے زیورات اور دیگر سامان چوری کرلیا، ڈی پی او اوکاڑہ کا کارروائی کا حکم

شیرگڑھ (نمائندہ سحر) حقیقی بہن سمیت دیگر افراد کی جانب سے بھائی کے آٹھ تولے طلائی زیورات، چیک بک اور ٹریکٹر کی رجسٹریشن بک چوری کیے جانے کا الزام، متاثرہ شخص کی درخواست پر ڈی پی او اوکاڑہ نے تھانہ صدر رینالہ خورد پولیس کو انکوائری اور قانون کے مطابق کارروائی کی ہدایت کردی۔ تفصیلات کے مطابق سردار علی ولد محمد نیاز، قوم جٹ، سکنہ 7 ون ایل نے ڈی پی او اوکاڑہ کو کھلی کچہری میں درخواست دیتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ مسماۃ غلام فاطمہ زوجہ عبدالرزاق، محمد عمیر رانا ولد عبدالرزاق، عبدالرزاق ولد ابراہیم وغیرہ نے مبینہ طور پر اس کے آٹھ تولے طلائی زیورات، چیک بک اور ٹریکٹر کی رجسٹریشن بک چوری کر لی ہے۔ درخواست گزار کے مطابق جب اس نے مذکورہ افراد سے اپنے سامان کے بارے میں دریافت کیا تو وہ مبینہ طور پر ٹال مٹول سے کام لیتے رہے اور سامان واپس کرنے کے وعدے کرتے رہے، تاہم اب وہ سامان واپس کرنے سے صاف انکاری ہیں۔ درخواست گزار نے مزید الزام عائد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

سیالکوٹ کے گلی محلوں میں جنگلی بندروں کی بھرمار، خواتین اور بچے خوف میں مبتلا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ کے گلی محلوں میں جنگلی بندروں کی بھرمار، خواتین اور بچے خوف میں مبتلا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ کئی ماہ سے محلہ پریم نگر، محمد پورہ، پورن نگر، اسلام آباد اور گردونواح کے علاقوں میں جنگلی بندروں نے شہریوں کا جینا محال کر رکھا ہے گھروں کی چھتوں پر پڑی چیزیں و دیگر سامان اٹھا کر لے جاتے ہیں جبکہ خواتین بچوں پر حملے آور ہوتے ہیں متعدد بار شکایات کے باوجود محکمہ وائلڈ لائف کا عملہ بندروں کو پکڑنے میں بری طرح (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی زیرنگرانی سرکاری محکموں میں خود احتسابی کا عمل جاری

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی زیر نگرانی سرکاری محکموں میں خود احتسابی کا عمل جاری ہے جس کے تحت کرپشن کے الزامات پر پیرا فورس کے دو سارجنٹس کو معطل کر دیا گیا ہے۔ معطل ہونے والے اہلکاروں میں زین عارف چیمہ اور محمد اسد شامل ہیں جو سمبڑیال میں تعینات تھے۔ ایس ڈی ای او پیرا فورس سیالکوٹ ناصر جج نے دونوں اہلکاروں کی معطلی کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق بدعنوانی اور فرائض میں غفلت کے مرتکب افسران و اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں میں شفافیت، میرٹ اور خود احتسابی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ اس سے قبل کرپشن اور نااہلی کے الزامات پر پرائس مجسٹریٹس، نائب تحصیلدار، پیرا انفورسمنٹ آفیسر، دو انفورسمنٹ انسپکٹرز سمیت 11 دیگر اہلکاروں کے خلاف بھی کارروائی عمل میں لائی جا چکی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ معطل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

اوکاڑہ: دو بھائیوں میں جھگڑے کے بعد پولیس موقع پر کھڑی ہے

ورلڈ فارماسسٹ ڈے آج منایا جارہا ہے، صحت کے شعبے میں فارماسسٹس کے کردار کو اجاگر کرنے پر زور

شیرگڑھ (نمائندہ سحر) دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی ورلڈ فارماسسٹ ڈے آج 25 ستمبر کو منایا جارہا ہے۔ رواں سال عالمی دن کا موضوع صحت مند مستقبل کے لیے فارماسسٹس کو بااختیار بنانا رکھا گیا ہے۔ اس موقع پر لاہور کالج آف فارماسیوٹیکل سائنسز لاہور میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر عمیر اکرام ڈار پرنسپل ایل سی پی ایس نے خطاب کرتے ہوئے کہا ورلڈ فارماسسٹ ڈے کے موقع پر فارماسسٹس کی صحت عامہ، ادویات کے محفوظ اور مؤثر استعمال، مریضوں کی رہنمائی اور صحت کی سہولیات تک رسائی بہتر بنانے میں اہم خدمات کو اجاگر کیا جارہا ہے۔ عالمی ادارہ انٹرنیشنل فارماسیوٹیکل فیڈریشن (FIP) کے مطابق بدلتے ہوئے صحت کے چیلنجز کے پیش نظر فارماسسٹس کو مناسب تربیت، پیشہ ورانہ شناخت اور صحت کے نظام میں مؤثر کردار دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ

محترم جناب محمد علی صاحب کی طرف
منجانب

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمشنر گوجرانوالہ محمد علی نے پسرور میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

فری آئی کیمپ میں 410 مریضوں کا معائنہ، 40 آپریشن کے لیے منتخب

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی تحصیل کوٹ رادھا کشن کے زیراہتمام اور المصطفیٰ ٹرسٹ پاکستان کے خصوصی تعاون سے حاجی عبدالغفور جٹ کے ڈیرہ پر ایک روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ماہر ڈاکٹروں کی ٹیم نے 410 مریضوں کا مفت معائنہ کیا۔ کیمپ کے دوران مریضوں کو مفت عینکیں اور ادویات فراہم کی گئیں جبکہ آنکھوں کے آپریشن کے لیے 40 مریضوں کو منتخب کیا گیا، جن کے 30 ستمبر کو مفت آپریشن کیے جائیں گے۔ فری آئی کیمپ کا افتتاح مفتی محمد انوار حنفی اور سردار علی احمد ڈوگر امیدوار صوبائی اسمبلی نے کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر مملکت ملک رشید احمد خاں کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

صابر علی کمبوہ عمرہ اور زیارات مقدسہ کی سعادت کے بعد وطن واپس پہنچ گئے؛ شیرگڑھ پہنچنے پر تپاک استقبال کیا گیا

شیرگڑھ (نامہ نگار) صابر علی کمبوہ عمرہ اور زیارات مقدسہ کی سعادت کے بعد وطن واپس پہنچ گئے؛ شیرگڑھ پہنچنے پر تپاک استقبال کیا گیا؛ اہم حلقوں کی مبارکباد؛ تفصیلات کیمطابق معروف ماہر تعلیم مقصود احمد کمبوہ، فوجی منظور اقبال، انجنیئر راشد کمبوہ، اصغر علی کمبوہ، آصف علی کمبوہ کے بھائی معروف بزنس مین صابر علی کمبوہ اپنے صاحبزادے صدان علی کمبوہ اور دیگر فیملی کے ہمراہ خانہ کعبۃ اللہ، مسجد الحرام، گنبد خضریٰ، دراقدس نبی اکرم ﷺ، ریاض الجنہ، مسجد نبوی، غار حراء، روضہ حضرت امیر حمزہ، طائف، و دیگر زیارات مقدسہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد گزشتہ روز وطن واپس پہنچ گئے آبائی دیہہ شیرگڑھ پہنچنے پر انکا فقید المثال استقبال کیا گیا پھولوں کی مالائیں پہنائی گئیں پتیاں نچھاور کی گئیں محفل نعت منعقد کی گئی فضاء اللہ اکبر کے نعروں سے گونجتی رہی حاجی راؤ محمد اجمل خان سابق ایم این اے، رانا سکندر حیات صوبائی وزیر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

صحافیوں کے تحفظ کے قانون کا سیکشن 7 دفعہ 12 کو فعال بنایا جائے؛ شاہ زیب عباس

شیرگڑھ (نامہ نگار) صحافیوں کے تحفظ کے قانون کا سیکشن 7 دفعہ 12 کو فعال بنایا جائے؛ شاہ زیب عباس؛ تفصیلات کیمطابق جاوید نگر پریس کلب کا ہنگامی اجلاس زیر صدارت شاہ زیب عباس شاہ جی صدر منعقد ہوا اجلاس میں محمد جمیل الخیری، شیخ انس ندیم، عبدالغفور بھٹی، عارف پٹواری، ڈاکٹر مدثر صدیق آرائیں، ندیم اشرف، ملک علی حسنین ملکی، زین اظہر کمبوہ، طاہر جاوید، سمیت تمام عہدیداران نے شرکت کرتے ہوئے مریم نواز شریف وزیراعلیٰ پنجاب، اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد، سے مطالبہ کیا ہے کہ علاقائی صحافی عدم تحفظ سمیت گونا گوں مشکلات کا شکار ہیں پاکستان میں صحافیوں کیساتھ بدسلوکی، تشدد، اور عدم برداشت سے تشدد، انتقامی کارروائیوں، آزادی اظہار کے فروغ کیلئے قانون تو موجود ہے مگر اس پر عملدرآمد نہ ہونے سے پاکستان میں صحافت جان لیوا ہو چکی ہے دنیا بھر میں سب سے زیادہ قتل اور اقدام قتل کا شکار ملکوں میں پاکستان سرفہرست ہے اسلئے صحافیوں اور میڈیا پروفیشنلز کے تحفظ کے ایکٹ 2021ء کے حصہ دوئم کے سیکشن 7 کی دفعہ 12 سمیت تمام ایکٹ پر فوری علمدرآمد کیا جائے اور صحافیوں کو مفت انشورنس، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 50)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمشنر گوجرانوالہ محمد علی نے پسرور میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمشنر گوجرانوالہ محمد علی نے پسرور میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں انہوں نے شہریوں کی شکایات براہ راست سنیں اور مسائل کے فوری ازالے کیلئے متعلقہ افسران کو موقع پر احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری میں محکمہ ریونیو، ستھرا پنجاب، پیرا فورس، محکمہ تعلیم، اکاؤنٹس آفس، میونسپل کمیٹی اور دیگر ضلعی محکموں سے متعلق شہریوں نے درخواستیں اور شکایات پیش کیں۔ درخواست گزاروں میں خواتین اور بزرگ شہری بھی شامل تھے۔ کمشنر گوجرانوالہ نے مختلف درخواستوں پر ریونیو افسران، گرداوروں اور پٹواریوں کو موقع پر طلب کر کے سماعت کی جبکہ ضلعی کونسل، میونسپل کمیٹی، محکمہ تعلیم اور دیگر محکموں سے متعلق درخواستوں پر متعلقہ افسران کو بھی موقع پر بلایا اور فوری کارروائی کی ہدایت کی۔ کمشنر گوجرانوالہ محمد علی نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر عوامی مسائل کے حل کیلئے کھلی کچہریاں منعقد کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 51)

چیمبر آف کامرس کے حالیہ انتخابات میں ملک شاہ بہرام مون کے ممبر منتخب ہونے پر دیپالپور کی کاروباری، سماجی، صحافتی اور عوامی شخصیات کی مبارکباد

دیپالپور (امام دین + نامہ نگار) چیمبر آف کامرس کے حالیہ انتخابات میں ملک شاہ بہرام مون کے ممبر منتخب ہونے پر دیپالپور کی کاروباری، سماجی، صحافتی اور عوامی شخصیات نے مشترکہ طور پر انہیں دلی مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہیمبارکباد دینے والوں میں حاجی محمد اشفاق چوہدری، صدر دیپالپور پریس کلب و انجمن صحافیاں رجسٹرڈ، حاجی محمد شیخ سلیم صدر مرکزی انجمن تاجران، ٹیپو خان، معروف گورنمنٹ کنٹریکٹر چوہدری سائرعلی خاں، راؤ عبدالکریم ٹیپو، میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں صدر لیپکا دیپالپور، حافظ شفیق عثمان، اصغر علی بھٹی اور چوہدری اشعث محمود شامل ہیں مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک شاہ بہرام مون کا چیمبر آف کامرس کے حالیہ انتخابات میں ممبر منتخب ہونا دیپالپور کی کاروباری برادری کے لئے خوشی اور اعزاز کی بات ہیان کی کامیابی پر انہیں دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ وہ چیمبر آف کامرس کے پلیٹ فارم پر دیپالپور کے تاجروں اور کاروباری طبقے کی بھرپور نمائندگی کریں گیانہوں نے کہا کہ ملک شاہ بہرام مون اپنی صلاحیتوں، تجربے اور کاروباری حلقوں سے روابط کو بروئے کار لاتے ہوئے تاجر برادری کو درپیش مسائل کے حل، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور دیپالپور میں تجارت کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے کے حوالے سے موثر کردار ادا کریں گے ان کا انتخاب دیپالپور کے کاروباری حلقوں کے لیے ایک مثبت پیش رفت ہیمبارکباد دینے والی شخصیات نے مزید کہا کہ انہیں امید ہے کہ ملک شاہ بہرام مون چیمبر آف کامرس میں اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کرتے ہوئے تاجروں کی آواز متعلقہ فورمز تک پہنچائیں گے اور دیپالپور کی کاروباری برادری کے مسائل کے حل کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گیآخر میں تمام شخصیات نے ملک شاہ بہرام مون کے لیے مزید کامیابیوں، عزت و وقار اور نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں کاروباری و سماجی میدان میں مزید کامیابیاں عطا فرمائے اور وہ تاجر برادری اور اپنے علاقے کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں۔

مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی میاں محمد منیر کی پی ٹی آئی کی جانب سے احتجاج اور اسلام آباد کی طرف مارچ کی کال پر سخت تنقید

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی میاں محمد منیر نے پی ٹی آئی کی جانب سے احتجاج اور اسلام آباد کی طرف مارچ کی کال پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ احتجاج ہر سیاسی جماعت کا آئینی حق ہے، تاہم احتجاج کی آڑ میں ریاستی اداروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سرکاری املاک کو نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ سیاسی اختلافات کا حل سڑکوں پر تصادم اور انتشار نہیں بلکہ آئینی و جمہوری طریقہ کار سے ہی نکلے گا۔ میاں محمد منیر ایم پی اے نے کہا کہ ملک اس وقت معاشی استحکام، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور سرمایہ کاری کے لیے سیاسی و سماجی امن کا متقاضی ہے، ایسے میں بار بار احتجاج، سڑکوں کی بندش اور دارالحکومت کی طرف ہجوم لے جانے کی سیاست سے ملکی معیشت، کاروباری سرگرمیوں اور عام شہریوں کی روزمرہ زندگی متاثر ہوتی ہے۔ اسلام آباد کی طرف مارچ اور ممکنہ طویل احتجاج سے نہ صرف سرکاری امور متاثر ہونے کا خدشہ ہوتا ہے بلکہ ملک کا مثبت معاشی تاثر بھی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی سلامتی کے ادارے اور قانون نافذ کرنے والے اہلکار عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان برقرار رکھنے کی ذمہ داری انجام دیتے ہیں۔ ان اداروں کے خلاف اشتعال انگیز مہم، اہلکاروں سے تصادم یا انہیں سیاسی کشمکش کا فریق بنانے کی کوشش قومی مفاد کے منافی ہے۔ میاں محمد منیر ایم پی اے نے پاکستان کے غیور عوام سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی قسم کی انتشاری سیاست کا حصہ بننے سے انکار کریں اور ایسے انتشار پسند عناصر کی باتوں میں نہ آئیں جو اپنے سیاسی مفادات کے لیے ملک میں بے چینی، تصادم اور بدامنی کو ہوا دیتے ہیں۔ عوام قانون کی پاسداری کرتے ہوئے امن، استحکام اور قومی یکجہتی کے فروغ میں اپنا کردار ادا کریں۔ کیونکہ پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی قومی یکجہتی اور امن سے ہی ممکن ہے۔

42 فتح تین روزہ سالانہ عرس مبارک حضرت غوث اعظم عبدالقادر جیلانی کا بابرکت آغاز خواتین کی عظیم الشان محفل میلاد سے ہوا

ہارون آباد (رپورٹ ڈاکٹر اللہ رکھا بابر) 42 فتح تین روزہ سالانہ عرس مبارک حضرت غوث اعظم عبد القادر جیلانی کا بابرکت آغاز خواتین کی عظیم الشان محفل



میلاد سے ہوا سرکار غوث پاک کے پوتے سید قاسم علی گیلانی لجپال سرکار نے خصوصی شرکت کی چشتیاں کے معروف چک 42 فتح میں الشیخ حضرت سیدنا عبدالقادر جیلانی کے سالانہ عرس مبارک کی پرنور تقریبات کا آغاز، ضلعی جنرل سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی بہاولنگر و سابق امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 244 حاجی محمد انتظار رانا کی قیادت میں منایا گیا جبکہ مہمان خصوصی سرکار کے پوتے سید قاسم علی القاری گیلانی نے تھے اس موقع پر حاجی محمد انتظار (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 49)

پنجاب کالج تتلے عالی کی فاطمہ زیب کا اعزاز، بورڈ پوزیشن پر وفاقی وزیر احسن اقبال نے میڈل اور سند سے نوازا

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے پنجاب کالج تتلے عالی کی فاطمہ زیب کا

WELCOME TO PGC

اعزاز، بورڈ پوزیشن پر وفاقی وزیر احسن اقبال نے میڈل اور سند سے نوازا بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالا کے زیر اہتمام نارووال میں پوزیشن ہولڈر طلبہ و طالبات کے اعزاز میں پروقار تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی، جس میں پنجاب کالج تتلے عالی کی ہونہار طالبہ فاطمہ زیب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

اے آر سیکنڈری اسکول آف سائنس دیپالپور میں شجرکاری کا عالمی دن منایا گیا، 40 مقامی پودے لگائے گئے

دیپالپور (امام دین + نامہ نگار) اے آر سیکنڈری اسکول آف سائنس دیپالپور میں شجرکاری کا عالمی دن منایا گیا، 40 مقامی پودے لگائے گئے دیپالپور اے آر سیکنڈری اسکول آف سائنس دیپالپور میں درخت لگانے کے عالمی دن 2026ء کے موقع پر خصوصی شجرکاری مہم کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا یہ سرگرمی 21 ستمبر 2026ء، عالمی یوم امن کے موقع پر منعقد ہوئی، جس کا مقصد طلبہ میں ماحول دوستی، شجرکاری اور قدرتی وسائل کے تحفظ کا شعور اجاگر کرنا تھا اس موقع پر اسکول کے مختلف حصوں میں مقامی اقسام کے مجموعی طور پر 40 پودے لگائے گئے۔ طلبہ نے عملی طور پر پودے لگانے کے ساتھ ساتھ ان کی حفاظت اور نگہداشت کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ شجرکاری سرگرمی کے ذریعے طلبہ میں درختوں سے محبت، ماحول کے تحفظ اور معاشرتی ذمہ داری کا احساس پیدا کرنے کی کوشش کی گئی اس موقع پر اے آر سیکنڈری اسکول آف سائنس دیپالپور کے پرنسپل و ڈائریکٹر میاں اسلم ڈولہ نے کہا کہ درخت ہماری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

مانگامنڈی میں تجاوزات کے خلاف بڑا آپریشن، مقررہ اوقات کار پر بھی سختی سے عملدرآمد

مانگا منڈی (میاں ذیشان حیدر۔) اسسٹنٹ کمشنر بابر علی کی ہدایات پر مانگا منڈی میں تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائی کی گئی۔ ایس ڈی او پیرا فورس اعظم شاہگان کی نگرانی میں پیرافورس کی ٹیم نے آپریشن کرتے ہوئے سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات کو ہٹوا کر راستے شہریوں اور ٹریفک کی آمدورفت کے لیے بحال کر دیے۔ کارروائی کے دوران پیرافورس انسپکٹر مبشر احمد موج اور دیگر اہلکار بھی موقع پر موجود رہے۔ ٹیم نے تجاوزات قائم کرنے والوں کو واضح کیا کہ سرکاری اراضی، سڑکوں اور عوامی گزرگاہوں پر کسی قسم کی غیر قانونی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر حکومتی احکامات کے تحت کاروباری مراکز کے مقررہ اوقات کار پر بھی سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے گئے۔ حکومتی ہدایات کے مطابق دکانیں، بازار، شاپنگ مالز اور جنرل اسٹورز رات 9 بجے، شادی ہالز اور دیگر تقریبات کے مقامات رات 10 بجے جبکہ ریسٹورنٹس، کیفے، ہوٹلز اور کریانہ اسٹورز رات 11 بجے بند کیے جائیں گے۔ ریسٹورنٹس سے ٹیک اوے اور ہوم ڈیلیوری کی اجازت ہوگی۔

تجاوزات کے خلاف کارروائی کے دوران پیرافورس ٹیم اور دیگر اہلکاران

تجاوزات ہٹاتے ہوئے پیرافورس اہلکار

کارروائی کے دوران تجاوزات کا سامان اٹھایا جارہا ہے

عوام کے تعاون تجاویز اور دلچسپی سے ہی ہارون آباد کے مسائل کا حل تلاش کیا جاسکتا ہے، اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر بابر سلیمان

ہارون آباد (بابر بھائی) عوام کے تعاون تجاویز اور دلچسپی سے ہی ہارون آباد کے مسائل کا حل تلاش کیا جا سکتا ہے انتظامیہ اور سول سوسائٹی صحافیوں کو مل کر ہارون آباد کے مسائل کے حل کے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اسسٹنٹ کمشنر ہارون آباد ڈاکٹر بابر سلیمان کی صحافیوں کی تعارفی میٹنگ میں عزم کا اظہار نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر بابر سلیمان نے ہارون آباد کے صحافیوں سے تعارفی میٹنگ اور ہارون آباد کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی اور کہا کہ انتظامیہ سول سوسائٹی اور صحافیوں کے بغیر مسائل حل نہیں کرسکتی ہم سب کو مل کر ایک ٹیم کی شکل میں عوامی خدمت کرنے میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اکیلی انتظامیہ کچھ نہیں کرسکتی اسسٹنٹ کمشنر ہارون آباد آفس کے دروازے 24 گھنٹے عوام کے لیے کھلے ہیں ہر شہری کسی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)

انجمن غلاماں مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاہ باوی والا کے زیراہتمام محفل میلاد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انعقاد کیا گیا

بچیکی (نامہ نگار) انجمن غلاماں مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاہ باوی والا کے زیراہتمام محفل میلاد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انعقاد کیا گیا، حضرت علامہ مولانا قاری محمد اعظم کی زیر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

ہونہار طالبہ زمن عبداللہ نے ایف ایس سی کمپیوٹر سائنس میں 1060 نمبر حاصل کر کے شیرگڑھ سمیت علاقہ بھر میں اول جبکہ ساہیوال بورڈ میں نمایاں پوزیشن حاصل کی

حجرہ شاہ مقیم۔۔ مہر مشتاق احمد۔ ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی صدر شیرگڑھ پریس کلب رجسٹرڈ کی صاحبزادی لائق فائق ہونہار طالبہ زمن عبداللہ نے ایف ایس سی کمپیوٹر سائنس میں 1060 نمبر حاصل کر کے شیرگڑھ سمیت علاقہ بھر میں اول جبکہ ساہیوال بورڈ میں نمایاں پوزیشن حاصل کر کے انٹرمیڈیٹ امتحان A پلس گریڈ میں پاس کرلیا ہونہار طالبہ زمن عبداللہ نے اس کامیابی کا سہرا اللہ تعالیٰ کی کرم نوازی کیبعد اساتذہ کرام کی محنت اور والدین کی دعاوں کا ثمر ٹھہراتے ہوئے مستقبل میں اس کامیابی کو مزید ترقی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

بلاول بھٹو زرداری عظیم لیڈر اور محب وطن سیاستدان ہیں، ملک حسن پرویز ایڈووکیٹ

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے تحصیل جنرل سیکرٹری ملک حسن پرویز ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری عظیم لیڈر اور محب وطن سیاستدان ہیں لیکن مسلم لیگ ن کی حکومت نے عوام کو شدید مایوس کیا ہے بہتر مستقبل اور خوشحال پاکستان کیلئے عوام کی نظریں بلاول بھٹو زرداری اور پیپلز پارٹی کی طرف ہیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

اوکاڑہ سالانہ سپورٹس کیلنڈر کے تحت ای لائبریری میں سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کے زیراہتمام بچوں کے مابین کوئز اور تقریر کے شاندار مقابلے

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ سالانہ سپورٹس کیلنڈر کے تحت ای لائبریری میں سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کے زیراہتمام بچوں کے مابین کوئز اور تقریر کے شاندار مقابلے، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد اشفاق کی زیرنگرانی مقابلوں میں ضلع بھر سے طلبہ و طالبات نے بھرپور شرکت کی اور اپنی ذہنی و تقریری صلاحیتوں کے زبردست جوہر دکھائے۔ طالب علموں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حاضرین سے خوب داد وصول کی۔ ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد اشفاق نے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں اسناد اور انعامات تقسیم کیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی اور ورزشی سرگرمیاں بچوں کی ہمہ جہت شخصیت سازی کے لیے انتہائی ضروری ہیں۔ ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد اشفاق نے کہا کہ سالانہ سپورٹس کیلنڈر کا مقصد نوجوانوں اور بچوں کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 47)

E-Library & Youth Center
Sports DepartmentOkara

اوکاڑہ سالانہ سپورٹس کیلنڈر کے تحت ای لائبریری میں سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کے زیراہتمام بچوں کے مابین کوئز اور تقریر کے شاندار مقابلے

سوکڑ نہر سے 3 سالہ نامعلوم بچے کی لاش برآمد

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) سوکڑ نہر سے 3 سالہ نامعلوم بچے کی لاش برآمد تفصیلات کے مطابق لاہور جڑانوالہ روڈ پر مصری والا گاؤں کے قریب سوکڑ نہر سے 3 سالہ نامعلوم بچے کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے لاش نہر سے نکال کر ضروری قانونی کارروائی کے بعد مقامی پولیس کے حوالے کر دی۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

انجمن غلاماں مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاہ باوی والا کے زیراہتمام محفل میلاد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انعقاد کیا گیا

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔............(جامع ترمذی)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یاسمین اعوان

پی ٹی آئی کا احتجاج روکنے کیلئے بڑے اقدامات

اسلام آباد میں تحریک انصاف کے احتجاج سے نمٹنے کی تیاریاں جاری ہیں جب کہ شہر اقتدار میں کنٹینرز ہی کنٹینرز لگادیے گئے ہیں اور اسلام آباد کو خیبر پختونخوا سے ملانے والا پہاڑی راستہ بھی بند کردیا گیا ہے۔ ذرائع نے کہا کہ مارگلہ کے پہاڑوں سے اترنے والی پگڈنڈیوں پر بھی پولیس نفری تعینات کرنے کا پلان ہے جب کہ مارگلہ روڈ، سرینگر ہائی وے، ایکسپریس ہائی وے کولنک کرنیوالی سڑکوں پر بھی کنٹینرز پہنچادیئے گئے۔ اس کے علاوہ 26 نمبر چونگی، فیض آباد، ٹی چوک روات پر کنٹینرز کی بڑی تعداد پہنچادی گئی۔ ادھر این فائیو اٹک خورد پل پر کنٹینرز کے بعد سڑک پر ویلڈ ہوئی نوک دار کیلوں کی بڑی پلیٹوں کی تنصیب بھی جاری ہے، نوک دار کیلوں کی بڑی پلیٹوں پر تنصیب سے مزکورہ مقامات سے وہیکلز کا گزرنا ممکن نہیں ہوسکے گا۔ یادر ہے صرف اٹک میں مجموعی طور پر تیس ہزار سے زائد پولیس فورس تعینات ہے۔ اس کے علاوہ پنجاب حکومت نے بڑے بڑے کنٹینرز رکھ کر خیبر پختونخوا اور پنجاب کے آنے جانے کے راستے بند کردیے ہیں۔ خیبر پختونخوا اور پنجاب سے پشاور اور اسلام آباد ایئرپورٹوں سے بیرون ممالک جانے والے مسافروں اور ہسپتالوں جانے والے مریضوں آذیت ناک صورتحال کا سامنا کرنا پڑا اور بیرون ممالک مسافر سفر کرنے سے محروم رہ گئے۔ دوسری جانب آئی جی پنجاب راؤ عبدالکریم اٹک پہنچ گئے، آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا بھی آئی جی پنجاب کے ہمراہ موجود تھے۔ آئی جی پنجاب راؤ عبدالکریم اور آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا نے موٹروے ایم ون پر پتھر گڑھ کٹی پہاڑی، غازی بروتھا، ہزارہ موٹر وے پر سیلنگ و بلاکنگ پوائنٹس کا جائزہ لیا، آئی جی پنجاب نے این فائیو اٹک خورد پل کا بھی جائزہ لیا۔ آئی جی پنجاب اور آر پی او راولپنڈی اٹک شہر کے اندر بھی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں، دورے کے موقع پر دیگر سینئر پولیس و انتظامی حکام بھی موجود ہیں۔ ممکنہ پی ٹی آئی لانگ مارچ، فیض آباد کے ہوٹلز اور ریسٹورنٹس بند کرانے کی ہدایت، پاکستان تحریک انصاف کے ممکنہ لانگ مارچ کے پیش نظر فیض آباد کی حدود میں واقع تمام ہوٹلز بند کرادیے گئے، جبکہ ریسٹورنٹس اور دکانداروں کو بھی آج شام تک دکانیں بند کرنے کی ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق فیض آباد پر تمام مسافر خانے اور ٹرانسپورٹ اڈے بھی آج رات سے بند کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ فیض آباد کے گردونواح میں تمام ہاسٹلز کو بھی آج رات تک خالی کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق راولپنڈی میں ہوٹلز، ریسٹورنٹس اور ہاسٹلز مالکان سے حلف نامے طلب کرلیے گئے ہیں، تمام مالکان متعلقہ پولیس اسٹیشن میں حلف نامے جمع کرائیں گے۔ حلف ناموں میں مالکان گارنٹی دیں گے کہ ان کی کمرشل عمارتیں مکمل طور پر خالی ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق کل شام تک حلف نامہ جمع نہ کرانے والوں کے خلاف کارروائی کی ہدایت کی گئی ہے۔

ایک ننھی صدا، جس نے دلوں کو رُلا دیا — قاری حافظ محمد ابوبکر اور قرآن کی وہ خوشبو جو سرحدیں پار کر گئی

arpakistan

وہ صدائیں جو دل کے تاروں کو چھیڑ کر اشکوں کو آنکھوں کے کناروں تک لے آئیں، جو لفظوں سے زیادہ سکوت میں گونجتی ہوں،

جو ربِ کائنات کی آیات کو اس کیف و مستی کے ساتھ بیان کریں کہ سننے والا اپنے نفس کی قید سے آزاد ہو جائے،

ایسی صدائیں دنیا میں کبھی کبھی پیدا ہوتی ہیں

۔ایسی ہی ایک صدا کا نام ہے:

حافظ محمد ابوبکر۔

اگر قراتِ قرآن ایک الٰہی ہنر ہے، تو حافظ محمد ابو بکر اُس ہنر کے وہ تابندہ چراغ ہیں

جن کی ضیاء ؒ صدیوں تک دلوں کے دریچوں کو منور کرتی رہے گی۔ وہ قرآنی صوت و آہنگ کے وہ مجذوب عاشق ہیں

جن کی آواز میں عرب کی صحرائی حلاوت بھی ہے

اور حرم کی معنوی عظمت بھی؛

ان کی تلاوت میں وہ وجدانی کیف ہے جو سامع کو بے اختیار آنسوؤں کی بارگاہ میں لے جاتا ہے

اور دل کو خشوع و خضوع کی اس منزل تک پہنچاتا ہے

جہاں الفاظ معانی سے ماورا ہو جاتے ہیں۔

حافظ محمد ابوبکر محض ایک قاری نہیں بلکہ قرآنی ترنم کی چلتی پھرتی تفسیر ہیں؛

ان کی آواز میں ربانی عظمت کی وہ گونج ہے جو سینۂ گیتی میں عرش کی بازگشت محسوس کرواتی ہے۔

ان کا ہر نغمہ قرآنی صرف تلفظ کی صحت یا قواعد کی درستی کا مظہر نہیں

بلکہ ایک روحانی تجربہ ہے،

جو سننے والے کو قرآن کے نور میں لپیٹ لیتا ہے۔

ان کی قرات، سنّتِ جبریل کا عکس معلوم ہوتی ہے،

ان کا ہر حرف، کلامِ ربانی کا آہنگ،

اور ہر آہنگ، سماعت کے در و بام پر اترتی ہوئی وحی کا پیغام لگتا ہے۔

اس معصوم حافظ محمد ابو بکر نے نہ صرف اپنی فنّی مہارت سے بلکہ اپنی روحانی جاذبیت سے قرات کو محض ایک آواز سے بلند کر کے ایک روحانی ارتقاء کی شکل دی ہے۔

وہ ہر آیت کو اس کی معنوی کیفیت کے مطابق ادا کرتے ہیں، گویا قرآن خود ان کی زبان سے اپنا ترجمہ ادا کرتا ہے

۔ان کی تلاوت میں کہیں نوحہ ہے،

کہیں ندا،

کہیں وعید کی گرج ہے،

تو کہیں رحمت کی پھوار۔

یہی وہ جمالیاتی امتزاج ہے جو حافظ محمد ابوبکر کو دورِ حاضر کے کم سن قراء میں ممتاز کرتا ہے۔

ان کی شخصیت میں اخلاص کی وہ خوشبو ہے جو صرف عبادت گزاروں میں پائی جاتی ہے،

اور ان کی قرات میں وہ اثر انگیزی ہے

جو دلوں پر الہامی نقش چھوڑ جاتی ہے۔۔۔۔

حافظ محمد ابوبکر نے بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا جو قرآنی وقار بلند کیا ہے، وہ نہ صرف ان کی انفرادی عظمت کی دلیل ہے

بلکہ پوری قوم کے لیے باعثِ افتخار ہے۔

مانسہرہ کی سرزمین سے تعلق رکھنے والے اس کم سن حافظِ قرآن نے عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کیا۔

ایران میں ہونے والے عالمی مقابلہ قراءت میں انہوں نے دوسری پوزیشن حاصل کی، جبکہ عراق کے کربلا میں حرم حضرت عباس علیہ اسلام کی قرآن اکیڈمی کے زیرِ اہتمام منعقدہ بین الاقوامی العمید تلاوتِ قرآن مقابلے میں بچوں کی کیٹیگری میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔

عراق کے اس مقابلے میں 21 ممالک کے قراء شریک ہوئے تھے۔

آنکھ سے نظر تک
عباس ملک
0300-5558352

ان کی قرات نہ صرف محافلِ میلاد و قرآن کی زینت بنی بلکہ لولوں کے مندر کی اذان بھی۔

یہی وہ وجہ ہے کہ آج اُن کا تذکرہ، نہ صرف قاریانِ قرآن کی صف میں ایک مینار کی حیثیت رکھتا ہے

بلکہ وہ ہر اُس دل میں بستے ہیں جہاں قرآن کے الفاظ حرزِ جاں بن چکے ہوں۔

جب ہم قرآنِ کریم کی تلاوت کی فضیلت پر غور کرتے ہیں

تو ہمیں صرف قراء کی علمی حیثیت ہی نہیں

بلکہ ان کے قلبی اخلاص، روحانی تاثیر اور حُسنِ اداء کو بھی پیشِ نظر رکھنا ہوتا ہے۔

حافظ محمد ابو بکر کی شخصیت ان تمام اوصاف کا نچوڑ ہے۔ ان کا ہر لفظ،

ہر حرف،

ہر نغمگی بھرا وقفہ اس بات کی گواہی دیتا ہے

کہ وہ محض قاری نہیں بلکہ قرآن کے صوتی جمال کے امین ہیں۔

حافظ محمد ابو بکر کا تعلق پاکستان کی اس زمیں سے ہے جس نے دنیا کو نہ صرف عالم، مفکر اور شاعر دیے بلکہ ایسی ایسی خوش الحان آوازیں بھی عطا کیں جنھوں نے خانہ دل کو تسخیر کیا۔

مانسہرہ کی اسی سرزمین سے ابھرنے والی اس ننھی آواز نے عالمی سطح پر پاکستان کے قرآنی تشخص کو اجاگر کیا۔ ان کی آواز میں جو کشش ہے،

وہ ربانی عنایت کی ایک جھلک ہے۔

ان کی قرات کا سب سے بڑا وصف اس میں موجود عربی لہجے کا تسلسل، مخرج کی ادائیگی کی درستگی اور صوتی حسن ہے۔

ان کی قرات میں مصری قُراء کی خوشبو بھی ہے،

حجاز کی روحانیت بھی

اور برصغیر کی نرمی و نزاکت بھی۔

جب وہ پڑھتے ہیں تو ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے آسمان سے براہِ راست ندا آ رہی ہو۔ ان کے تجوید و تلفظ میں وہ مہارت ہے

جو برسوں کے مجاہدے کے بغیر ممکن نہیں۔

وہ قرات کو محض تلاوت نہیں

بلکہ ایک عبادت،

ایک محبت بھرا مکالمہ سمجھتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ کی آواز آج صرف پاکستان تک محدود نہیں رہی

بلکہ ایران اور عراق جیسے ممالک میں عالمی قرآنی مقابلوں کے ذریعے بھی سنی اور سراہائی گئی

۔ان کی کامیابیاں اس بات کی گواہی دیتی ہیں کہ روحانیت سرحدوں کی پابند نہیں۔

ان کی تلاوت سے وہ نسل بھی جڑ رہی ہے جو کبھی تلاوتِ قرآن سے دور تھی۔

ان کا یہ عمل تجدیدِ قرات ہے،

ایک تحریک ہے، جو محبت سے لبریز ہے۔۔۔

حافظ محمد ابو بکر جیسے کم سن قراء ؒ دراصل قرآن سے جڑی ہوئی ایک نئی نسل کی امید ہیں۔

ان کی کامیابی نوجوانوں کو یہ پیغام دیتی ہے کہ قرآن کریم سے وابستگی نہ صرف روحانی سکون کا ذریعہ ہے

بلکہ دنیا کے سامنے پاکستان کے ایک روشن اور باوقار تشخص کا وسیلہ بھی بن سکتی ہے۔

حافظ محمد ابو بکر کے لیے خراجِ تحسین محض الفاظ کا مجموعہ نہیں ہونا چاہیے،

بلکہ یہ ایک ایسی روحانی عقیدت کا اظہار ہونا چاہیے

جو ہمارے دلوں میں ان کے لیے موجزن ہے۔

ہم اس بات پر فخر محسوس کرتے ہیں کہ ہماری ملت میں ایسا ننھا قاری موجود ہے جو صرف قرآن پڑھتا نہیں بلکہ قرآن بولتا ہے، قرآن سُناتا نہیں بلکہ قرآن کی روح کو جگاتا ہے۔

حافظ محمد ابو بکر ایک ایسی عطا ہیں جو نہ صرف موجودہ نسل کے لیے باعثِ ہدایت ہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے بھی مشعلِ راہ بن سکتے ہیں۔ ان کی زندگی

،ان کا اندازِ قرات، ان کی خاکساری،

ان کا اخلاص، سب کچھ ایک کامل قاری کی تصویر پیش کرتا ہے۔ وہ محض ایک قاری نہیں،

ایک تحریک ہیں۔ ایسی تحریک جو ہر دل میں قرآن سے محبت جگا دے،

جو ہر کان کو قرآن کی طرف متوجہ کر دے۔

ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ حافظ محمد ابو بکر کو صحت، سلامتی، علم، عمل اور مزید رفعتیں عطا فرمائے، اور ان کی آواز کو ہمیشہ قرآن کا پُرنور پیغام بنائے۔ آمین۔

کوآپریٹو موومنٹ بلوچستان

مقام: حب، لسبیلہ | تاریخ: 24 ستمبر 2026

حب (کواپریٹیو نیوز)

غیر قانونی ٹرالنگ کی ذمہ دار صرف محکمہ فشریز نہیں: مشترکہ ذمہ داری اور عملی کارروائی کی ضرورت ہے

لسبیلہ (بیورو چیف): کوآپریٹو موومنٹ بلوچستان نے سمندر میں غیر قانونی ٹرالنگ اور ڈارک ویسلز کے معاملے پر اپنا مفصل بیانیہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ صرف محکمہ فشریز کو تمام خرابیوں کا ذمہ دار قرار دینا غیر منصفانہ اور ساحلی حقائق سے چشم پوشی کے مترادف ہے۔ سمندری تحفظ کی ذمہ داری متعدد اداروں پر عائد ہوتی ہے، لہٰذا الزام تراشی کے بجائے تمام اداروں کو مشترکہ طور پر قانون پر عمل درآمد کرنا ہوگا۔

کوآپریٹو موومنٹ بلوچستان کی جانب سے پیش کردہ مرکزی نکات اور مطالبات درج ذیل ہیں:

ا. کھلی کچہری میں مقامی ماہی گیروں کو سنا جائے

کمشنر لسبیلہ کی کھلی کچہری کے اقدام کا خیرمقدم کرتے ہوئے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ انڈیجینس فشرمینز کوآپریٹو سوسائٹیز کی نمائندہ یونین کو مدعو کیا جائے تاکہ وہ انتظامیہ کے سامنے براہ راست شواہد اور مسائل پیش کرسکیں۔

۲. پانچ فوری مطالبات

شفاف شکایتی نظام: ماہی گیروں کے لیے مخصوص ہیلپ لائن اور شکایتی نمبر قائم کیا جائے۔

فوری ایکشن: شکایت کی تصدیق کر کے متعلقہ بااختیار ادارے کو بروقت منتقلی یقینی بنائی جائے۔

آگاہی و پیش رفت: شکایت کنندہ کو کی جانے والی کارروائی سے باقاعدہ مطلع کیا جائے۔

کمیونٹی مانیٹرنگ: فشرمین کوآپریٹو سوسائٹیز کو ساحلی نگرانی میں مشاورتی حصہ دار بنایا جائے۔

شواہد پر مبنی نفاذ: ہر الزام کو قابلِ تصدیق شواہد کے ساتھ قانونی کارروائی سے منسلک کیا جائے۔

۳. مساوی مواقع اور یکساں رویہ

کسی ایک مخصوص سوسائٹی کو من پسند انتظامی سرپرستی دینے کے بجائے تمام قانونی کوآپریٹو سوسائٹیز کو مساوی مواقع دیے جائیں۔ سمندر کسی کی ذات، قبیلے یا ادارے کی جاگیر نہیں بلکہ ایک مشترکہ قومی اثاثہ ہے۔

۴. خیرات نہیں، بااختیار معیشت

ماہی گیر کو خیرات یا وقتی امداد کی نہیں بلکہ کاروبار، ٹیکنالوجی، کوآپریٹو ملکیت اور پالیسی سازی میں مساوی شراکت کی ضرورت ہے۔

اعلامیہ: سندھ بلوچستان گرینڈ فشرمین اجلاس (اکتوبر 2026ء ؒ)

اکتوبر میں سندھ اور بلوچستان کے ماہی گیروں، کوآپریٹو سوسائٹیز، ساحلی برادریوں، نوجوانوں اور خواتین کا مشترکہ گرینڈ اجلاس منعقد ہوگا جس کے ممکنہ نتائج درج ذیل ہوں گے:

مشترکہ سندھ–بلوچستان فشرمین اعلامیہ: حقوق اور تحفظ کی بنیادی سند۔

کوسٹل گریوانس نیٹ ورک (Coastal Grievance Network): ساحلی شکایات کا مشترکہ ڈیجیٹل و قانونی نظام۔

کمیونٹی کوسٹل مانیٹرنگ فریم ورک: مقامی ماہی گیروں کی مدد سے سمندری نگرانی کا نظام۔

پالیسی و قانونی سفارشات: وفاقی و صوبائی حکومتوں کے لیے عملی تجاویز۔

مشترکہ فالو اپ کمیٹی: فیصلوں پر عملدرآمد کے لیے رابطہ کمیٹی کا قیام۔

ہمارا نعرہ:

"ماہی گیر ایک، ساحل ایک، سمندر ایک"

" تقسیم نہیں، شراکت — خیرات نہیں، بااختیار کوآپریٹو معیشت!

رابطہ برائے میڈیا و معلومات:

Co-opMovement Balochistan
(CodeTheCoast|Coastal CooperativeMovement)
ویب سائٹ: CoastalCoop.org
ای میل: info@coastalcoop.org
president@coastalcoop.org

حب، لسبیلہ
24 ستمبر 2026
Co-op Movement Balochistan
CODE THE COAST | COASTAL COOPERATIVE MOVEMENT
ماہی گیر ایک
ساحل ایک
سمندر ایک
غیر قانونی ٹرالنگ
کی ذمہ دار صرف محکمہ فشریز نہیں
مشترکہ ذمہ داری اور عملی کارروائی کی ضرورت ہے
غیر قانونی ٹرالنگ اور ڈارک ویسز پر مشترکہ کارروائی
تمام کوآپریٹو سوسائٹیز کے لیے مساوی مواقع
شفاف شکایتی نظام (ہیلپ لائن)
مقامی ماہی گیرون کی شراکت (کمیونٹی مانیٹرنگ)
اکتوبر 2026
مسترکہ اعلامیہ | ڈیجیٹل سکایات نظام | کمیونٹی نگرانی | پالیسی سفارشات
سندھ بلوچستان
گرینڈ فشرمین اجلاس
تقسیم نہیں، شراکت — خیرات نہیں، با اختیار کوآپریٹو معیشت!
Co-op Movement Balochistan
(Code The Coast | Coastal Cooperative Movement)
CoastalCoop.org
info@coastalcoop.org | president@coastalcoop.org

راشن کی تقسیم اور مستحق افراد کی عزتِ نفس

ہمارے معاشرے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا بہت اچھی بات ہے۔ جب کسی غریب گھر میں راشن نہیں ہوتا، بچوں کے لیے کھانے پینے کی چیزیں موجود نہیں ہوتیں یا گھر کا سربراہ مالی مشکلات کا شکار ہوتا ہے تو ایسے وقت میں صاحبِ حیثیت لوگوں کا آگے بڑھ کر مدد کرنا ایک اچھا اور قابلِ تعریف عمل ہے۔ کسی ضرورت مند خاندان کو آٹا، چینی، گھی، دالیں، چاول اور دیگر ضروری اشیا فراہم کرنا یقیناً ایک بڑی خدمت ہے۔ اس طرح کئی گھروں میں کچھ دنوں کے لیے آسانی پیدا ہوتی ہے اور پریشان خاندان کو سہارا ملتا ہے۔ لیکن راشن دینے کے ساتھ ایک اہم بات کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے کہ جس شخص کی مدد کی جا رہی ہے، اس کی عزتِ نفس بھی محفوظ رہے۔ آج کل اکثر دیکھا جاتا ہے کہ کسی غریب خاندان کو راشن دیتے وقت تصاویر اور ویڈیوز بنائی جاتی ہیں اور پھر انہیں سوشل میڈیا پر شیئر کر دیا جاتا ہے۔ بظاہر یہ ایک عام بات محسوس ہوتی ہے، لیکن ہمیں سوچنا چاہیے کہ جس شخص کی مدد کی جا رہی ہے، اس کے دل پر اس عمل کا کیا اثر پڑتا ہے۔

غریب ہونا کوئی جرم نہیں اور مالی مشکلات میں مبتلا ہونا بھی کسی انسان کی غلطی نہیں۔ حالات کسی بھی شخص کو مشکل وقت میں مبتلا کر سکتے ہیں۔ آج جو شخص دوسروں کی مدد کر رہا ہے، ضروری نہیں کہ کل وہ خود کسی مشکل میں نہ ہو۔ زندگی ہمیشہ ایک جیسی نہیں رہتی۔ کاروبار میں نقصان ہو سکتا ہے، نوکری ختم ہو سکتی ہے، بیماری آسکتی ہے یا گھر میں کوئی ایسا مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے جس کی وجہ سے انسان دوسروں کی مدد کا محتاج ہو جائے۔ اسی لیے ضرورت مند انسان کو کبھی کم تر نہیں سمجھنا چاہیے۔ اگر ہم کسی کی مدد کر رہے ہیں تو ہمارا فرض ہے کہ اس کے ساتھ عزت اور محبت سے پیش آئیں۔ خاص طور پر سفید پوش لوگوں کی مشکلات کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں جو مالی پریشانی کے باوجود کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلاتے۔ وہ اپنی ضرورت چھپاتے ہیں، اپنے بچوں کی خواہشیں روک دیتے ہیں اور اپنے گھر کے اخراجات کم کر کے گزارا کرتے ہیں۔ جب ایسے کسی خاندان کو مجبوراً راشن لینا پڑے تو اس وقت ان کی مدد اس انداز میں ہونی چاہیے کہ انہیں شرمندگی محسوس نہ ہو۔ اگر راشن دیتے وقت ان کے چہرے کی تصاویر بنائی جائیں، ان کی حالت دکھائی جائے اور پھر وہ تصاویر سوشل میڈیا پر لگا دی جائیں تو ممکن ہے وہ شخص دوبارہ کسی سے مدد لینے سے بھی گریز کرے۔ اسے یہ خوف رہ سکتا ہے کہ اس کی غربت لوگوں کے سامنے ظاہر ہو جائے گی۔ راشن تقسیم کرنے والے افراد کو یہ بات سمجھنی چاہیے کہ ان کا اصل مقصد کسی ضرورت مند کی مدد کرنا ہے، اپنی تشہیر کرنا نہیں۔ اگر کسی شخص نے اپنی جیب سے پیسے خرچ کر کے دس، بیس یا سو خاندانوں میں راشن تقسیم کیا ہے تو یہ اچھی بات ہے، لیکن اس نیکی کی خوبصورتی اس وقت مزید بڑھ جاتی ہے جب وہ مستحق لوگوں کی عزت کا بھی خیال رکھے۔ راشن دینا ضروری ہے تو خاموشی سے دیا جا سکتا ہے۔ کسی ضرورت مند کو گھر بلا کر راشن دیا جا سکتا ہے، کسی نمائندے کے ذریعے راشن پہنچایا جا سکتا ہے یا اس کے گھر راشن پہنچا کر بغیر تصویر بنائے واپس آیا جا سکتا ہے۔ اس طرح مدد بھی ہو جائے گی اور ضرورت مند کی عزت بھی قائم رہے گی۔ یہ بات بھی درست ہے کہ فلاحی کاموں کی تشہیر سے بعض اوقات دوسرے لوگ بھی متاثر ہوتے ہیں اور وہ بھی ضرورت مندوں کی مدد کے لیے آگے آتے ہیں۔ لیکن تشہیر کا طریقہ ایسا ہونا چاہیے جس میں مستحق شخص کی عزت متاثر نہ ہو۔ اگر کسی ادارے یا شخص نے راشن تقسیم کیا ہے تو وہ صرف اتنا بتا سکتا ہے کہ فلاں علاقے میں اتنے خاندانوں کو راشن فراہم کیا گیا۔ اس کے لیے ہر خاندان کے چہرے کی تصویر دکھانا ضروری نہیں۔ اگر تصاویر بنانا ضروری سمجھا جائے تو ایسی تصاویر بنائی جا سکتی ہیں جن میں ضرورت مند افراد کے چہرے واضح نہ ہوں۔ مقصد یہ ہونا چاہیے کہ خدمت کا پیغام عام ہو، کسی غریب کی مجبوری نہیں۔ ہمیں خاص طور پر بچوں کے بارے میں بھی سوچنا چاہیے۔ بعض اوقات راشن تقسیم کرتے ہوئے غریب بچوں کو بھی کیمرے کے سامنے کھڑا کر دیا جاتا ہے۔ ان کے چہروں پر بھوک، پریشانی اور غربت کے آثار صاف نظر آتے ہیں۔ پھر یہ تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کی جاتی ہیں۔ ہمیں سوچنا چاہیے کہ جب یہ بچے بڑے ہوں گے اور اپنی پرانی تصاویر دیکھیں گے تو ان کے دل پر کیا گزرے گی۔ ہو سکتا ہے انہیں یہ بات اچھی نہ لگے کہ ان کی غربت اور مجبوری لوگوں کے سامنے دکھائی گئی۔ اس لیے بچوں کی عزت اور ان کے مستقبل کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔ ہمارے معاشرے میں بہت سے لوگ خاموشی سے دوسروں کی مدد کرتے ہیں۔ وہ نہ تصاویر بناتے ہیں، نہ ویڈیوز بناتے ہیں اور نہ ہی سوشل میڈیا پر اپنی نیکی کا ذکر کرتے ہیں۔ وہ کسی کے گھر راشن پہنچا دیتے ہیں، کسی بیمار کا علاج کروا دیتے ہیں، کسی بچے کی فیس ادا کر دیتے ہیں یا کسی ضرورت مند کو روزگار کا ذریعہ فراہم کر دیتے ہیں۔ ایسے کاموں سے کئی خاندانوں کی زندگی آسان ہوتی ہے۔ ہمیں ایسے ہی انداز کو فروغ دینے کی ضرورت ہے جس میں مدد بھی ہو اور عزت بھی محفوظ رہے۔ اصل خدمت یہ ہے کہ ضرورت مند کو یہ محسوس نہ ہو کہ وہ کسی پر بوجھ ہے۔ اگر کسی خاندان کو راشن کی ضرورت ہے تو اسے راشن دیتے ہوئے محبت سے بات کی جائے۔ اسے یہ احساس دیا جائے کہ مشکل وقت ہر انسان کی زندگی میں آسکتا ہے اور مدد لینا کوئی شرمندگی کی بات نہیں۔ اگر ہم کسی کو ایک تھیلا راشن دے کر اس کی تصویر بناتے ہیں اور پوری دنیا کو بتاتے ہیں کہ ہم نے فلاں غریب کی مدد کی ہے تو ممکن ہے راشن ختم ہونے کے بعد بھی اس شخص کے دل میں شرمندگی باقی رہے۔ اس کے مقابلے میں اگر ہم خاموشی سے اس کی ضرورت پوری کر دیں تو ممکن ہے وہ ہمیشہ ہمارے اس رویے کو عزت اور محبت سے یاد کرے۔ فلاحی کاموں میں نیت کے ساتھ طریقہ بھی اہم ہوتا ہے۔ اگر مقصد واقعی انسان کی مدد ہے تو اس کی عزتِ نفس کو نقصان نہیں پہنچنا چاہیے۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ ہر غریب شخص کے بھی جذبات ہوتے ہیں۔ اس کے بھی رشتے دار، دوست اور جاننے والے ہوتے ہیں۔ اگر اس کی تصویر سوشل میڈیا پر آجائے تو ممکن ہے وہ لوگ بھی اسے دیکھیں جن کے سامنے وہ اپنی مالی مشکلات ظاہر نہیں کرنا چاہتا۔ اس لیے کسی کی مدد کرنے سے پہلے یہ سوچنا چاہیے کہ کہیں ہماری مدد اس کے لیے نئی پریشانی تو نہیں بن رہی۔ آج سوشل میڈیا کا دور ہے۔ ایک تصویر یا ویڈیو چند منٹوں میں ہزاروں لوگوں تک پہنچ سکتی ہے۔ جو تصویر ہم چند لمحوں کے لیے بناتے ہیں، وہ کئی سال تک انٹرنیٹ پر موجود رہ سکتی ہے۔ اس لیے دوسروں کی تصاویر شیئر کرتے وقت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔ خاص طور پر غریب، بیمار، یتیم، بیوہ اور ضرورت مند افراد کی تصاویر بغیر سوچے سمجھے شیئر نہیں کرنی چاہییں۔ ان لوگوں کی مجبوری کو ان کی اجازت کے بغیر عوام کے سامنے لانا مناسب نہیں۔ ہمیں اپنے معاشرے میں ایسا ماحول بنانا چاہیے جہاں مدد لینے والا شخص شرمندہ نہ ہو اور مدد کرنے والا شخص اپنی نیکی کی تشہیر کا محتاج نہ ہو۔ اگر کسی کے پاس زیادہ ہے تو وہ کم رکھنے والے کا سہارا بنے۔ اگر کسی کے گھر میں کھانا زیادہ ہے تو وہ بھوکے گھر تک پہنچائے۔ اگر کسی کے پاس وسائل ہیں تو وہ ضرورت مند بچوں کی تعلیم میں مدد کرے۔ لیکن ہر کام عزت اور احترام کے ساتھ کیا جائے۔ آخر میں بات صرف راشن کی نہیں بلکہ انسان کی عزت کی ہے۔ راشن چند دن کے لیے گھر کا خرچ آسان کر سکتا ہے، لیکن عزتِ نفس انسان کے لیے بہت قیمتی ہوتی ہے۔ اس لیے جب بھی کسی مستحق خاندان کی مدد کریں تو اس کے ہاتھ میں راشن کا تھیلا ضرور دیں، لیکن اس کے ساتھ اس کی عزت بھی محفوظ رکھیں۔ ضرورت مند کی مدد کریں، مگر اس کی مجبوری کو نمائش نہ بنائیں۔ خدمتِ خلق کا اصل مقصد یہی ہونا چاہیے کہ کسی پریشان انسان کا بوجھ کم ہو، اس کے گھر کا چولہا جل جائے، اس کے بچوں کے چہروں پر خوشی آئے اور اسے یہ احساس ہو کہ معاشرہ اس کے ساتھ کھڑا ہے۔ اگر ہم مدد کے ساتھ عزت بھی دیں گے تو ہماری یہ چھوٹی سی کوشش ایک بڑے انسانی کام میں بدل جائے گی۔ یہی ایک بہتر معاشرے کی پہچان ہے کہ وہاں غریب کی مدد بھی کی جاتی ہے اور اس کی عزت بھی کی جاتی ہے۔

پس آئینہ
زوہیب حسن بھٹی
Zohaibhassanbhattirajpoot@gmail.com

پھول نگر کا دلہا وطن پر قربان

یہ خبر نہیں، یہ ایک ماں کی اجڑتی دنیا کی کہانی ہے۔ یہ تحریر خون سے لکھی گئی وفا کی داستان ہے۔ یہ کہانی ہے ضلع قصور پھول نگر کی اس زرخیز مٹی کی جس نے ہمیشہ پاکستان کے لیے بہادر بیٹے پیدا کیے ہیں آج اسی دھرتی کے نواحی گاؤں کانویں ملیاں کی فضا میں شادی کے گیتوں کی جگہ شہید کے نعرے ہیں، ولیمے کی خوشبو کی جگہ قبر کی مٹی کی مہک ہیہنگو میں شہید ہونیوالے نواحی گاؤں کانویں ملیاں کے رہائشی پاک فوج کے 23 سالہ جوان حمزہ شبیر کو گاؤں کے قبرستان میں فوجی اعزاز کیساتھ سپرد خاک کر دیا گیا حمزہ کی 8 ماہ قبل شادی ہوئی تھی، اڑھائی ماہ قبل وہ ڈیوٹی پر واپس گیا اور پھر چھٹی نہ ملنے کے باعث واپس نہ آسکا۔ حمزہ شہید کے کزن کی بارات واپس آ رہی تھی کہ حمزہ کی شہادت کی خبر ملی اور آج ولیمے کے روز حمزہ کی میت گاؤں پہنچ گئی جس پر ولیمے کی تقریب ملتوی کر دی گئی سوچیں، ایک گھر میں دو خوشیاں تھیں۔ ایک طرف کزن کی بارات واپس آئی، دوسری طرف 8 ماہ پہلے دلہا بننے والے حمزہ کی میت جھنڈے میں لپٹی واپس آئی۔ جس صحن میں آج ولیمے کے چولہے جلنے تھے، وہاں آج جنازے کا غسل ہو رہا تھا۔ جس ماں نے 8 ماہ پہلے اپنے بیٹے کو سہرا باندھ کر رخصت کیا تھا، آج اسی ماں نے اسی بیٹے کو فوجی جھنڈے میں لپیٹ کر قبر میں اتارا ہے۔ یہ ہے وہ قیمت جو اس مٹی کے لوگ ادا کر رہے ہیں پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق 20 ستمبر 2026 کی رات ضلع ہنگو میں فتنہ الخوارج کے بزدل دہشت گردوں نے چیک پوسٹ پر حملہ کیا۔ جوانوں نے بھرپور جواب دیا اس خونریز مقابلے میں 6 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا جبکہ 8 خوارجیوں کو جہنم واصل کیا گیا ہمارے 6 شہداء ؒ جنہیں پوری قوم سلام پیش کرتی ہے کیپٹن ابوذر فاروق شہید (بعض اطلاعات میں کیپٹن حمزہ اکرم شہید) لیفٹیننٹ شیراز بابر شہید، سپاہی شکیل احمد شہید، سپاہی محمد عثمان عزیز شہید، سپاہی حمزہ شبیر شہید – گاؤں کانویں ملیاں، پھول نگر ضلع قصور، نان کمبیٹنٹ غلام سجاد شہید ہویان میں کیپٹن حمزہ اکرم شہید کے بارے میں بتایا گیا کہ انہوں نے شہادت سے قبل اکیلے 7 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا ہنگو میں شہید ہونے والے ان 6 جوانوں کی نماز جنازہ گزشتہ رات پشاور میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی، کور کمانڈر پشاور، شہداء ؒ کے لواحقین اور سینئر سول و عسکری حکام نے بڑی تعداد میں شرکت کی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ "شہداء ؒ ہمارے سروں کا تاج ہیں اور ان کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ قوم شہداء ؒ کی عظیم قربانیوں کا قرض کبھی نہیں اتار سکتی۔ جنازے کے بعد شہداء ؒ کے جسد خاکی آبائی علاقوں کو روانہ کر دیے گئے جہاں انہیں پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا گیا وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی وطن عزیز کے بہادر سپوت شہید کیپٹن حمزہ اکرم کی رہائش گاہ پر بھی گئے۔ انہوں نے شہید کے والد اور بھائی سے ملاقات کی، دلی ہمدردی، تعزیت اور فاتحہ خوانی کی اس موقع پر شہید کے والد نے جو جملہ کہا وہ آج پورے پاکستان کا نعرہ بن گیا ہے۔ والد نے کہا "میرا بیٹا حمزہ پاکستان پر قربان ہوا، دوسرا بیٹا بھی پاکستان کے لیے حاضر ہے۔ شہید حمزہ نے ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔ پاکستان ہے تو ہم ہیں، پاکستان نہیں تو کچھ نہیں وزیر داخلہ نے اس عظیم باپ کے حوصلے کو سراہتے ہوئے کہا کہ " آپ جیسے عظیم والد کے حوصلے پر پوری قوم کو ناز ہے۔ شہید کا بلند جذبہ اور غیر معمولی جرات ہی قوم کی اصل طاقت ہے۔ شہید کا خون وطن کے تحفظ کی ضمانت ہے یہی جذبہ ہمارے پھول نگر کے 23 سالہ حمزہ شبیر کی فیملی کا بھی ہے۔ جب ان سے پوچھا گیا تو انہوں نے کہا ہمیں اپنے بیٹے کی شہادت پر فخر ہیا پنی اہم نیوز کانفرنس میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے انتہائی اہم اور دل کو چھو لینے والی بات کی۔ انہوں نے کہا "ہمارے جوان شہید ہو رہے ہیں، یہ شہید ہمارے ہیں نہ ان کے، یہ پاکستان کے شہید ہیں سیاسی اختلاف اپنی جگہ مگر کے پی حکومت کا کوئی وزیر شہداء ؒ کے جنازے میں شریک نہیں ہوا۔ یہ افسوسناک ہے دیکھیں دلی دکھ ہوا کے کے پی حکومت پر کہ ان کے وزیروں و دیگر کی جانب سے شہیدوں کی نماز جنازہ میں شرکت نہ کرنا افسوس ناک ہے۔ انہوں نے اسلام آباد پر چڑھائی کی تیاریوں پر بھی دوٹوک پیغام دیا کہ "اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی تیاری ہو رہی ہے، اس بار یہ نہیں ہوگا کہ آپ آئیں اور ملک 10،20 دن کے لیے بند ہو جائے۔ جو اسلام آباد کو بند کرنے کی کوشش کرے گا اس سے سختی سے نمٹا جائے گا اسی دوران قلات میں این 25 پر سیکیورٹی فورسز نے 5 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر کے 23 مغویوں کو بازیاب کرایا، جس پر وزیر داخلہ نے سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا آج کانویں ملیاں کی اس قبر میں صرف حمزہ شبیر نہیں سویا، وہاں پاکستان کا فخر سویا ہے۔ وہ قبر ہمیں یاد دلاتی رہے گی کہ 8 ماہ پہلے جس کے ہاتھوں پر مہندی تھی، آج اس کے خون سے اس دھرتی کی مہندی بنی ہیاللہ کریم شہید حمزہ شبیر سمیت تمام 6 شہداء ؒ کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین پاکستان زندہ باد، پاک فوج پائندہ باد۔

کالم نگار
محمد نوید بھٹی پتوکی
pattokinews049@gmail.com

احتجاج ہر قوم کا حق، جہاں ناانصافی ہو!

پولیس کے مطابق بچے کی تاحال شناخت نہیں ہو سکی ہے۔

بقیہ سحر 46

مزید کہا کہ پی ٹی آئی اور مسلم لیگ ن نے عوام کو سخت مایوس کیا ہے، تمام سیاسی جماعتیں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہیں، موجودہ حالات میں واحد سیاسی جماعت پیپلز پارٹی اور لیڈر بلاول بھٹو زرداری ہیں جو ملک کو مسائل سے نکال کر ترقی اور خوشحالی کی طرف گامزن کر سکتے ہیں۔

بقیہ سحر 47

ذہنی وجسمانی صلاحیتوں کو نکھارنا ہے۔ ای لائبریری میں منعقدہ کوئز اور تقریری مقابلے بچوں میں اعتماد اور معلومات عامہ میں اضافے کا بہترین ذریعہ ثابت ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ سپورٹس سالانہ کیلنڈر کے تمام اہداف کو احسن طریقے سے پورا کر رہا ہے۔ ہم مستقبل میں بھی نصابی وہم نصابی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھیں گے تاکہ ہمارے بچے ملک وقوم کا نام روشن کر سکیں

بقیہ سحر 48

کا سہارا لیے بغیر مجھ سے مل سکتا ہے عوام دوست ملنسار شخصیت کے مالک اور شہر کے لیے کچھ کر گزرنے کا عزم رکھنے والے اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر بابر سلیمان نے سینئر صحافی کالم نگار ڈاکٹر اللہ رکھا بابر کے سوال کے جواب میں کہا کہ صحافیوں سول سوسائٹی کی تجاویز پر عمل پیرا ہو کر سوروج اور صفائی اور دیگر مسائل کا حل تلاش کریں گے اور سب کو ساتھ لے کر چلیں گے انہوں نے تحمل سے صحافیوں کی تجاویز سنیں اور نوٹس بھی تیار کئے انہوں نے تنقید کا کندھا پیشانی سے سامنا کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں جو بھی ہوا اس کو بھلا کر آگے بڑھیں گے

بقیہ سحر 49

رانا نے کہا کہ حضور غوث پاک کی مبارک زندگی شریعت محمدی کی پابندی، علم ومعرفت اور خدمت خلق کا روشن مینار ہے۔ عرس مبارک منانے کا اصل مقصد آپ کی تعلیمات کو اپنانا اور اپنی زندگیوں کو ان کے مطابق ڈھالنا ہے۔ عرس مبارک کے آغاز پر ختم شریف کا انعقاد، بعد ازاں غوثیہ لنگر کا وسیع انتظام کیا گیا، جہاں عقیدت ومحبت کا اظہار کیا گیا۔ حسب روایت عرس مبارک میں قرآن خوانی نعت خوانی اور پاکستان کے معروف قوال حضرت نے سرکار غوث اعظم کے حضور نذرانہ عقیدت پیش کیا گیا تین روزہ تقریبات میں حاجی محمد انتظار رانا کی طرف سے ضرورت زندگی سامان جہیز سمیت 5 جوڑوں کی اجتماعی شادیاں کی گئیں نکاح صاحبزادہ پیر خالد سلطان حق باہو نے پڑھایا دوسرے روز محفل بڑی گیارہویں شریف منعقد ہوئی جس میں ملک پاکستان کے معروف نعت خواں حضرات کے علاوہ حضرت پیر سید احمد کمال شاہ مولانا محمد فاروق خان سعیدی آف ملتان پیر سید طحہٰ تنویر نقوی نے فلسفہ گیارویں شریف پر روشنی ڈالی بذریعہ قرعہ اندازی 5 خوش نصیب افراد کو عمرہ کے ٹکٹ دئے گئے تقریب میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما عبدالقادر شاہین خواجہ رضوان عالم راو خورشید ڈاکٹر اللہ رکھا بابر ڈاکٹرز وکلاء انتظامیہ سمیت پنجاب بھر سے علمائے کرام سیاسی مذہبی اور شہری عمائدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی واضح رہے کہ محفل سماع میں وجدانی کیفیت طاری کردی اور حاجی محمد انتظار رانا سمیت حاضرین محفل پر وجدانی کیفیت طاری ہوگئی۔

بعدالت جناب اسسٹنٹ کلیکٹر ریونیو افسر حلقہ جوڑہ

درخواست تقسیم اراضی

محمد اسلم بنام محمد حنیف اشتہار بنام محمد حنیف محمد یوسف پسران نسرین بیگم سائرہ بی بی دختران نواب خان ساکن ٹھلہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 26-09-2026 کوعدالت حاضرائیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Afzal

بعدالت جناب احمد شیر گوندل صاحب اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں

درخواست اپیل

بشیر بیگم بنام محمد بوٹا اقبال

اشتہار بنام محمد بوٹا اقبال ولد محمد حیات قوم اعوان ساکن پنڈی اعوان تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 26-09-2026 کوعدالت حاضرائیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Afzal

بعدالت جناب محمد آصف گل صاحب سول جج تحصیل پنڈ دادنخان ضلع جہلم

درخواست سٹیفکیٹ جانشینی عنوان مقدمہ ظفر اقبال بنام عوام الناس اخبار اشتہار منجانب ظفر اقبال ولد محمد حسین ،قوم راجپوت ،ساکن محلہ نیوماڈرن کالونی کھیوڑہ ،تحصیل پنڈ دادنخان، ضلع جہلم۔ (سائل)

ہرگاہ درخواست عنوان بالا سائل نے عدالت حضور میں دائر کر رکھی ہے جس میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 29-09-2026 بوقت 08 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بقیہ سحر 50

مفت اسلحہ لائسنس جاری کئے جائیں ہر پریس کلب کو بلڈنگ دی جائے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کی صورت میں صحافی کے بچوں کی تعلیم اور کفالت کی ذمہ داری حکومت لے تاکہ آزادی صحافت کا حکومتی نعرہ عملی طور پر ثابت ہو سکے۔

بقیہ سحر 51

جا رہی ہیں، جن کا مقصد شہریوں کو ان کی دہلیز پر ریلیف کی فراہمی اور مسائل کا فوری ازالہ ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات پر قانون وضابطے کے مطابق مقررہ طریقہ کار کے تحت فوری کارروائی یقینی بنائی جائے۔ کمشنر نے شہریوں کو ان کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

بروئے انتقال نمبر 1019، وراثت موضع کوٹلی خانوں، تحصیل ڈسکہ کے تحت متوفیہ مسمات طاہرہ بی بی بیوہ محمد ارشد ساکن ڈاکخانہ میترانوالی ،کوٹلی خانوں، تحصیل ڈسکہ، ضلع سیالکوٹ کا مورخہ 09-12-2022 کو فوت ہونا درج ہوا ہے جس کے شرعی وارثان کے نام وراثت کا انتقال ابھی تک درج نہ ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں وسیم عباس ،لقمان علی، خضر عباس پسران، سانیہ ارشد ،صنم شہزادی دختران زندہ بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج ہر پشت انتقال میں اگر ان وارثان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو یا کسی کو علم ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کر دیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر ودستخط سے جاری ہوا۔

Cr..Zia

بعدالت جناب محمد ارشد گوندل صاحب ریونیو افسر اسسٹنٹ کلیکٹر درجہ اول کھاریاں

درخواست تقسیم اراضی

محمد عارف بنام محمد زمان

اشتہار بنام محمد زمان پسر خانم بی بی، نسیم بی بی، حلیمہ بی بی دختران ابراہیم ولد اللہ رکھا، خواجہ ولد محمد، محمد اصغر ولد اللہ داد، محمد صادق، غلام احمد پسران اللہ دتہ، محمد اعظم، محمد عارف پسران عمران، احمد، محمد طیب ولد محمد صادق، محمد توصیل پسر نزیر بیگم دختر اخلاق خان، اکبر علی، محمد اسلم، محمد اشرف پسران بالو، اکبر علی، غلام سرور، غلام رسول، احمد خان پسران محمد خان، محمد بوٹا ولد برکت علی، ظفر اقبال ولد اللہ دتہ، محمد حنیف ولد رحمت خان، سردار بی بی زوجہ محمد ظریف، محمد لطیف ولد رحمت خان، فضل داد خاوند نظیر بیگم، عنایت بیگم بیوہ برکت علی، محمد اعظم، محمد اکبر پسران عنایت علی، اللہ دتہ، فضل داد، پسران رحمت، پولا پسر نور بیگ، دختر محمد، نظیر بیگم بیوہ عزیز بیگم دختر اللہ دتہ، محمد ریاض، محمد نواز، محمد صادق، محمد خالق پسران، رشید بیگم دختر فضل داد، محمد عارف ولد رحمت داد، محمد حسین، محمد انور پسران محمد فاضل، عبدالرحمٰن، مہندی خان پسران اللہ دتہ، محمد فیاض، محمد رفیع، پسران محمد اسلم، محمد شریف، محمد ظریف پسران محمد بوٹا، محمد احسان ولد محمد رفیق، محمد لطیف، بشیر احمد پسران رحمت، خان لطیف، رفیق پسران احمد خان، امجد، ارشد، اسجد پسران، ریحانہ کوثر، صفیہ بی بی، دختران محمد ظریف، حکیم علی پسر فضل بیگم، فضل بیگم دختر نور احمد، مشتاق احمد ولد اخلاق خان، قوام گجر، ساکنائے کوٹلی بجاڑ تحصیل کھاریاں، ضلع گجرات، غلام رسول، غلام سرور، غلام نبی، ناصر، پسران فضل داد، صادق ولد تاج الدین، محمد زبیر، محمد فاروق، محمد مصدق پسران محمد صادق، غلام فرید، حبیب الرحمٰن پسران نور عالم، خلیل سرور، جمیل سرور، کفیل سرور پسران غلام سرور، عبدالغفور، عابد، عبدالرشید پسران محمد دین، شریف بیگم بیوہ محمد شمیم، محمد نعیم، محمد کلیم، محمد مقیم، محمد فہیم، محمد علی پسران، راحیلہ نرگس، دختر محمد بشیر، نسیم بی بی بیوہ عبدالوحید، ثاقب، عبدالمجید ساجد، عبدالوکیل سالک، عبدالجلیل، آصف پسران، عبدالمجید عاطف، مہر دین ولد بگا، اقبال عزیز پسر، آمنہ بیگم بیوہ، سادیہ عزیز دختر عبدالعزیز، عبدالرحمٰن، عارف ولد مہر دین، حبیب الرحمٰن، شاہد مجتبیٰ، شہزاد مصطفیٰ، عارف پسران محمد عارف، پسران عبدالرحمٰن، عارف، سہیل یاسین خاوند یاسین، جواد یاسین پسران، صدف یاسین، مقدس یاسین، سندس یاسین دختران عبدال یاسین، محمد صادق ولد تاج دین، زبیر، فاروق، مصدق پسران محمد صادق، غلام فرید، حبیب الرحمٰن پسران نور عالم، فضل داد ولد تاج دین، مہندی خان ولد اعظم، لیاقت غفور، انصر غفور، رضوان غفور پسران عبدالغفور، محمد ولد صابر حسین، محمد خان ولد رحمت، مظفر اقبال، ظفر اقبال پسران محمد خان، محمد لطیف پسر نظیر بیگم دختر اللہ دتہ، رقیہ زوجہ سمیرا اکبر، دختر محمد اکبر، محمد اکبر، محمد اسدر، محمد اسیت پسران محمد شریف، محمد اعظم ولد محمد دین، محمد ساجد ولد محمد صادق، نور بیگم بیوہ محمد عارف، محمد انور، محمد اشرف پسران خالدہ، دختر نیاز علی، راج بیگم دختر چراغ دین، محمد بشیر، عبدالغفور، عبدالرشید، عبدالمجید پسران راج بیگم، آمنہ دختر تاج دین، محمد اسلم، محمد اشرف، محمد انور پسران خاصہ، محمد خالد، جاوید، محمد اشرف پسران، نزر بیگم بیوہ محمد اسلم، ندیم اشرف ولد محمد اشرف، محمد اشرف، محمد بشیر ولد آجو، محمد تنویر، محمد شبیر پسران محمد بشیر، بشیر بیگم، نظیر بیگم، عنایت بیگم، دختران محمد لطیف، محمد رفیق پسران لال، محمد اسلم، محمد عالم، ساکن تحصیل کھاریاں، ضلع گجرات۔

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 28-09-2026 کوعدالت حاضرائیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Afzal

بعدالت جناب محمد نعیم صاحب سول/ گارڈین جج/ فیملی کورٹ/ جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول پھالیہ

عنوان: سعدیہ بنام محمد وقاص

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع

اشتہار بنام: محمد وقاص ولد اللہ رکھا ساکن مجاہد کالونی بوریوالہ تحصیل وضلع وہاڑی

ہرگاہ مدعا علیہ کو نوٹس۔ رجسٹری d/a کے ذریعہ سے تعمیل ہونا مشکل ہے اس لیے مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مورخہ 28-09-2026 کو بوقت 8 بجے صبح عدالت جناب میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو۔ ورنہ مدعا علیہ کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

یہ اشتہار بحکم عدالت ہذا جاری ہوا ہے۔

Cr..Sarfraz

بعدالت جناب محمد عمران یوسف صاحب سول جج جہلم

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع عنوان مقدمہ نسرین اختر بنام جاوید اقبال اخبار اشتہار بنام جاوید اقبال ولد منظور احمد ساکن چک نمبر 135 شمالی تحصیل سلانوالی ضلع سرگودھا۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 03-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بقیہ سحر 1

باکس متعارف کرانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ ڈیجیٹل میڈیکل باکس میں الٹرا ساؤنڈ، بلڈ شوگر، سی بی سی اور ای سی جی کی جا سکے گی۔ ڈیجیٹل میڈیکل باکس سے کیمرہ منسلک کر کے ٹیلی کانفرنس بھی ہو سکے گی۔ اسی طرح موبائل سے لنک ہونے والی سمارٹ الٹرا ساؤنڈ ڈیوائس بھی متعارف کرائی جائے گی۔

بقیہ سحر 2

کی فراہمی اور حکمرانی کے مسائل حل نہیں ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ 18ویں ترمیم کے بعد اختیارات کی بڑی تعداد صوبوں کو منتقل ہوئی اور عملی طور پر ملک چار حصوں میں تقسیم ہوگیا ہے، صوبوں کو مالی وسائل مل رہے ہیں اس لیے ہم خاموش ہیں، تاہم آبادی میں اضافے اور انتظامی ضروریات کے باعث موجودہ نظام پر نظرثانی کی ضرورت ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ بڑے صوبوں میں انتظامی امور اور وسائل کی تقسیم کے مسائل بڑھ رہے ہیں، اس لیے ملک میں نئے انتظامی یونٹس اور صوبوں کے قیام پر سنجیدہ بحث ہونی چاہیے۔ ان کے مطابق چھوٹے انتظامی یونٹس قائم ہونے سے اختیارات عوام کی دہلیز تک پہنچانے اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد مل سکتی ہے۔ وفاقی وزیرِ صحت نے کہا کہ نئے صوبوں کا معاملہ صرف کسی ایک علاقے یا جماعت کا مسئلہ نہیں بلکہ ملک کے انتظامی اور معاشی مستقبل سے متعلق اہم معاملہ ہے، جس پر سیاسی جماعتوں اور تمام متعلقہ حلقوں کو قومی سطح پر غور کرنا چاہیے۔

بقیہ سحر 3

کے فروغ میں اقوام متحدہ کے مرکزی کردار کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ کے منشور کے مقاصد اور اصولوں سے پاکستان کی وابستگی بھی واضح کی۔ وزیراعظم نے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کی قیادت کو سراہتے ہوئے انسانیت کی بہتری اور اقوام متحدہ کے منشور کی پاسداری کیلئے ان کے کردار کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ سحر 4

کٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی سے ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعلقات پر بات چیت کی، جس میں مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کی تیاریاں بھی شامل تھیں۔ انہوں نے علاقائی اور بین الاقوامی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ بحرین کے وزیر خارجہ نے علاقائی امن و استحکام کو فروغ دینے میں پاکستان کے تعمیری کردار کی تعریف کی۔ دونوں وزرائے خارجہ نے دو طرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور دوطرفہ و کثیر الجہتی فورمز پر قریبی رابطہ برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ سحر 5

(UET) کے سابق طلباء کے ساتھ ایک نشست میں شرکت کی۔ شرکاء میں پاکستان کی یونیورسٹیوں برائے انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور، پشاور اور ٹیکسلا کے سابق طلباء شامل تھے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی رکن پارلیمنٹ اسلم رانا تھے، جو خود بھی پاکستان کی یونیورسٹیوں برائے انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے سابق طالب علم رہ چکے ہیں۔ ہائی کمشنر محمد سلیم نے کینیڈا میں سماجی و اقتصادی ترقی کے لیے پاکستانی نژاد پیشہ ور افراد کی گراں قدر خدمات کو سراہا۔ محمد سلیم نے انجینئرنگ اور دیگر ہائی ٹیک (جدید ٹیکنالوجی) کے شعبوں میں پاکستان اور کینیڈا کے درمیان تعاون کو بڑھانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ سحر 6

اقدامات کے حوالے سے شرکاء کو اعتماد میں لیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امریکا بزنس کونسل اور بزنس کونسل فار انٹرنیشنل انڈر اسٹینڈنگ اسلام آباد و واشنگٹن کے درمیان بہترین پل ہیں، پاکستان امریکا تعلقات گزشتہ ایک سال کے دوران بہت بہتر ہوئے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہماری معیشت اب مستحکم اور ترقی کی جانب گامزن ہے، خلیج کا بحران ہمارے لیے ایک مشکل مرحلے پر آیا، پاکستان خطے میں امن کے قیام کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوست اور برادر ممالک کے تعاون سے خطے میں طویل مدتی امن حاصل کرنے کی امید ہے، خطے میں طویل مدتی امن، کاروبار اور سرمایہ کاری کیلئے انتہائی اہم ہے، پاکستان میں بڑے پیمانے پر ساختی اور پالیسی سطح کی اصلاحات کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ معیشت کو ڈیجیٹائز کرنے، ٹیکنالوجی اور ای گورننس پر تیزی سے کام جاری ہے، پاکستان کے زرعی شعبے میں سرمایہ کاری کی بے پناہ استعداد موجود ہے، مصنوعی ذہانت، جدید ٹیکنالوجی اور مشینری کے استعمال سے فی ایکڑ پیداوار بڑھائی جا سکتی ہے۔

بقیہ سحر 7

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیرصدارت کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی امور کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف وزارتوں اور ڈویژنز کی جانب سے پیش کردہ قانونی و ریگولیٹری ترامیم اور قواعد کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اوگرا فیس اینڈ چارجز رولز کے مسودے کی منظوری دے دی گئی۔ مجوزہ ترامیم کا مقصد اوگرا کے زیرانتظام مختلف ریگولیٹری خدمات اور لائسنسنگ سے متعلق فیسوں اور چارجز کے نظام کو موجودہ ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ کمیٹی نے جنریشن، ٹرانسمیشن اینڈ ڈسٹری بیوشن آف الیکٹرک پاور ایکٹ 1997 میں مجوزہ ترامیم کی مشروط منظوری دے دی۔ منظوری کو مسودے میں کمیٹی کی سفارشات اور تجاویز شامل کرنے سے مشروط قرار دیا گیا۔ کمیٹی نے پاکستان کوسٹ گارڈز ایکٹ 1973 میں ترمیم کی منظوری بھی دیدی جس کا مقصد کوسٹ گارڈز بینیولنٹ فنڈ کے قواعد وضوابط کو باقاعدہ قانونی فریم ورک فراہم کرنا اور اس کے انتظام و آپریشن کے لیے قواعد مرتب کرنا ہے۔ کمیٹی نے ڈرگز (ریسرچ) رولز 1978 میں مجوزہ ترامیم کی بھی منظوری دے دی۔ مجوزہ ترمیم کے تحت مرکزی تحقیقی فنڈ سے عالمی معیار کی تحقیقی و لیبارٹری سہولیات کے قیام، بہتری اور اپ گریڈیشن کے لیے مطلوبہ قانونی گنجائش فراہم کی جائے گی

بقیہ سحر 8

اجلاس میں لانگ مارچ سے متعلق فیصلہ ہوگیا جس کے مطابق 27 ستمبر کا لانگ مارچ موخر کر کے 5 اکتوبر کو کیا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ اس فیصلے کا باضابطہ اعلان محمود اچکزئی، علامہ ناصر کو اعتماد میں لینے کے بعد کیا جائے گا۔ اس سے قبل سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی خیبرپختونخوا شوکت یوسفزئی نے کہا تھا کہ لانگ مارچ ختم کرنے کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف لانگ مارچ کے لیے مکمل تیار ہے، لانگ مارچ پرامن ہوگا اور اس میں سرکاری وسائل استعمال نہیں کیے جائیں گے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ وفاقی حکومت مذاکرات کرے تو لانگ مارچ سے متعلق کچھ فیصلہ ہوسکتا ہے، تاہم اس بار کچھ حاصل کیے بغیر لانگ مارچ ختم نہیں ہوگا۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ ہمیں کنٹینرز ہٹا کر راستے کھولنے کی ضرورت نہیں، جہاں راستہ بند ہوگا وہیں دھرنا دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے کنٹینرز کے ذریعے راستے بند کر کے عدالتی فیصلے کی خلاف ورزی کی ہے، ہمیں کنٹینرز ہٹا کر راستے کھولنے کی ضرورت نہیں، جہاں راستہ بند ہوگا وہیں دھرنا دیا جائے گا۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ وفاقی حکومت عدالتی فیصلوں پر عمل درآمد کرائے اور بانی پی ٹی آئی تک ان کے وکلا اور اہلِ خانہ کو رسائی دی جائے

بقیہ سحر 9

کلائمیٹ امپلیمنٹیشن برج سے متعلق تقریب سے خطاب کے دوران موسمیاتی وعدوں کو عوام کے لیے عملی نتائج میں بدلنے پر زور دیا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ موسمیاتی اہداف کے موثر نفاذ کے لیے مضبوط پالیسی فریم ورک ضروری ہے، موسمیاتی منصوبوں کے لیے مالی وسائل تک رسائی اور ملکی استعداد بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ملکی وسائل، عالمی اداروں اور موسمیاتی فنڈز سے مالی وسائل متحرک کر رہا ہے، ادارہ جاتی تقسیم موسمیاتی منصوبوں پر موثر عملدرآمد میں رکاوٹ ہے، سرمایہ کاری کے قابل منصوبوں کی کمی موسمیاتی مالی معاونت میں رکاوٹ ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ 2022 کے سیلاب کے بعد بعض عالمی مالی وسائل منصوبوں کی کمی سے استعمال نہ ہو سکے، موسمیاتی وعدوں کو عوام اور کمیونٹیز کیلئے ٹھوس نتائج میں تبدیل کرنا ہوگا۔ وزیر خزانہ کے مطابق موسمیاتی اہداف کے حصول کے لیے ملکی اور بین الاقوامی ذرائع سے وسائل متحرک کرنا ہوں گے۔

بقیہ سحر 10

وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور سینیٹر احد چیمہ سے ملاقات کی جس میں پاکستان میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری اور ترقیاتی تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے گزشتہ چار برس کے دوران پاکستان میں آئی ایف سی کے بڑھتے ہوئے کردار کو سراہا۔ انہوں نے پاکستان کے لیے عالمی بینک گروپ کے کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک (سی پی ایف) 2026 تا 2035 کے تحت آئندہ دس برس کے دوران ہر سال دو ارب امریکی ڈالر تک کے وسائل متحرک کرنے کے عزم کو بھی سراہا۔

بقیہ سحر 11

کے حصول کیلئے ان کے قریبی تعاون جاری رکھنے کے عزم کو سراہا۔ نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر وزیراعظم شہباز شریف سے پرنس رحیم آغا خان پنجم نے ملاقات کی

بقیہ سحر 12

پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیراعظم نے کثیر الجہتی نظام کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے عالمی امن وترقی کے فروغ میں اقوام متحدہ کے مرکزی کردار کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ کے منشور کے مقاصد اور اصولوں سے پاکستان کی وابستگی بھی واضح کی۔ وزیراعظم نے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کی قیادت کو سراہتے ہوئے انسانیت کی بہتری اور اقوام متحدہ کے منشور کی پاسداری کیلئے ان کے کردار کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ سحر 13

دہشت گردوں کی نام، پتے و خاندانی تفصیلات کے ساتھ شناخت ہو چکی ہے، غیر شناخت شدہ اور فعال دہشت گرد اس اعداد وشمار میں شامل نہیں۔

بقیہ سحر 14

اندازی کی کوششیں کر رہے ہیں۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان میں مارے گئے 260 افغان دہشتگردوں کی نام، پتے اور خاندانی تفصیلات کے ساتھ شناخت ہو چکی ہے جبکہ غیر شناخت شدہ اور فعال دہشتگرد اس اعداد وشمار میں شامل نہیں ہیں۔ سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ ہلاک افغان دہشتگردوں کے جنازے آبائی علاقوں میں ہوئے، طالبان رجیم کے عہدیدار بھی جنازوں میں شریک ہوئے ہیں

بقیہ سحر 15

جس کی شدت میں 25 اور 26 ستمبر کے دوران مزید اضافے کا امکان ہے۔ اس سلسلے کے تحت بالائی خیبر پختونخوا، آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور اسلام آباد میں موسلا دھار بارشوں کے باعث پہاڑی ندی نالوں میں اچانک طغیانی (فلیش فلڈنگ) اور نشیبی علاقوں میں سیلابی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔ گلگت بلتستان کے اضلاع استور، سکردو، روندو، گھانچے اور شگر، آزاد کشمیر کی نیلم ویلی، حویلی، پونچھ اور سدھنوتی جبکہ خیبر پختونخوا کے اضلاع سوات، باجوڑ، دیر، کوہستان، کولئی پالس، بٹگرام اور مانسہرہ میں ندی نالوں کے بپھرنے کا شدید خطرہ ظاہر کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں پشاور، مردان، ایبٹ آباد، ہری پور، صوابی، بنوں، ڈی آئی خان اور وزیرستان میں بھی تیز بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات اور این ڈی ایم اے کے ڈیٹا کے مطابق 30 ستمبر تک خطہ پوٹھوہار، مری وگلیات سمیت پنجاب کے بیشتر اضلاع میں گرج چمک، ژالہ باری اور موسلادھار بارش کا امکان ہے

بقیہ سحر 16

کو محکمانہ سزائیں دی گئی ہیں۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق 9 ملازمین کو نوکری سے برخاست اور 8 کی عہدے سے تنزلی کر دی گئی، 58 ملازمین کو دیگر محکمانہ سزائیں دی گئیں۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق عوامی شکایات اور دیگر محکمانہ معاملات میں ملازمین کو ذاتی طور پر سنا گیا، سزا پانے والے تمام ملازمین کو موقف پیش کرنے کا موقع فراہم کیا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق متعلقہ ریکارڈ اور دستیاب مواد کے جائزے کے بعد محکمانہ سزائیں دی گئیں، احتساب کے ساتھ ساتھ اچھی کارکردگی والے ملازمین کی حوصلہ افزائی بھی کی گئی۔ ترجمان کے مطابق ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون نے بہتر کارکردگی پر 3 افسران کو تعریفی سرٹیفکیٹ دیے۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے کے مطابق ادارے میں نظم و ضبط کی خلاف ورزی اور بدعنوانی پر سمجھوتہ نہیں ہوگا۔

بقیہ سحر 17

۔ذرائع کے مطابق صوبے میں سیکیورٹی ضروریات کے باعث مطلوبہ نفری دینے سے معذرت کی گئی ہے، وفاق نے پنجاب سے 20 ہزار نفری طلب کی تھی، صوبائی حکومت نے ابتدائی طور پر 19 ہزار نفری دینے پر آمادگی ظاہر کی تھی۔ راولپنڈی، اٹک، مری میں سیکیورٹی ضروریات کے باعث مزید نفری دینے سے معذرت کی گئی۔ پنجاب سے ساڑھے 12 ہزار کی نفری بھی تا حال نہ پہنچ سکی، سندھ سے 2 ہزار کے قریب پولیس اہلکار اور افسران اسلام آباد پہنچ گئے ہیں۔

بقیہ سحر 18

نہیں۔ انہوں نے یہ بات جمعہ کو یہاں دکانداروں کے لئے آسان ٹیکس سکیم کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ ایف بی آر اور پرال کے حکام کی جانب سے اجلاس کو بتایا گیا کہ آسان ٹیکس سکیم کے اجرا کے ایک ماہ میں اب تک 9806 دکاندار اس سکیم میں شامل ہو چکے ہیں اور ریٹرن فائلنگ کے مختلف مراحل میں ہیں

بقیہ سحر 19

زور دیا ہے کہ موسمیاتی وعدوں کو عوام اور کمیونٹیز کے لیے ٹھوس اور عملی نتائج میں تبدیل ہونا چاہیے۔ وزیر خزانہ نے مؤثر عملدرآمد کے لیے تین بنیادی تقاضوں کی نشاندہی کی، جن میں مضبوط پالیسی فریم ورک، مالی وسائل تک رسائی اور ملکی سطح پر منصوبوں کو عملی شکل دینے کی صلاحیت شامل ہیں۔ انہوں نے موسمیاتی پالیسی کے حوالے سے پاکستان کی پیش رفت اور ملکی وسائل، بین الاقوامی مالیاتی اداروں، کیپٹل مارکیٹس اور موسمیاتی فنڈز کے ذریعے مالی وسائل متحرک کرنے کی کوششوں کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ ادارہ جاتی تقسیم اور سرمایہ کاری کے قابل اور مالی معاونت حاصل کرنے کے قابل منصوبوں کی کمی بدستور مؤثر عملدرآمد میں رکاوٹ ہے، 2022 کے سیلاب کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی معاونت کے وعدوں کے باوجود مناسب منصوبوں کی عدم موجودگی کے باعث بعض مالی وسائل استعمال نہیں ہو سکے۔ وزیر خزانہ نے برج میں پاکستان کی شرکت کا خیر مقدم کرتے ہوئے شراکت داروں پر زور دیا کہ وہ ایسے عملی فیصلوں پر اتفاق رائے پیدا کریں جو اس اقدام کو محض مکالمے سے آگے بڑھا کر عملی اقدامات کی جانب لے جائیں۔

بقیہ سحر 20

رجسٹریشن مکمل ہو چکی ہے، 61 لاکھ ٹوکنز کے اجرا کے بعد 47 لاکھ مستحق افراد پٹرول پمپس سے رعایتی پٹرول حاصل کر چکے ہیں، حکومت نے عوامی فیڈ بیک پر موٹر سائیکل سواروں کے لیے ایک وقت میں 5 لیٹر پٹرول ڈلوانے کی شرط ختم کر دی ہے، اور اگر کی نشاندہی پر انٹرنیٹ کی عدم دستیابی یا تکنیکی دقت کا سامنا کرنے والے پٹرول پمپس پر متبادل ایس ایم ایس بیسڈ ویریفکیشن کا باضابطہ نفاذ کر دیا گیا ہے۔ یہ بات وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ اور وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے جمعہ کو اسلام آباد میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتائی۔ وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ خطے میں کشیدگی اور عالمی سطح پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات سے کمزور طبقات کو بچانے کیلئے وزیراعظم کی خصوصی فیول ریلیف سکیم چاروں صوبوں، اسلام آباد، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں کامیابی سے جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ 8 روز کے دوران 47 لاکھ افراد اس سکیم سے مستفید ہو چکے ہیں جس کی لائیو جی آئی ایس اور ڈیش بورڈ کے ذریعے باقاعدہ مانیٹرنگ کی جا رہی ہے جبکہ وزیراعظم ہر چار گھنٹے بعد خود رپورٹ لے رہے ہیں

بقیہ سحر 21

کار طے کرنے کے سلسلے میں سعودیہ، ترکیہ اور پاکستان کے اعلیٰ فوجی حکام کا ہنگامی اجلاس طلب کر لیا گیا۔ سعودی وزارت خارجہ کے مطابق تینوں ممالک کے اعلیٰ فوجی حکام مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کی مدد کے طریقوں پر تبادلہ خیال کریں گے۔ دوسری جانب پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کے وزرائے خارجہ کی نیویارک میں اہم ملاقات ہوئی جس میں اسحاق ڈار، شہزادہ فیصل بن فرحان اور حاقان فیدان نے تینوں ملکوں کے اعلیٰ فوجی حکام کا ہنگامی اجلاس بلانے کی تیاریوں پر بھی بات چیت کی۔

بقیہ سحر 22

فرحان السعود اور ترکیہ کے وزیر خارجہ حاقان فیدان سے ملاقات ہوئی جس میں مکہ مکرمہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے کے تحت ادارہ جاتی ڈھانچوں کے قیام پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ جمعے کو ایکس پر پیغام میں اسحاق ڈار نے کہا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر اپنے وفود کے ہمراہ نیویارک میں یہ ملاقات ہوئی جس میں مکہ مکرمہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے کے فریم ورک کے تحت ادارہ جاتی ڈھانچوں کے قیام پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، اس کے ساتھ ساتھ علاقائی اور عالمی سلامتی سے متعلقہ امور بھی زیر بحث آئے۔

بقیہ سحر 23

آگاہ کیا جس میں مارچ ملتوی کرنے کا کہا گیا ہے۔

بقیہ سحر 24

بھی گریزاں ہے، صوبائی حکومت دہشت گردوں کی سہولت کاری کر رہی ہے، دہشت گردوں نے تمام سیاسی جماعتوں پر حملہ کیے مگر تحریک انصاف دہشت گردوں کی منظور نظر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف دہشت گردوں کی مذمت کرنے اور ان کے خلاف کارروائی کرنے سے گریزاں رہتی ہے، دہشت گردوں کی سہولت کاری ان کی پالیسی کا حصہ ہے، پی ٹی آئی تحریک طالبان کی بی ٹیم اور تحریک طالبان افغانستان کی سی ٹیم ہے، تحریک انصاف نے کبھی سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار نہیں کیا، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، ان کی کابینہ اور تحریک انصاف کی پوری حکومت دہشت گردوں کے سہولت کار ہیں۔

بقیہ سحر 25

معاشی استحکام، تجارتی روابط اور انفراسٹرکچر کی ترقی پر پاکستان کا حکمت عملی پر مبنی موقف پیش کیا۔ عالمی مندوبین سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر مواصلات نے عالمی معاشی چیلنجز، ایندھن اور بحری مال برداری کی قیمتوں میں اضافے اور روایتی تجارتی راہداریوں کو متاثر کرنے والے جیو پولیٹیکل حالات کا ذکر کیا۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان نے عالمی عدم استحکام کے دوران قومی معیشت کو مستحکم رکھنے کے لیے سرکاری اخراجات میں کمی اور سخت مالیاتی نظم وضبط کے لیے پیشگی اقدامات کیے ہیں۔

بقیہ سحر 26

نے عوام میں سیاسی، سماجی اور آئینی شعور اجاگر کرنے میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا باشعور معاشرے کی تشکیل کے لیے اخبار اور کتاب سے رشتہ جوڑنا ضروری ہے۔ سوشل میڈیا کے دور میں جعلی خبروں اور افواہوں کی روک تھام ایک بڑا چیلنج ہے۔ اخبارات اپنی ادارتی ذمہ داری اور تصدیق شدہ معلومات کے ذریعے عوام کو مستند خبریں فراہم کرتے ہیں۔ آزاد اور ذمہ دار صحافت جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے۔ پاکستانی کی صحافتی برادری نے ہمیشہ آزادی اظہار اور سچائی کا علم بلند رکھا۔ صحافیوں، کالم نگاروں اور اخباری کارکنوں کی خدمات قابل تحسین ہیں۔ نوجوان نسل میں اخبار بینی اور مطالعے کی عادت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ نوجوانوں کو سطحی معلومات کے بجائے مطالعے اور سنجیدہ فکر کی طرف راغب کرنا ہوگا اخبار بینی نوجوان نسل میں تنقیدی سوچ اور فکری پختگی پیدا کرنے میں کلیدی اہمیت کی حامل ہے۔ پارلیمنٹ آزادی اظہار رائے کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ پارلیمان اخباری صنعت سے وابستہ صحافیوں اور کارکنوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ ذمہ دار صحافت معاشرے میں مثبت مکالمے اور جمہوری اقدار کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اخبار بینی کے عالمی دن پر صحافت سے وابستہ تمام افراد کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

بقیہ سحر 27

چنگی پر مٹی سے بھرے کنٹینر لگا کر روڈ بند کر دیا گیا، ٹیکسلا میں بھی اسلام آباد کی طرف آنے والے روڈ پر کنٹینر کھڑے کر دیئے گئے۔ وفاقی دارالحکومت کے اندر ریڈ زون کے انٹری پوائنٹس پر کنٹینرز کی دیواریں کھڑی کر دی گئیں، ایک سے زیادہ چیک پوسٹیں بنا دی گئیں۔ آئی جی آفس نے پنجاب کانسٹیبلری کے اہلکاروں کے لیے ایک ہزار روپے یومیہ خصوصی ڈیوٹی الاؤنس منظور کرنے کا مراسلہ جاری کر دیا۔ دریں اثناء پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد، اٹک، جہلم، چکوال اور میانوالی میں رینجرز تعینات کر دی گئی۔ انتشاری اور مسلح جتھوں کے حملوں پر رینجرز اور پولیس کو مناسب اور ضروری جوابی ایکشن کے احکامات دے دیے گئے ہیں۔ وفاقی دارالحکومت کے اندر ریڈ زون کے انٹری پوائنٹس پر کنٹینرز کی دیواریں کھڑی کر دی گئیں، ایک سے زیادہ چیک پوسٹیں بنا دی گئیں۔ دوسری جانب اٹک پل پر بھی پشاور سے آنے والے راستے بند کر دیے گئے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز اسلام آباد اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں رینجرز کی تعیناتی کی منظوری دی گئی تھی۔

بقیہ سحر 28

افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت مجوزہ صنعتی زون کے قیام میں صنعت کو ممکن سہولت فراہم کرے گی اور پورٹ قاسم پر ضروری بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ خوردنی تیل کی صنعت ملکی محصولات میں اہم حصہ ڈال رہی ہے

بقیہ سحر 29

کا امکان موجود ہے تاہم کسی بھی ملک کو شامل کرنے کا فیصلہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کی مشترکہ صوابدید سے ہوگا، معاہدہ فی الحال انہی تین ممالک کے درمیان ہے۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران صحافی کے سوال پر ایران کی ممکنہ شمولیت کے حوالے سے خواجہ آصف نے کہا کہ ایران خطے کا ایک انتہائی اہم ملک ہے اور دفاعی نوعیت کے اس معاہدے میں کسی بھی ملک کے خلاف کوئی ارادہ شامل نہیں۔

بقیہ سحر 30

81ویں اجلاس کے موقع پر اجلاس کے صدر ڈاکٹر خلیل الرحمٰن سے ملاقات کی اور جنرل اسمبلی کے صدر کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ جمعے کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم نے ڈاکٹر خلیل الرحمٰن کو پاکستان کی حمایت اور تعمیری تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ دونوں رہنماؤں نے کثیر جہتی نظام اور اقوام متحدہ کے مرکزی کردار کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور باہمی دلچسپی کے امور بارے تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم نے جنرل اسمبلی کے صدر کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا اور ادارے کے کام کو آگے بڑھانے میں پاکستان کی مسلسل شمولیت کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ سحر 31

خیال کیا۔ انہوں نے اتفاق کیا کہ مسلسل رابطے اور اعلیٰ سطح کے تبادلے دوطرفہ تعلقات کو گہرا کرنے اور باہمی طور پر فائدہ مند تعاون کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت ہوں گے

بقیہ سحر 32

آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر لبنانی وزیراعظم نواف سلام سے ملاقات کی۔

بقیہ سحر 33

کے عزم کا اظہار کیا۔ جمعے کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے تعلیم، سفارتی تربیت اور باہمی دلچسپی کے دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ دونوں رہنماؤں نے کثیر جہتی فورمز پر تعاون مزید بڑھانے پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے دولت مشترکہ اور اقوام متحدہ کے پلیٹ فارمز پر تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے آئندہ دولت مشترکہ سربراہ اجلاس کے دوران دوبارہ ملاقات پر اتفاق کیا۔

بقیہ سحر 34

پھاڑنے، پولیس کی آنکھیں پھوڑنے والے غنڈے پھر سے حملہ آور ہیں، 'مار دو'، 'جلا دو'، 'آگ لگادو' والے غنڈے ایک دفعہ پھر ریاست پہ حملہ آور ہونے کے لئے آ رہے ہیں۔ انہوں نے مزید لکھا کہ دنیا کے کسی مہذب ملک میں کوئی بھی ریاست پہ جتھے لے کر حملہ آور نہیں ہو سکتا، فارن فنڈڈ فتنہ ایک دفعہ پھر پاکستان کے خلاف حملہ آور ہے

بقیہ سحر 35

میں 2 کروڑ 65 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جا چکے ہیں

بقیہ سحر 36

سب پریشان ہیں، کل سے کراچی میں 25 سے زائد مقامات پر احتجاجی کیمپ لگائے جائیں گے، حکومت سے مطالبہ ہے کہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے۔ منعم ظفر خان نے کہا کہ آئی پی پیز سنگل یونٹ جنریٹ نہیں کر رہی حکومت انہیں اربوں روپے دے رہی ہے، بجلی پیدا نا کرنے کے باوجود پاکستانی قوم انہیں پیسے ادا کرنے پر مجبور ہیں۔

بقیہ سحر 37

ہوٹل اور دکانیں بند کروا دی گئیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق ریسٹورنٹس اور دکانداروں کو آج شام تک کاروبار بند کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ فیض آباد میں مسافر خانے اور ٹرانسپورٹ اڈے بھی بند رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ سحر 38

کے معیار اور مقررہ معیارات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور منصوبے کے تمام اجزاء منظور شدہ دائرہ کار، متعلقہ قوانین اور قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ قومی اہمیت کے حامل ترقیاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ، پیشہ ورانہ انداز میں عملدرآمد اور مسلسل نگرانی ضروری ہے۔ انہوں نے متعلقہ شعبوں کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ منصوبے کی پیش رفت کی باقاعدگی سے کڑی نگرانی کی جائے اور تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے درمیان مؤثر رابطہ اور رابطہ کاری کو یقینی بنایا جائے

بقیہ سحر 39

کرانے کے بعد سرمایہ کار اس کی پیش رفت اور تازہ ترین صورتحال کو آن لائن ٹریک بھی کر سکیں گے۔ اس ڈیجیٹل نظام کے تحت سرمایہ کاروں کو مختلف شعبوں اور علاقوں میں کاروباری سہولت فراہم کر کے درخواستوں کا جواب 48 گھنٹوں میں دیا جائے گا۔ درخواست مکمل ہونے پر ٹکٹ کو باقاعدہ طور پر بند کیا جائے گا، جس سے فالو اپ کا نظام مزید مؤثر ہوگا۔

بقیہ سحر 40

، دفاتر اور تنصیبات کی سیکورٹی بڑھا دی ہے جب کہ پولیس لائنز میں عام لوگوں کا داخلہ بند کر دیا گیا

بقیہ سحر 41

آئی ہے، جس کے باعث جرائم پیشہ عناصر کی حوصلہ شکنی اور مسافروں میں تحفظ کا احساس پیدا ہو رہا ہے۔ انہوں نے ریلوے پولیس کی ان خدمات کو خراج تحسین پیش کیا ہے

بقیہ سحر 42

پر پابندی عائد کر دی گئی اس حوالے سے جاری کردہ سرکلر کے مطابق صحافیوں کے لیے مختص جگہ کے علاوہ دیگر مقامات پر ویڈیو ریکارڈنگ اور فوٹوگرافی پر پابندی ہوگی۔ سرکلر میں بتایا گیا کہ خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔ سرکلر کے مطابق خلاف ورزی کرنے والے افراد کے موبائل فون اور ریکارڈنگ کے آلات ضبط کر لیے جائیں گے۔

بقیہ سحر 43

جبکہ طاہر مقصود کو ملازمت سے برطرفی اور ایک کروڑ 13 لاکھ 24 ہزار 867 روپے کی وصولی کی سزائیں عائد کی تھیں۔ ترجمان کے مطابق اپیلوں پر سماعت کے لیے ممبر-IV (انکوائریز)، ایس اینڈ جی اے ڈی امتیاز احمد کو ہیئرنگ آفیسر مقرر کیا گیا، جنہوں نے دونوں اپیل کنندگان کو ذاتی سماعت کا موقع فراہم کیا

بقیہ سحر 44

کارروائیوں کے دوران 118.15 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی، جس کی مالیت 5 کروڑ 6 لاکھ روپے لگ بھگ تھی، مذکورہ کارروائیوں میں 3 خواتین سمیت 9 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ کراچی میں واقع کوریئر آفس میں خفیہ اطلاع پر کارروائی عمل میں لائی گئی، جس کے دوران آسٹریلیا بھجوائے جانے والے پارسل کی تلاشی کے دوران پارسل میں موجود لیڈیز کپڑوں میں جذب 16 کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔ اسی طرح بلوچستان کیچلاک خانوزئی ڈسٹرکٹ پشین کے قریب گاڑی سے 45.6 کلوگرام چرس برآمد کی گئی، کلی داؤد آباد ڈسٹرکٹ چاغی کے قریب کارروائی کے دوران 30 کلوگرام افیون تحویل میں لی گئی۔

بقیہ سحر 45

جامع پالیسی تشکیل دی جائے تو ملک میں روزگار کے وسیع مواقع، سستی اور ماحول دوست توانائی کے حصول کے ساتھ قیمتی زرمبادلہ کمایا جا سکتا ہے

بقیہ سحر 46

کیا کہ امریکا اور ایران اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت کی طرف واپس آئیں۔ چینی سرکاری خبر رساں ایجنسی شینہوا کے مطابق چینی صدر شی جن پنگ نے امریکا اور ایران پر زور دیا ہے کہ وہ مشرق وسطیٰ کے تنازع کے حل کے لیے مذاکرات کی جانب واپس آئیں۔ چینی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق شی جن پنگ نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے کہا کہ چین نے ہمیشہ یہ مؤقف اپنایا ہے کہ تمام ممالک کی خودمختاری اور سلامتی کا احترام کیا جانا چاہیے،

بقیہ سحر 47

مظاہرہ کریں اور کسی کو بھی ایسا کوئی جواز یا موقع نہ دیں جس کے نتیجے میں کوئی ایسا واقعہ پیش آئے جو میرے والد کی جان کیلئے خطرہ بن جائے۔

بقیہ سحر 48

روپے کے پیکیج اور 100 روزہ منصوبے پر آزاد کشمیر میں حکومت عمل کرے گی، دھرنوں اور احتجاج سے نقصان عوام کا ہی ہوتا ہے، احتجاج کرنے والے اٹھ جائیں اور نظام کا حصہ بنیں۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران امیر مقام نے کہا کہ آزاد کشمیر کا صدر نجیب نقی کو بنایا گیا ہے جن کا تعلق پونچھ ڈویژن سے ہے، پونچھ سے صدر کا انتخاب ہونے سے وہاں ایک مثبت پیغام گیا ہے۔ انہوں نے جمہوریت کا ساتھ دینے پر کشمیری عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر میں قانون سازی کا تمام عمل اچھے انداز سے مکمل ہوا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ احتجاج کرنے والے اٹھ جائیں اور نظام کا حصہ بنیں، کیونکہ دھرنوں اور احتجاج سے نقصان عوام کا ہی ہوتا ہے۔ امیر مقام نے کہا کہ خیبر پختون خوا دہشت گردی سے شدید متاثر ہونے والا صوبہ ہے، صوبے میں سب سے بڑا مسئلہ دہشت گردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختون خوا کے عوام صوبائی حکومت سے پوچھیں کہ اس نے ان کے لیے کیا کیا ہے؟

بقیہ سحر 49

اے ٹی سی کے جج امجد علی شاہ کے رخصت پر ہونے کے باعث یکم اکتوبر تک مؤخر کیا گیا ہے۔ عدالت نے 22 ستمبر کو علیمہ خان سمیت 10 ملزمان کے خلاف مقدمے کا فیصلہ محفوظ کیا تھا۔ عدالت نے حتمی دلائل کے بعد فیصلہ محفوظ کیا تھا جو کہ جمعے کو سنایا جانا تھا۔ علیمہ خان کے وکیل حتمی دلائل دینے کیلئے عدالت میں پیش نہیں ہوئے تھے۔

بقیہ سحر 50

یونٹس کی تشکیل کے حوالے سے ہر سطح پر انتہائی مثبت اور موثر بحث و مباحثہ جاری ہے۔ ہزارہ ڈویژن کے عوام نے اپنے لیے الگ صوبے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ ہزارہ ہمارا بنیادی حق ہے اور یہ حق انتظامی بنیادوں پر ہے۔ شہریوں کے مطابق ہر علاقے کے لوگوں کا اپنے مقامی وسائل پر حق ہوتا ہے اور ہم بھی اپنے وسائل پر اپنا حق مانگتے ہیں، اس وقت پورے ملک میں نئے انتظامی یونٹس کا قیام ضروری ہے۔ ایک شہری کے مطابق ہمیں اپنے کاموں کے سلسلے میں پشاور جانا پڑتا ہے، جس کی وجہ سے بہت سے مسائل کا سامنا ہے۔

بقیہ سحر 51

کے لانگ مارچ سے متعلق سوال پر گورنر کے پی نے کہا کہ کیا لانگ مارچ ایسے ہوتے ہیں، پی ٹی آئی کے ایم این ایز اور ایم پی ایز اسلام آباد میں چھپیں مار رہے ہیں، لانگ مارچ کے حوالے سے پی ٹی آئی کی کوئی تیاری نہیں ہے، تحریک انصاف کے لوگ اب راہ فرار اختیار کر رہے ہیں، پی ٹی آئی کے لوگ خود گرفتاریاں دے رہے ہیں۔

بقیہ سحر 52

کابینہ کمیٹی بلال یاسین سمیت صوبائی وزیر سید عاشق حسین کرمانی اور معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب رانا بلال احمد نے بھی شرکت کی۔

بقیہ سحر 53

کی اہم ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورلڈ فارماسسٹ ڈے کے حوالے سے پشاور میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا

بقیہ سحر 54

سماعت درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ علیمہ خانم اور ان کے ڈرائیور کو 30 روز کے لیے جیل میں نظر بند کیا گیا ہے

بقیہ سحر 55

لیے چنگ چی اور لوڈر رکشوں کے بجائے دیگر گاڑیاں استعمال کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ چنگ چی اور لوڈر رکشے کینال روڈ پر ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ کا باعث بن رہے ہیں جس سے مین کینال روڈ جیسے مصروف ترین روٹ پر ٹریفک مینجمنٹ متاثر ہو رہی ہے۔

بقیہ سحر 56

اکتوبر تک ملتوی کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس خالد اسحاق نے شہری میاں محمد نبیل انور کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں چیئرمین بورڈ کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ اس نے آئی سی ایس امتحان میں 1200 میں سے 1134 نمبر حاصل کیے، دو دیگر طلبہ نے بھی 1134، 1134 نمبر حاصل کیے اور انہیں دوسری پوزیشن دیدی گئی تاہم برابر نمبر ہونے کے باوجود درخواست گزار کو دوسری پوزیشن کا حقدار قرار نہیں دیا گیا۔ درخواست گزار کے مطابق پوزیشن کا اعلان نہ ہونے کے باعث اسے ذہنی اذیت اور مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا، بورڈ حکام سے بھی رجوع کیا تاہم کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ بورڈ کا اقدام آئین میں دیئے گئے بنیادی حقوق اور مساوی سلوک کے اصول کے منافی ہے۔ درخواست گزار نے عدالت سے استدعا کی کہ اسے دیگر طلبہ کی طرح دوسری پوزیشن دینے کا اعلان کرنے کا حکم جاری کیا جائے

بقیہ سحر 57

کرنے کا سلسلہ ختم کر دیا گیا ہے۔ لاہور تعلیمی بورڈ کے نئے فیصلے کے مطابق اب انٹرمیڈیٹ رزلٹ کارڈز ہارڈ فارم کے بجائے سافٹ فارم میں جاری کیے جائیں گے، جس سے طلبہ کو اپنے رزلٹ کارڈز تک فوری اور آسان رسائی حاصل ہوگی۔

بقیہ سحر 58

گئی ہے، جس میں رانا خالد قمر کو چیئرمین، شرافت علی عامر کو وائس چیئرمین اور اویس بٹ کو صدر کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔

بقیہ سحر 59

دی، پیڈمک کے زیرانتظام صنعتی زونز میں ترقیاتی کاموں کے لئے 15 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ بورڈ اجلاس میں کمپنی کے 30 جون 2024ء تک آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی منظوری دی گئی۔

بقیہ سحر 60

کو دفن کر کے بحیرہ عرب میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے دفن کر دیا ہے، انجم نثار ٹولے نے تاجر برادری کے مسائل حل کرنے کی بجائے اپنے ذاتی مفادات کا تحفظ کیا اور تاجر دشمن پالیسیوں پر عمل پیرا رہے جس کی وجہ سے انہیں عبرت ناک شکست ہوئی۔

بقیہ سحر 61

حصول کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ علی ڈار نے کہا کہ اے آئی کے استعمال سے ادارہ جاتی استعداد بڑھانے اور سرکاری نظام میں کارکردگی بہتر بنانے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ پنجاب کو جدید، ڈیٹا ڈرائیون اور اے آئی سے فعال حکمرانی کی جانب تیزی سے آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ ملاقات میں ورلڈ بینک گروپ اور پنجاب کے درمیان اے آئی، ڈیجیٹل گورننس اور علم و تجربات کے تبادلے میں تعاون کو مزید آگے بڑھانے کے امکانات پر بھی گفتگو ہوئی۔ علی ڈار نے کہا کہ بین الاقوامی اداروں کے ساتھ علم اور تجربات کا تبادلہ پنجاب کے اے آئی ایجنڈے کو مزید مضبوط کرے گا۔

بقیہ سحر 62

(آر سی سی) ورکس میں استعمال کیا جائے گا۔ پراجیکٹ کے مین ڈیم کی تعمیر کیلئے آر سی سی بچھانے کا عمل جلد شروع ہوگا۔ گینی سے پوزولان میٹریل نکالنے اور اسے مطلوبہ جگہ تک منتقل کرنے کا یہ عمل چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) محمد سعید اور چیف سیکریٹری گلگت بلتستان ارشد مجید مہمند کی ہدایات پر شروع کیا گیا ہے۔ ان ہدایات کی روشنی میں دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ مینجمنٹ اور ضلعی انتظامیہ نے اس اہم کام کے آغاز کیلئے تمام ضروری انتظامات مکمل کیے۔ کمشنر دیامر استور ڈویژن عظیم اللہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر دیامر بھاشا ڈویلپمنٹ کمپنی انجینئر ڈاکٹر نزاکت حسین اور پراجیکٹ ڈائریکٹر دیامر بھاشا ڈیم انجینئر عارف علی نے واپڈا اور ضلعی انتظامیہ کے سینئر آفیسرز کے ہمراہ گینی کا دورہ کیا۔ اور پوزولان میٹریل نکالنے اور اس کی منتقلی کا جائزہ لیا۔ پراجیکٹ کنسلٹنٹس اور کنٹریکٹرز کے نمائندگان، مقامی عمائدین اور علمائے کرام بھی اس موقع پر موجود تھے۔ شرکاء سے گفتگو میں کمشنر دیامر استور ڈویژن اور چیف ایگزیکٹو آفیسر دیامر بھاشا ڈویلپمنٹ کمپنی نے پراجیکٹ پر تعمیراتی کام کی رفتار تیز کرنے کے لیے باہمی رابطہ اور تعاون کو بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ مقامی عمائدین اور علمائے کرام نے دیامر بھاشا ڈیم کو علاقے کی سماجی اور معاشی ترقی کے لیے ایک اہم منصوبہ قرار دیا اور پراجیکٹ کی تکمیل میں بھرپور تعاون کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ سحر 63

مکمل کر دیا گیا ہے جبکہ باقی 45 شاہراہوں کو 10 اکتوبر تک مکمل کر دیا جائے گا۔ ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ جنوبی پنجاب میں انفراسٹرکچر کی تعمیر کے لیے یکساں مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ جنوبی پنجاب میں انفراسٹرکچر کے قیام سے لوگوں کا معیار زندگی بلند ہوگا اور لوگوں کو بہترین سفری سہولیات میسر آئیں گی۔

بقیہ سحر 64

معاملہ قانون کے مطابق ازسرنو دیکھنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس حسن نواز مخدوم کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے ریاض ٹیکسٹائل ملز کی درخواست پر سات صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا،

بقیہ سحر 65

۔ اجلاس میں متعلقہ ڈائریکٹرز اور ڈپٹی ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران راشن کارڈز کی بائیومیٹرک تصدیق کے عمل سوشل سیکورٹی کنٹری بیوشن اور پنجاب ورکرز ویلفیئر فنڈ کی ریکوری کے اہداف کا بھی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ ڈائریکٹوریٹس میں ریکوری کے اہداف اور اب تک کی پیش رفت کے بارے میں کمشنر کو آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں ورکرز کی تعداد میں اضافے اور رجسٹریشن کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات پر بھی بریفنگ دی گئی۔

بقیہ سحر 66

کمپنیوں نے 132 ارب روپے کے کلیمز کی ادائیگی کی۔ لائف انشورنس کمپنیوں نے وفات سے متعلق 33 ہزار سے زائد کلیمز ادا کیے۔ نان لائف کمپنیوں نے صحت اور حادثات سے متعلق سات لاکھ 20 ہزار سے زائد کلیمز نمٹائے۔ رپورٹ کے مطابق موٹر انشورنس کے دو لاکھ 82 ہزار سے زائد کلیمز ادا کیے گئے جبکہ آگ اور املاک سے متعلق تقریباً 11 ہزار کلیمز نمٹائے گئے۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر سدھو نے کہا کہ انشورنس کمپنیوں کے کلیمز کی تفصیلات جاری کرنے سے احتساب بڑھے گا، کلیمز کی ادائیگی بیمہ پالیسی ہولڈرز کے اعتماد کے لیے اہم ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق انشورنس صنعت کا مجموعی پریمیم 15 فیصد اضافے کے بعد 778 ارب روپے ہوگیا جبکہ صنعت کے مجموعی اثاثے 1.4 ٹریلین روپے تک پہنچ گئے۔ رپورٹ کے مطابق ڈیجیٹل ذرائع سے کی گئی انشورنس کے پریمیم میں بھی نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور یہ 71 فیصد بڑھ گیا۔

بقیہ سحر 67

گے جبکہ ایسے ڈرائیورز کی گرفتاری بھی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ سحر 68

حصہ ہیں۔ حکومت توانائی کے متبادل اور ماحول دوست ذرائع کو فروغ دے کر توانائی کے شعبے میں پائیدار ترقی کی بنیاد مضبوط کر رہی ہے۔ فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ ویسٹ ٹو انرجی منصوبے بھی پنجاب کے گرین انرجی روڈ میپ کا اہم حصہ ہیں۔

بقیہ سحر 69

پروٹیکشن اتھارٹی اور محکمہ پراسیکیوشن کے درمیان خواتین اور بچوں کے خلاف بڑھتے ہوئے سائبر جرائم کی روک تھام، متاثرین کے تحفظ اور مؤثر قانونی کارروائی کے لیے مشترکہ اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ سحر 70

نے لاہور چیمبر انتخابات کے دوسرے مرحلے میں بڑی کامیابی حاصل کر لی، ویژن الائنس نے ایسوسی ایٹ کلاس کے الیکشن 1053 پینل ووٹوں کے بڑے مارجن سے کلین سویپ کر دیا،

بقیہ سحر 71

موجود ہیں، جنہیں نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ عدالت کے مطابق فوجداری مقدمے میں ملزم کو سزا دینے کے لیے استغاثہ پر الزام شک وشبہ سے بالاتر ثابت کرنا لازم ہے تاہم موجودہ کیس میں استغاثہ شواہد کی کڑی کو اس معیار تک ثابت کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکا

بقیہ سحر 72

کار میں لانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر محمد منشاء اللہ بٹ نے بریفنگ پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے افسران اور عملے کی کارکردگی کو سراہا۔

بقیہ سحر 73

رہا۔ پولیس کے مطابق ملزم اویس کے خلاف مقدمہ درج کر کے اسے جینڈر سیل کے حوالے کر دیا گیا

بقیہ سحر 74

نشاندہی، تصدیق اور تدارک کیلئے مؤثر نظام وضع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جھوٹی اور گمراہ کن اطلاعات کے ذریعے کسی بھی شخص یا ادارے کو نقصان پہنچانے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی۔ فیک نیوز بنانے اور پھیلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کیلئے این سی سی آئی اے سے معاونت حاصل کی جائے۔ سینئر وزیر نے محکمہ اطلاعات اور این سی سی آئی اے کے درمیان تعاون مزید بڑھانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ فیک نیوز کی روک تھام کیلئے تمام دستیاب ذرائع اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کا بیانیہ امن، رواداری، بین الصوبائی ہم آہنگی اور قومی اتحاد پر مبنی ہے، اسے مزید مؤثر اور مضبوط بنانے کیلئے اضافی اقدامات کیے جائیں۔ شرجیل انعام میمن نے ہدایت کی کہ محکمہ اطلاعات سندھ حکومت کے مثبت اور تعمیری اقدامات کو اجاگر کرنے کیلئے جدید ذرائع ابلاغ سے استفادہ کرے

اقبال ظہور کرکٹ اکیڈمی کے ہونہار دو بھائیوں نے قومی ٹیم کا حصہ بننے کے لیے بھرپور ٹریننگ شروع کر دی

سابق کرکٹر اور فاسٹ باؤلر نے بچوں کی کوچنگ شروع کر دی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) اقبال ظہور کرکٹ اکیڈمی کے ہونہار دو بھائیوں نے قومی ٹیم کا حصہ بننے کے لئے مہارت حاصل ہے۔ ایک ہی میچ میں 70 رنز بنانے کے ساتھ 18 رنز کے عوض 7 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

BAL ZAHOOR CRICKET ACADEMY

بھرپور ٹریننگ شروع کر دی۔ سابق کرکٹر اور فاسٹ باؤلر نے بچوں کی کوچنگ شروع کر دی۔ عبداللہ زاہد 13 عمر میں ہم عمر باؤلر پر سبقت حاصل کر چکے ہیں۔ فاسٹ باؤلر آل راؤنڈ عبداللہ نے سیزن میں شاندار پرفارمنس اقبال اکیڈمی کی جانب سے چار وکٹ 12 رنز کے عوض بنائے ہیں اور اسی میچ میں 45 رنز بنا کر اپنی ٹیم جتوایا ہے۔ جبکہ 10 سالہ ہارون زاہد رائٹ آرم سپنر آل راؤنڈر بیٹسمین ہیں بیٹنگ کے ساتھ باؤلنگ میں بھی منور زاہد کا کہنا ہے کہ وہ بچوں کی کوچنگ خود کرتے ہیں تا کہ یہ مکمل مہارت حاصل کر سکیں۔ زاہد منور نے بتایا خود فاسٹ باؤلر آل راؤنڈر رہا ہوں اس لئے میرے لئے بچوں کی کوچنگ اہم ہے۔ خود اپالو کلب کی طرف سے کھیلتا رہا لیکن انگلی فریکچر ہونے کے باعث کرکٹ برقرار نہ رکھ سکا میری خواہش ہے دونوں پاکستان کی نمائندگی کرے اس کیلئے انکو بھرپور محنت اور پرفارمنس دینا ہوگی۔

شالیمار زون ون ڈے کلب کرکٹ ٹورنامنٹ کا باقاعدہ آغاز گریفن کرکٹ گراؤنڈ میں ہوگیا

اس موقع پر شالیمار زون کے عہدیداران، ٹورنامنٹ کمیٹی کے ارکان اور کرکٹ سے وابستہ شخصیات بھی موجود تھیں

لاہور (سپورٹس رپورٹر) شالیمار زون ون ڈے کلب کرکٹ ٹورنامنٹ کا باقاعدہ آغاز گریفن کرکٹ گراؤنڈ میں ہوگیا۔ افتتاحی تقریب میں صدر شالیمار زون محمد ارشد، سیکرٹری محمد خورشید اور خازن آصف عزیز نے ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر شالیمار زون کے عہدیداران، ٹورنامنٹ کمیٹی کے ارکان اور کرکٹ سے وابستہ شخصیات بھی موجود تھیں۔ ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ مسلم آباد جمخانہ اور شالیمار جمخانہ کے مابین کھیلا گیا۔ شالیمار زون کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے اس کلب کرکٹ ٹورنامنٹ میں زون کی تمام 33 رجسٹرڈ کلب ٹیمیں شرکت کریں گی۔ ٹورنامنٹ ناک آؤٹ بنیادوں پر پاکستان کرکٹ بورڈ کے مقررہ قواعد وضوابط کے تحت کھیلا جائے گا۔ اس موقع پر صدر شالیمار زون محمد ارشد نے کہا کہ شالیمار زون میں کلب کرکٹ کے فروغ اور نوجوان کھلاڑیوں کو زیادہ سے زیادہ مسابقتی کرکٹ کے مواقع فراہم کرنے کے لیے مسلسل اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زون میں اس سے قبل ٹی ٹونٹی چیمپئن شپ بھی کامیابی سے مکمل کی جا چکی ہے، جبکہ انڈر 19 دو روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ بھی جاری ہے، جس کا مقصد نوجوان کرکٹرز کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے بہترین پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ محمد ارشد نے کہا کہ شالیمار زون کے تمام کرکٹ پروگرامز صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد کے ویژن اور کلب کرکٹ کے فروغ کی پالیسی کے مطابق منعقد کیے جا رہے ہیں۔ شالیمار زون کی انتظامیہ کھیل کے معیار کو بہتر بنانے، کلب کرکٹ کو منظم اور فعال بنانے اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہی ہے۔ افتتاحی تقریب میں جوائنٹ سیکرٹری شالیمار زون اعجاز شاہ، ایگزیکٹو ممبر وقار المنیر، چیئرمین ٹورنامنٹ کمیٹی ملک ریاض، ملک سرور محمود، عبدالکریم، فیض رسول اور جاوید اقبال سمیت دیگر عہدیداران اور کرکٹ شخصیات نے شرکت کی۔۔۔

صدر شالیمار زون محمد ارشد، سیکرٹری محمد خورشید اور خازن آصف عزیز کا گروپ فوٹو

قومی ٹیم کی شکست کی ذمہ دار کھلاڑیوں پر عائد ہوتی ہے، طارق سرور

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی پاکستان کرکٹ کی بہتری کے لیے کام کر رہے ہیں

لاہور (سپورٹس رپورٹر) بہاولپور کرکٹ ریجن ایسوسی ایشن کے صدر طارق سرور نے کہا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی پاکستان کرکٹ کی بہتری کے لیے کام کر رہے ہیں۔ قومی ٹیم کی شکست کی ذمہ دار کھلاڑیوں پر عائد ہوتی ہے۔ چیئرمین کا کام بورڈ کے انتظامی امور چلانا ہوتا ہے شکست کا ذمہ دار چیئرمین نہیں ہوتا کہ وہ ٹیم میں مداخلت بھی نہیں کرتے سلیکٹر جو ٹیم سلیکٹ کی ہوتی ہے اس کے مطابق کپتان نے ٹیم کو کھلانا ہوتا ہے۔ سلیکشن میں پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی کا کوئی کردار نہیں ہوتا اس لیے ان کو ذمہ دار ٹھہرانا یا ان پر تنقید کرنا بالکل غلط ہے طارق سرور نے مزید کہا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے کئی ینگسٹروں کو موقع دلایا سینیئر جونیئر کمبینیشن بنایا اور جونیئرز کو موقع دینا اچھی بات ہے۔ ملک میں جو بہترین کھلاڑی ہیں ان کو موقع دیا گیا



لیکن ہار جیت میں چیئرمین کا کوئی کردار نہیں ہوتا۔ ٹیم کے کھلاڑیوں کو میدان میں پرفارمنس دینا ہوتی ہے لہذا اس کی ذمہ داری ٹیم پر عائد ہوتی ہے اگر ٹیم جیتے تو اس کا کریڈٹ ٹیم کو دیا جاتا ہے اگر ہارے تو اس کا ذمہ دار چیئرمین پی سی بی کو کیوں قرار دیا جاتا ہے۔ لہذا پاکستان کرکٹ ٹیم کی شکست یا فتح دونوں میں کرکٹ بورڈ کے چیئرمین کا کوئی کردار نہیں ہوتا پاکستان کرکٹ بورڈ کا جو کام ہے۔ انتظامات کا، وہ بہترین طریقے سے انجام دے رہے ہیں۔ لہذا ہماری خواہش ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم آئندہ ایونٹ میں بہتر کرے جس کے لیے سلیکشن کمیٹی اور ٹیم مینجمنٹ کو بہتر حکمت عملی اپنانا ہوگی۔۔۔

صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کی سربراہی میں 5 پاک چائینہ فرینڈشپ گیمز کے مقابلے شروع فٹ بال میں بہاولپور نے سرگودھا کو 0-2 سے شکست دے دی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کی سربراہی میں 5 پاک چائینہ فرینڈشپ گیمز کے مقابلے شروع فٹ بال میں بہاولپور نے سرگودھا کو 0-2 سے شکست دے دی۔ بیڈمنٹن گرلز مقابلوں میں گوجرانوالہ نے بہاولپور کو 1-2 سے ہرا دیا۔ فیصل آباد نے ملتان، ساہیوال نے سرگودھا 0-2 سے شکست دے دی۔ لاہور نے راولپنڈی اور گوجرانوالہ نے ڈی جی خان کو 0-2 سے ہرا دیا بیڈمنٹن بوائز کے مقابلوں میں ملتان نے فیصل آباد کو 0-2 سے شکست دے دی۔ راولپنڈی نے لاہور اور گوجرانوالہ نے ڈی جی خان کو 0-2 سے ہرا دیا۔ ٹینس میں لاہور اور بہاولپور ڈویژن نے اپنے میچز جیت لیے پاک چائینہ فرینڈشپ گیمز کے مقابلے 28 ستمبر تک جاری رہیں گے پاک چائینہ فرینڈشپ گیمز میں 2 ہزار کھلاڑی شریک ہیں۔

چینی قونصل جنرل سن یان کی سیکرٹری یوتھ افیئرز اینڈ سپورٹس فضل الرحمن سے پنجاب اسٹیڈیم میں ملاقات

ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور یوتھ و اسپورٹس کے شعبوں میں تعاون کے فروغ پر تفصیلی گفتگو کی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) چینی قونصل جنرل سن یان کی سیکرٹری یوتھ افیئرز اینڈ سپورٹس فضل الرحمن سے پنجاب اسٹیڈیم میں ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور یوتھ و اسپورٹس کے شعبوں ایکسچینج اور اسپورٹس کے شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کے مختلف امور پر اتفاق رائے ہوا۔ دونوں جانب سے نوجوانوں اور کھلاڑیوں کے لیے مشترکہ مواقع پیدا کرنے اور باہمی روابط

میں تعاون کے فروغ پر تفصیلی گفتگو کی سیکرٹری اسپورٹس نے پاکستان اور چین کے درمیان 75 سالہ سفارتی تعلقات کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ 75 سالہ پاک چین سفارتی تعلقات کی مناسبت سے دونوں ممالک کے درمیان دوستی، عوامی روابط اور باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار سیکرٹری یوتھ افیئرز اینڈ اسپورٹس پنجاب نے توانائی، انفراسٹرکچر، زراعت اور دیگر شعبوں میں پاک چین تعاون کو سراہا ملاقات میں یوتھ ایکسچینج اور اسپورٹس کے شعبوں میں پاک چین تعاون کے وسیع امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا یوتھ اور اسپورٹس کو پاک چین عوامی روابط اور دوطرفہ دوستی کو مزید مضبوط بنانے کا مؤثر ذریعہ قرار دیا گیا۔ یوتھ مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ پنجاب اور چین کے درمیان کھلاڑیوں، کوچز اور اسپورٹس ماہرین کے تبادلے کو فروغ دینے پر اتفاق رائے ہوا۔ باصلاحیت پاکستانی کھلاڑیوں کو چین کی اسپورٹس اکیڈمیز اور ہائی پرفارمنس ٹریننگ سینٹرز میں تربیتی مواقع فراہم کرنے کی تجویز پر اتفاق پنجاب میں تربیتی کیمپس کے لیے چینی ماہر کوچز اور اسپورٹس ماہرین کی خدمات سے استفادہ کرنے پر بھی اتفاق رائے ہوا۔ بیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس، ووشو اور دیگر کھیلوں میں چینی کوچز اور ماہرین کے تجربات سے استفادہ کرنے پر گفتگو پنجاب اور چین کے درمیان مشترکہ تربیتی کیمپس اور یوتھ اسپورٹس ایکسچینج پروگرامز کے انعقاد پر اتفاق کیا گیا

UPDATE PAKISTAN
CONCLAVE
& SOLAR TECHNOLOGY
EXCELLENCE AWARDS 2026
24th SEPTEMBER, 2026 | NISHAT HOTEL, LAHORE
SECURING PAKISTAN'S ENERGY FUTURE VIA HYBRID SOLUTIONS
SOLAR POWER CONCLAVE

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان لاہور میں بین الاقوامی سولر پاور کانفرنس کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مریم اورنگزیب

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا مسلسل اپنے عہدے کی بے توقیری اور تضحیک کروا رہے ہیں

2014 میں ڈی چوک پہ قبریں کھودنے والے، پی ٹی وی اور ریڈیو پاکستان پہ حملہ کرنے والے ایک دفعہ پھر ریاست پہ حملہ آور ہیں، دنیا کے کسی مہذب ملک میں کوئی بھی ریاست پہ جتھے لے کر حملہ آور نہیں ہوسکتا

'اوئے آئی جی' 'اوئے ایس ایس پی'، 'اوئے وزیراعظم' 'میں تمہیں گھسیٹوں گا' والا جتھہ پھر سے حملہ آور ہے، پولیس کے سر پھاڑنے، پولیس کی آنکھیں پھوڑنے والے غنڈے پھر سے حملہ آور ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور پنجاب کی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے پی ٹی آئی کے ماضی کے پرتشدد فساد اور دہشت گردی کے واقعات کی وڈیو جاری کردی۔ سوشل میڈیا پر جاری ویڈیو کے ساتھ اپنے پیغام میں مریم اورنگزیب نے لکھا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ مسلسل اپنے عہدے اور آفس کی بے توقیری اور تضحیک کروا رہے ہیں، 2014 میں ڈی چوک پہ قبریں کھودنے والے، پی ٹی وی اور ریڈیو پاکستان پہ حملہ کرنے والے ایک دفعہ پھر ریاست پہ حملہ آور ہیں۔ مریم اورنگزیب نے لکھا کہ 'اوئے آئی جی' 'اوئے ایس ایس پی'، 'اوئے وزیراعظم' 'میں تمہیں گھسیٹوں گا' والا جتھہ پھر سے حملہ آور ہے، پولیس کے سر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 34)

EXCELL... AWARDS 2026
REAP

لاہور: صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

نئے ایس پی کی آمد سے ریلوے پولیس میں فرض شناسی کا نیا جذبہ بیدار ہوا ہے، عوامی سماجی حلقے

اعلیٰ افسران کی مسلسل نگرانی اور اسٹیشن کے دوروں سے سکیورٹی انتظامات میں بہتری آئی ہے

ریلوے پولیس ہمہ وقت متحرک رہتے ہوئے مسافروں کو تحفظ اور سہولیات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے

اسلام آباد (عباس ملک سے): مختلف عوامی، سماجی اور سیاسی صحافتی حلقوں نے ریلوے پولیس کے ایس پی، ڈی ایس پیز اور دیگر افسران و اہلکاروں کی کارکردگی کو زبردست انداز میں سراہتے ہوئے کہا ہے کہ نئے ایس پی کی آمد سے ریلوے پولیس میں فرض شناسی اور عوامی خدمت کا ایک نیا جذبہ بیدار ہوا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق راولپنڈی ریلوے اسٹیشن پر جرائم پیشہ عناصر کی روک تھام، سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے نگرانی اور مسافروں کی چیکنگ کے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ ریلوے پولیس ہمہ وقت متحرک رہتے ہوئے مسافروں کو تحفظ اور سہولیات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ عوامی حلقوں نے مزید کہا کہ اعلیٰ افسران کی مسلسل نگرانی اور اسٹیشن کے دوروں سے سکیورٹی انتظامات میں بہتری (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 41)

داتا دربار کیش باکسز میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں پر سابق ایڈمنسٹریٹر اور مینیجر کی اپیلیں مسترد

جمیل احمد کی تنزلی، سروس ضبط اور 92 لاکھ 65 ہزار روپے وصولی، طاہر مقصود کی برطرفی، ایک کروڑ 13 لاکھ سے زائد وصولی کا حکم بھی برقرار

اپیل کنندگان اپنے خلاف موجود شواہد کو رد کرنے کیلئے موثر مواد پیش نہیں کر سکے، چیف سیکرٹری پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے پیڈا ایکٹ 2006ء کے سیکشن 16 کے تحت حاصل اختیارات استعمال کرتے ہوئے دربار حضرت داتا گنج بخش لاہور کے سابق ایڈمنسٹریٹر جمیل احمد اور سابق مینیجر طاہر مقصود کی محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کی جانب سے عائد کردہ سزاؤں کے خلاف دائر اپیلیں مسترد کر دی ہیں۔ محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کے ترجمان کے مطابق چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب/ مجاز اتھارٹی نے 2 جون 2026 کو جمیل احمد کو پانچ سال کے لیے نچلے عہدے اور پے سکیل پر تنزلی، پانچ سال کی سابقہ سروس ضبط کرنے اور 92 لاکھ 65 ہزار 800 روپے کی وصولی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 43)

لاہور: سیکرٹری ہاؤسنگ نور الامین مینگل ڈائریکٹر جنرل ٹیپا کوئٹہ ڈاکٹر سید علی رضا سے یادگاری شیلڈ وصول کر رہے ہیں

امریکا اور ایران اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی طرف واپس آئیں، چینی صدر

امریکا اور ایران ایک جامع معاہدے تک پہنچیں گے جس میں ایٹمی معاملہ اور دیگر معاملات کا تصفیہ بھی شامل ہوگا: شی جن پنگ

امریکا اور چین کے بہتر مستقبل کے لیے چینی صدر کے ساتھ تعاون جاری رکھیں گے، شی جن پنگ کے ساتھ تعلقات باہمی احترام اور عوامی مفادات کی بنیاد پر قائم ہیں: ٹرمپ

واشنگٹن (فارن ڈیسک) امریکا کے دورے پر آئے چینی صدر شی جن پنگ نے امریکی صدر ٹرمپ سے مطالبہ کیا ہے کہ امریکا اور ایران اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت کی طرف واپس آئیں۔ امریکی صدر ٹرمپ اور چینی صدر شی جن پنگ کی وائٹ ہاؤس میں ملاقات ہوئی۔ وائٹ ہاؤس پہنچنے پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور امریکی خاتونِ اوّل نے صدر شی اور ان کی اہلیہ کا استقبال کیا۔ صدر ٹرمپ سے ملاقات میں چینی صدر نے امید ظاہر کی کہ امریکا اور ایران ایک جامع معاہدے تک پہنچیں گے جس میں ایٹمی معاملہ اور دیگر معاملات کا تصفیہ بھی شامل ہوگا۔ چینی صدر شی جن پنگ نے امریکی صدر ٹرمپ سے مطالبہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 46)

لاہور چیمبر کے انتخابات میں ویژن الائنس کو بھرپور کامیابی پر مبارکباد

تاجروں نے انجم نثار ٹولے کی 40 سالہ مسلط آمریت کو دفن کر دیا، رہنما پی ٹی آئی میاں شاہد حسین

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی بانی رہنما الحاج میاں شاہد حسین نے کہا ہے کہ لاہور چیمبر کے انتخابات میں ویژن الائنس کو بھرپور کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ امید ہے نو منتخب عہدیداران تاجر برادری کے مسائل کے حل کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور کی تاجر برادری نے انجم نثار ٹولے کی لاہور چیمبر پر 40 سالہ مسلط آمریت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 60)

لاہور: چیئرمین پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی شہزادہ اعظم خان پیڈمک بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 177 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر کے قتل کیس میں سزائے موت، عمر قید پانے والا باپ بیٹا بری

ہائیکورٹ نے دونوں ملزمان کو سزا سنانے کا سیشن عدالت چنیوٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے اسسٹنٹ کمشنر جھنگ عمران جعفر کے قتل کیس میں سزائے موت اور عمر قید پانے والے باپ بیٹے کو بری کر دیا، عدالت نے دونوں ملزمان کو سزا سنانے کا سیشن عدالت چنیوٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری اور جسٹس سردار اکبر علی ڈوگر پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ملزمان اصغر علی اور اس کے بیٹے سہیل اصغر کی اپیلیں منظور کرتے ہوئے تحریری فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ استغاثہ کی جانب سے پیش کیے گئے چشم دید گواہوں کی موقع پر موجودگی قابلِ اعتماد شواہد سے ثابت نہیں ہوتی۔ گواہوں کے بیانات اور میڈیکل رپورٹ میں بھی اہم تضادات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 71)

نوکری کا جھانسہ دے کر 13 سالہ نوجوان لڑکی کو جنسی زیادتی کا نشانہ بنا دیا گیا

ملزم نے لڑکی کو زیادہ تنخواہ والی نوکری کا جھانسہ دیا اور ورغلا کر نامعلوم مقام پر واقع گھر میں لے گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں لیاقت آباد میں نوکری کا جھانسہ دے کر 13 سالہ بچی سے زیادتی کے واقعہ پیش آیا ہے، پولیس نے ملوث ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کر لیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اسد علی کے مطابق بچی بہار کالونی میں واقع ایک گھر میں کام کرتی تھی، ملزم نے اسے زیادہ تنخواہ والی نوکری کا جھانسہ دیا اور ورغلا کر نامعلوم مقام پر واقع ایک گھر لے گیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن نے بتایا کہ ملزم نے بچی کو نشہ آور دوا پلا کر زیادتی کا نشانہ بنایا جبکہ اس کی نازیبا ویڈیو بھی بنائی اور ویڈیو کی بابت اسے بلیک میل کرتا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 73)

فیک نیوز نہیں چلے گی، سندھ حکومت کا محکمہ اطلاعات کو مؤثر مانیٹرنگ کا حکم

شرجیل میمن کی زیر صدارت اجلاس، فیک نیوز کی نشاندہی اور تدارک کیلئے این سی سی آئی اے سے معاونت لینے کا فیصلہ

مین اسٹریم اور سوشل میڈیا پر جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے فیک نیوز کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جائے: سینئر وزیر سندھ

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ حکومت نے فیک نیوز اور گمراہ کن اطلاعات کی روک تھام کیلئے محکمہ اطلاعات میں مؤثر مانیٹرنگ نظام وضع کرنے اور نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) سے معاونت لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی زیر صدارت محکمہ اطلاعات کے اہم اجلاس میں سیکریٹری اطلاعات کاشف گلزار شیخ، ڈی جی اطلاعات معز پیرزادہ اور تمام ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔ شرجیل انعام میمن نے ہدایت کی کہ مین اسٹریم اور سوشل میڈیا پر جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے فیک نیوز کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جائے اور جھوٹی و گمراہ کن اطلاعات کی بروقت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 74)

HOME DEPARTMENT

لاہور: محکمہ داخلہ میں کابینہ کمیٹی برائے امن وامان کے 60 ویں اجلاس میں صوبائی وزراء خواجہ سلمان رفیق، بلال یاسین، سید عاشق حسین کرمانی اور بلال احمد اظہار خیال کر رہے ہیں

پشاور میں دہشتگردی کا خدشہ، سول سیکرٹریٹ خالی، ملازمین کو چھٹی دیدی گئی، شہر بھر میں سرکاری عمارتوں، دفاتر اور تنصیبات کی سیکیورٹی بڑھادی ہے، پولیس حکام

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور میں دہشتگردی کے خدشے کے پیش نظر سکیورٹی ہائی الرٹ کردی گئی۔ پشاور پولیس کے مطابق شہر میں دہشتگردی کا خدشہ ہے اور خطرے کے باعث شہر میں سکیورٹی ہائی الرٹ کردی گئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ سکیورٹی خدشات کے باعث سول سیکرٹریٹ خالی کردیا گیا ہے اور سیکرٹریٹ کے تمام ملازمین کو چھٹی دے دی گئی ہے۔ پشاور پولیس کے مطابق شہر بھر میں سرکاری عمارتوں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 40)

سندھ ہائیکورٹ میں ویڈیو ریکارڈنگ اور فوٹوگرافی پر پابندی عائد

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ ہائی کورٹ میں کمرہ عدالت، راہداریوں اور انتظار گاہوں میں ویڈیو ریکارڈنگ اور فوٹوگرافی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 42)

اے این ایف کی ملک بھر میں کارروائیاں، 5 کروڑ روپے سے زائد مالیات کی منشیات برآمد

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس نے کراچی سمیت ملک بھر میں کارروائیوں کے دوران 5 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کرلیں۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 44)

سولر سسٹمز کی مقامی تیاری کے فروغ کے لیے جامع پالیسی تشکیل دی جائے، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان میں سولر سسٹمز کی مقامی تیاری کے فروغ کے لیے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 45)

پیڈمک بورڈ نے 44 ارب روپے کے بجٹ کی منظوری دیدی

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی شہزادہ اعظم خان کی زیر صدارت پیڈمک بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 177 واں اجلاس منعقد کیا گیا۔ بورڈ نے مالی سال 2026/2027 کے لئے 44 ارب روپے کے بجٹ کی منظوری دے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 59)

وزیر پراسیکیوشن پنجاب رانا بلال کا پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کا دورہ، حنا پرویز بٹ سے اہم ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر پراسیکیوشن پنجاب رانا بلال نے پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر پنجاب ویمن (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 69)

لاہور چیمبر انتخابات، ویژن الائنس کا ایسوسی ایٹ کلاس میں کلین سویپ، تمام 15 نشستیں جیت لیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور چیمبر ایسوسی ایٹ کلاس کے الیکشن میں ویژن الائنس کی تاریخی فتح ہوگئی، ویژن الائنس نے ایسوسی ایٹ کلاس کی 15 کی 15 نشستیں جیت لیں۔ ویژن الائنس (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 70)

صوبائی وزیر لیبر وافرادی قوت منشاء اللہ بٹ کا ڈائریکٹوریٹ آف سوشل سیکورٹی ساؤتھ، گلبرگ اور ماڈل ٹاؤن کا دورہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر لیبر و افرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ نے ڈائریکٹوریٹ آف سوشل سکیورٹی ساؤتھ، گلبرگ اور ماڈل ٹاؤن کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران متعلقہ افسران نے صوبائی وزیر کو سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن، ریکوری اہداف، مریم نواز راشن کارڈ اور نئے ورکرز کی سوشل سکیورٹی میں رجسٹریشن کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور محنت کشوں کو سوشل سکیورٹی کے دائرہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 72)

کے الیکٹرک کراچی کے لوگوں کو اجتماعی سزا دے رہی ہے، منعم ظفر خان

آئی پی پیز سنگل یونٹ جنریٹ نہیں کر رہی حکومت انہیں اربوں روپے دے رہی ہے

کراچی (اے ایف پی) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا ہے کہ کے الیکٹرک کراچی کے لوگوں کو اجتماعی سزا دے رہی ہے، 18، 18 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ نے شہریوں کی زندگی ہی اجیرن بنا دی ہے۔ ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے منعم ظفر خان نے کہا کہ دو تین فیصد افراد وہ ہیں جو بجلی کا بل ادا نہیں کر رہے ہیں، کے الیکٹرک کی ذمہ داری ہے کہ انہیں پکڑے، کے الیکٹرک پوری آبادی کی بجلی منقطع کر دیتی ہے۔ منعم ظفر خان نے کہا کہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ سے بچے بوڑھے خواتین (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 36)

ایس آئی ایف سی کی جانب سے ون ونڈو سہولت کاری کا نیا نظام متعارف

ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کے مسائل ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر حل ہوں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیشل انویسٹمنٹ فیسلٹی کونسل (ایس آئی ایف سی) کی جانب سے ون ونڈو سہولت کاری کا نیا نظام متعارف کرایا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایس آئی ایف سی نے سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کی سہولت کاری تیز بنانے کیلئے ڈیجیٹل ٹکٹنگ ہب متعارف کرا دیا، نئے نظام کے ذریعے ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کے مسائل، درخواستوں اور تجاویز کو ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر حل کیا جائے گا۔ ڈیجیٹل ٹکٹنگ ہب کے ذریعے ملکی و غیر ملکی کاروباری افراد معلومات، رہنمائی اور سرکاری رابطے کے لیے آن لائن درخواست جمع کرا سکتے ہیں، درخواست جمع (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 39)

اڈیالہ جیل کے قریب مارچ یا احتجاج کی کوشش نہ کریں، والد کی زندگی کو خطرہ ہوسکتا ہے، قاسم خان

مجھے اپنے ذرائع سے اطلاعات ملی ہیں ایسے کسی اجتماع کو اڈیالہ جیل پر کسی جوابی کارروائی کیلئے جواز کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وزیراعظم اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کے صاحبزادے قاسم خان نے پاکستانی عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اڈیالہ جیل کے قریب مارچ یا احتجاج کرنے کی کوشش نہ کریں۔ قاسم خان نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں عوام سے اپیل کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ مجھے اپنے ذرائع سے اطلاعات ملی ہیں کہ ایسے کسی اجتماع کو اڈیالہ جیل پر کسی جوابی کارروائی کیلئے جواز کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے، جہاں میرے والد زیر حراست ہیں، ایسی کسی بھی صورت حال میں ان کی زندگی کو شدید خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں کہا کہ اس لیے میں سب سے اپیل کرتا ہوں کہ احتیاط اور تحمل کا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 47)

پختونخوا میں گورنر راج کیلئے مشاورت ہوئی ہے، فیصل کریم کنڈی

آپ پولیس کو مراعات نہیں دے سکتے اور اپنا تابع بنانا چاہتے ہیں، پرانے وزیراعلیٰ نے بھی یہی کرنے کی کوشش کی تھی

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبے میں گورنر راج کیلئے مشاورت ہوئی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ سب سے کم تنخواہ خیبر پختونخوا پولیس کے اہلکاروں کی ہے، آپ پولیس کو مراعات نہیں دے سکتے اور اپنا تابع بنانا چاہتے ہیں، پرانے وزیراعلیٰ نے بھی یہی کرنے کی کوشش کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت پولیس کو ٹائیگر فورس بنانا چاہتی ہے، آپ چاہتے ہیں کہ آئی جی، ڈی آئی جیز اور ڈی پی او کی تقرریاں یہ خود کریں، اس قسم کے ایکٹ کے خلاف ہم دیوار بنیں گے، کے پی میں گورنر راج کے لیے مشاورت ہوئی ہے۔ پی ٹی آئی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 51)

لاہور: صوبائی وزیر لیبر محمد منشاء اللہ بٹ ڈائریکٹوریٹ آف پنجاب سوشل سکیورٹی ماڈل ٹاؤن کا دورہ کر رہے ہیں

یونائیٹڈ جرنلسٹس آف پاکستان کی نئی کابینہ تشکیل

میاں آصف علی جنرل سیکرٹری، سلمان فاروق سینئر نائب صدر، شرافت علی عامر وائس چیئرمین، راجہ کوکب سیکرٹری انفارمیشن منتخب

راجہ کوکب افتخار سیکرٹری انفارمیشن کی حیثیت سے تنظیم کے اطلاعاتی و میڈیا رابطہ امور دیکھیں گے

لاہور (راجہ کوکب افتخار) یونائیٹڈ جرنلسٹس آف پاکستان کی نئی کابینہ تشکیل کر دی گئی، رانا خالد قمر چیئرمین، اویس بٹ صدر مقرر، میاں آصف علی جنرل سیکرٹری، سلمان فاروق سینئر نائب صدر، شرافت علی عامر وائس چیئرمین، راجہ کوکب سیکرٹری انفارمیشن منتخب؛ نو منتخب کابینہ اکتوبر 2026 سے اپنی ذمہ داریاں سنبھالے گی صحافتی برادری کے مسائل کو اجاگر کرنے اور تنظیمی سرگرمیوں کو مزید فعال بنانے پر توجہ دی جائے گی تفصیلات کے مطابق یونائیٹڈ جرنلسٹس آف پاکستان کی نئی کابینہ تشکیل دے دی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 58)

ورلڈ بینک وفد کی مشیر وزیراعلیٰ پنجاب علی ڈار سے ملاقات

پنجاب کے اے آئی اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن ایجنڈے پر تبادلۂ خیال

بین الاقوامی اداروں کے ساتھ علم اور تجربات کا تبادلہ پنجاب کے اے آئی ایجنڈے کو مزید مضبوط کرے گا، علی ڈار

لاہور (سٹاف رپورٹر) ورلڈ بینک گروپ کے ریجنل ڈائریکٹر برائے ڈیجیٹل و اے آئی مشیل روگی کی قیادت میں وفد نے آفس آف اے آئی اینڈ اسپیشل انیشیٹوز پنجاب کا دورہ کیا اور مشیر وزیراعلیٰ پنجاب برائے اے آئی وخصوصی اقدامات علی ڈار سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پنجاب کے اے آئی اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن ایجنڈے، عوامی خدمات میں ٹیکنالوجی کے استعمال اور ڈیٹا پر مبنی گورننس کے فروغ پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ علی ڈار نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پنجاب میں جدید ٹیکنالوجی کو بہتر حکمرانی اور عوامی خدمت سے جوڑا جا رہا ہے۔ اے آئی اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی عوامی خدمات کی فراہمی کو مزید مؤثر، تیز اور عوام دوست بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ڈیٹا پر مبنی گورننس کے ذریعے حکومتی فیصلہ سازی کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ اے آئی وژن 2029 پنجاب کے ڈیجیٹل مستقبل اور جدید طرز حکمرانی کا جامع روڈ میپ ہے، جس کے تحت اے آئی کو محض ٹیکنالوجی نہیں بلکہ عملی حکومتی نتائج کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 61)

جنوبی پنجاب میں انفراسٹرکچر کے قیام سے لوگوں کا معیار زندگی بلند ہوگا، ملک صہیب احمد بھرتھ

صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات کی زیر صدارت سی اینڈ ڈبلیو ساؤتھ سکریٹریٹ کی شاہراہوں و بلڈنگز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سی اینڈ ڈبلیو ساؤتھ سیکرٹریٹ کی شاہراہوں اور بلڈنگز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری آفتاب پیرزادہ، چیف انجینئر ہائی وے ساؤتھ، چیف انجینئر بلڈنگز نارتھ اور ایکسیئنز نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کو جنوبی پنجاب میں شاہراہوں اور بلڈنگز کے منصوبوں پر بریفنگ دی گئی۔ صوبائی وزیر نے جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کو مزید مضبوط کرنے کے لیے اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ہائی وے اور بلڈنگز کے افسران و ملازمین کے ایس او پیز اور جے ڈیز کو نئے سرے سے بنانے اور ان کی کارکردگی کو معیار کے مطابق جانچنے کی بھی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ جنوبی پنجاب کے لیے لوکل روڈ پروگرام میں 690 شاہراہوں کو شامل کیا گیا ہے جن میں سے 645 شاہراہوں کو (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 63)

ملکی انشورنس صنعت کے اثاثے 4.1 ٹریلین، پریمیم 778 ارب تک پہنچ گیا

2025ء میں انشورنس کمپنیوں نے 10 لاکھ سے زائد کلیمز ادا کیے، ایس ای سی پی

ایس ای سی پی کے مطابق انشورنس صنعت کا مجموعی پریمیم 15 فیصد اضافے کے بعد 778 ارب روپے ہوگیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) ملکی انشورنس صنعت کے اثاثے 4.1 ٹریلین روپے اور پریمیم 778 ارب تک پہنچ گیا ہے۔ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے انشورنس انڈسٹری کی ڈیٹا رپورٹ جاری کر دی جس کے مطابق 2025ء میں انشورنس کمپنیوں نے 10 لاکھ سے زائد کلیمز ادا کیے۔ واضح رہے کہ انشورنس انڈسٹری کے ادا کیے گئے کلیمز کا ڈیٹا پہلی بار جاری کیا گیا ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق لائف انشورنس سیکٹر میں مجموعی طور پر 410 ارب روپے کے کلیمز ادا کیے گئے جبکہ نان لائف انشورنس (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 66)

قابلِ تجدید توانائی کا فروغ پنجاب حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، فیصل ایوب کھوکھر

سولر انرجی کے ساتھ بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹمز کا فروغ گرڈ کے استحکام کیلئے اہم ہے

صوبائی وزیر توانائی کی تھرڈ انٹرنیشنل سولر پاور کانکلیو اینڈ سولر ٹیکنالوجی ایکسیلینس ایوارڈ کی تقریب میں شیلڈز کی تقسیم

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر توانائی فیصل ایوب کھوکھر نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے تحت پنجاب میں قابلِ تجدید توانائی کے فروغ اور توانائی کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، سولر انرجی پنجاب کے مستقبل کے توانائی نظام کا اہم حصہ ہے اور حکومت سولر پاور کی پیداوار، جدید ٹیکنالوجی، انرجی اسٹوریج اور مؤثر گرڈ انٹیگریشن کے فروغ کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار تھرڈ انٹرنیشنل سولر پاور کانکلیو اینڈ سولر ٹیکنالوجی ایکسیلینس ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر توانائی نے اپنے خطاب میں کہا کہ پنجاب حکومت قابلِ تجدید توانائی کے فروغ کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے۔ سرکاری عمارتوں کی سولرائزیشن، REDSIP، بائیو گیس کے منصوبے اور دیگر قابلِ تجدید توانائی کے اقدامات اسی وژن کا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 68)

ملک کے منتخب اضلاع میں خصوصی انسدادِ پولیو مہم پانچویں روز بھی جاری

اسلام آباد (اے ایف پی): ملک کے منتخب اضلاع میں خصوصی انسدادِ پولیو مہم پانچویں روز بھی جاری ہے۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (این ای او سی) کے مطابق مہم کے پہلے چار روز (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 35)

راولپنڈی، ممکنہ لانگ مارچ کے پیشِ نظر فیض آباد میں ہوٹل اور دکانیں بند کروانے کی ہدایات

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) راولپنڈی میں پاکستان تحریکِ انصاف کے ممکنہ لانگ مارچ کے پیشِ نظر فیض آباد میں تمام (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 37)

چیئرمین سی ڈی اے کا نیشنل پولیس اکیڈمی کا دورہ

تمام کام منظور شدہ ڈیزائن اور تکنیکی تقاضوں کے عین مطابق مکمل کیے جائیں، چیئرمین سی ڈی اے کی ہدایت

جاری ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کی پیش رفت کا جائزہ لیا، ترقیاتی سرگرمیوں کی رفتار برقرار رکھی جائے

تمام منصوبوں پر منظور شدہ منصوبوں کے مطابق مؤثر، شفاف اور بروقت عملدرآمد یقینی بنایا جائے، افسران کو ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے نیشنل پولیس اکیڈمی (این پی اے) اسلام آباد کا دورہ کیا اور سی ڈی اے کے زیرِ انتظام جاری ترقیاتی منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ دورے کا مقصد منصوبے پر کام کی رفتار، تعمیراتی کام کے معیار اور مقررہ معیارات کا جائزہ لینا جبکہ قانون کے مطابق منصوبے کی بروقت اور بلا رکاوٹ تکمیل کے لیے ضروری اقدامات کا تعین کرنا تھا۔ دورے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے نے جاری ترقیاتی منصوبے کا معائنہ کیا اور سائٹ پر کام کی رفتار اور تعمیراتی معیار کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام کام منظور شدہ ڈیزائن اور تکنیکی تقاضوں کے عین مطابق مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تعمیراتی کام (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 38)

آزاد کشمیر میں 20 ارب روپے کے پیکیج اور وزیراعظم کے 100 منصوبوں پر عمل ہوگا، امیر مقام

دھرنوں اور احتجاج سے نقصان عوام کا ہی ہوتا ہے، احتجاج کرنے والے اٹھ جائیں اور نظام کا حصہ بنیں، وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

آزاد کشمیر کا صدر نجیب نقی کو بنایا گیا ہے جن کا تعلق پونچھ ڈویژن سے ہے، پونچھ سے صدر کا انتخاب ہونے سے وہاں ایک مثبت پیغام گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر امورِ کشمیر وگلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ کشمیر کے بارے میں نواز شریف اور مریم نواز کے اعلانات پر عمل ہو گا، 20 ارب (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 48)

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی ورلڈ فارماسسٹ ڈے کے حوالے سے پشاور میں منعقدہ تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

علیمہ خان کیخلاف 26 نومبر کے احتجاج پر درج مقدمے کا فیصلہ مؤخر

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج پر درج مقدمے کا فیصلہ مؤخر کر دیا۔ مقدمے کا فیصلہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 49)

وسائل اور حقوق پر اختیار، ہزارہ کے عوام کا ایک بار پھر صوبہ ہزارہ کے قیام کا مطالبہ

پشاور (بیورو رپورٹ) وسائل اور حقوق پر اختیار کے معاملے پر ہزارہ کے عوام نے ایک بار پھر صوبہ ہزارہ کے قیام کا مطالبہ کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ملک میں نئے صوبوں اور انتظامی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 50)

پنجاب کابینہ کمیٹی برائے امن و امان کا اجلاس، 4 جے آئی ٹیز اور 21 کیسز کے جیل ٹرائلز کی منظوری

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ داخلہ پنجاب میں کابینہ کمیٹی برائے امن وامان کا 60 واں اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق، صوبائی وزیر و کو چیئرمین (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 52)

انہیں خیبر پختونخوا کی نوجوان نسل کی صلاحیتوں پر فخر ہے، فیصل کریم کنڈی

خیبر پختونخوا میں دور دراز علاقوں تک معیاری ادویات کی رسائی یقینی بنانا ضروری ہے

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ انہیں خیبر پختونخوا کی نوجوان نسل کی صلاحیتوں پر فخر ہے، صحت کے شعبے میں فارماسسٹس کی خدمات نہایت اہم اور قابلِ تحسین ہیں، ادویات کے محفوظ اور مؤثر استعمال کو یقینی بنانا فارماسسٹس (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 53)

علیمہ خان، ڈرائیور کی نظر بندی پر سیکرٹری داخلہ سے رپورٹ طلب

ادویات کی عدم فراہمی سے متعلق معاملے پر متفرق درخواست دائر کرنے کی ہدایت

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خانم اور ان کے ڈرائیور کی نظر بندی کے خلاف درخواست پر سیکرٹری داخلہ سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی۔ جسٹس عبہر گل خان نے علیمہ خان کے بیٹے شہریز خان کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 54)

1134 نمبر لینے کے باوجود دوسری پوزیشن نہ ملنے کیخلاف درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے انٹرمیڈیٹ کے آئی سی ایس امتحان میں 1134 نمبر حاصل کرنے کے باوجود دوسری پوزیشن نہ دیے جانے کے خلاف درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت 2 (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 56)

لاہور بورڈ کا انٹرمیڈیٹ رزلٹ کارڈز کی ہارڈ کاپی ختم کرنے کا فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور بورڈ نے انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو کے رزلٹ کارڈز جاری کرنے کا طریقہ تبدیل کر دیا، ہارڈ کاپی جاری (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 57)

کینال روڈ پر ستھرا پنجاب کے چنگ چی اور لوڈر رکشوں پر پابندی کی تجویز

کینال روڈ پر صفائی آپریشن کے لیے چنگ چی اور لوڈر رکشوں کے بجائے دیگر گاڑیاں استعمال کرنے کی درخواست

ماڈل روڈ سمیت کینال روڈ پر دیگر تمام لوڈر اور چنگ چی رکشوں کا داخلہ پہلے ہی بند ہے، ترجمان ٹریفک پولیس

لاور (کورٹ رپورٹر) کینال روڈ پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے سی ٹی او لاہور نے ستھرا پنجاب کے چنگ چی اور لوڈر رکشوں کے استعمال پر پابندی کی تجویز دے دی۔ سی ٹی او لاہور کی جانب سے ستھرا پنجاب انتظامیہ کو مراسلہ ارسال کیا گیا ہے جس میں کینال روڈ پر صفائی آپریشن کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 55)

دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ ایک اور اہم ہدف حاصل، گینی ایریا سے پوزولان میٹریل نکالنے کا آغاز

پوزولان مین ڈیم کی تعمیر پر آر سی سی ورکس کیلئے درکار بنیادی اور اہم میٹریل میں شامل ہے

پوزولان کی پراسیسنگ کے بعد مین ڈیم کی تعمیر کیلئے آر سی سی بچھانے کا باقاعدہ عمل جلد شروع ہوجائے گا

لاہور (سٹاف رپورٹر) دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ پر مین ڈیم کی تعمیر کے لیے ایک اور اہم ہدف حاصل کرلیا گیا۔ دیامر کے علاقے گینی سے مین ڈیم کی تعمیر میں استعمال ہونے والے بنیادی اور اہم پوزولان میٹریل کو نکالنے اور تعمیراتی مقام تک منتقل کرنے کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے، یہ پیش رفت مین ڈیم کی تعمیر کے اگلے مرحلے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ گینی سے حاصل ہونے والا پوزولان میٹریل پراسیسنگ کے بعد مین ڈیم کے رولر کمپیکٹڈ کنکریٹ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 62)

لاہور: مشیر وزیراعلیٰ پنجاب علی ڈار ورلڈ بینک گروپ کے ریجنل ڈائریکٹر مشیل روگی کی قیادت میں وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

محض آڈٹ اعتراض کی بنیاد پر متنازع کسٹمز ڈیوٹی کی ریکوری نہیں کی جاسکتی، لاہور ہائیکورٹ کا تحریری فیصلہ

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ریاض ٹیکسٹائل ملز سے 10 کروڑ 18 لاکھ 83 ہزار 37 روپے کی ریگولیٹری ڈیوٹی کی ریکوری کا نوٹس کالعدم قرار دیتے ہوئے متعلقہ اتھارٹی کو (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 64)

کمشنر پنجاب سوشل سکیورٹی کی زیر صدارت ہیڈ آفس میں اہم جائزہ اجلاس

لاہور (سٹاف رپورٹر) کمشنر پنجاب سوشل سکیورٹی ذوالفقار علی کھرل کی زیر صدارت ہیڈ آفس میں اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں لاہور گلبرگ، ساؤتھ، ماڈل ٹاؤن، سٹی اور شاہدرہ ڈائریکٹوریٹس کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 65)

کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کا کریمنل ریکارڈ چیک کرنے کا فیصلہ

جرائم میں ملوث ڈرائیورز کے لائسنس منسوخ اور گرفتاری بھی عمل میں لائی جائیگی، سی ٹی او

عبدالرحیم شیرازی کے مطابق کریمنل ریکارڈ رکھنے والے ڈرائیورز کے لائسنس منسوخ کیے جائیں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کا کریمنل ریکارڈ چیک کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا، ایل ٹی وی، ایچ ٹی وی اور پی ایس وی لائسنس ہولڈرز کی چھان بین شروع کردی گئی۔ سی ٹی او لاہور عبدالرحیم شیرازی کے مطابق رجسٹرڈ کمرشل گاڑیوں، ہیوی وہیکلز اور بس ڈرائیورز کا کریمنل ریکارڈ چیک کیا جا رہا ہے جبکہ لاری اڈوں سے ڈرائیورز کی تفصیلات بھی حاصل کی جا رہی ہیں۔ سی ٹی او کے مطابق کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کے لائسنسز کے ساتھ سی آر او چیکنگ بھی جاری ہے، جس کے تحت ڈرائیورز کی تفصیلات حاصل کر کے کریمنل ریکارڈ رکھنے والے ڈرائیورز کا ڈیٹا اپڈیٹ کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک متعلقہ ڈرائیور کے خلاف ڈکیتی، چوری اور مہلک حادثات کے 27 مقدمات درج تھے۔ عبدالرحیم شیرازی کے مطابق کریمنل ریکارڈ رکھنے والے ڈرائیورز کے لائسنس منسوخ کیے جائیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 67)

25 ستمبر — فارماسسٹوں کے حقوق کا دن
احتجاج! احتجاج!
فارماسسٹوں کو حقوق دو
25 ستمبر 2026ء
شام 3 بجے
لاہور پریس کلب
7 ہزار بے روزگار فارماسسٹوں کو روزگار دو
100 آسامیاں
TORs
LAHORE PRESS CLUB

لاہور: فارماسسٹ اپنے مطالبات کیلئے مظاہرہ کر رہے ہیں

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com